MMBA221CCT

# انسانی وسائل کے انتظام

ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن-ایم بی اے

دوسالہ پروگرام

دوسرا سمسٹر


مرکز برائے فاصلاتی وآن لائن تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد-32، تلنگانہ، بھارت

Copyright © 2025, Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad
All right reserved. No part of this publication may be reproduced or transmitted in any form or by any means, electronically or mechanically, including photocopying, recording or any information storage or retrieval system, without prior permission in writing form the publisher (registrar@manuu.edu.in)

| | | |
|---|---|---|
| ISBN | : | 978-81-685864-5-1 |
| Course | : | Human Reousrce Management |
| First Edition | : | May 2026 |
| Copies | : | 300 |
| Price | : | 290/- (The price of the book is included in admission fee of distance mode students) |

**Course Coordinator**

Prof. Saneem Fatima, Department of Management & Commerce, MANUU

**Editorial Board/Editors**

Dr. Idress Mohammed Farooqi, Maulana Azad College, Aurangabad

Prof. Saneem Fatima. Department of Management & Commerce, MANUU

Dr. Shaik Kamruddin, Department of Management & Commerce, MANUU

Mr. Mohammad Sirajuddin, MLR Institute of Technology, Hyderabad.

**Production**

| | | |
|---|---|---|
| Prof. Nikhath Jahan, Professor (Urdu), CDOE MANUU | Mr. P Habibulla, Assistant Registrar, Purchase & Stores Section, MANUU | Dr. Mohd Akmal Khan, Assistant Professor (Cont), CDOE MANUU |
| Mohd Abdul Naseer, Section Officer, CDOE MANUU | Shaik Ismail, UDC, CDOE, MANUU | Syed Faheemuddin, LDC, Purchase & Stores Section, MANUU |

On behalf of the Registrar, Published by:

**Centre for Distance and Online Education**

Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad-500032 (TG), India
Director: dir.dde@manuu.edu.in, Publication: ddepublication@manuu.edu.in
Phone No.: 040-23008314, Website: www.manuu.edu.in

CRC prepared by the Ibrahim Akram Siddique

Printed at: Mahesh Hardware, Delhi-32.

## فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| پیغام | | وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی | 4 |
| پیغام | | ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم | 5 |
| کورس کا تعارف | | کورس کوآرڈی نیٹر | 6 |
| **اکائی نمبر** | **اکائی کا نام** | **مصنف** | **صفحہ نمبر** |
| 1۔ | ہیومن ریسورس مینجمنٹ | پروفیسر ثنیم فاطمہ، شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانوی، حیدرآباد | 7 |
| 2۔ | ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے رجحانات اور پالیسیاں | پروفیسر ثنیم فاطمہ، شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 18 |
| 3۔ | HR اکاؤنٹنگ اور آڈٹ | پروفیسر ثنیم فاطمہ، شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 29 |
| 4۔ | انسانی وسائل کی منصوبہ بندی | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 40 |
| 5۔ | بھرتی اور انتخاب | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 56 |
| 6۔ | کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 68 |
| 7۔ | ارکردگی کے جائزے | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 81 |
| 8۔ | تربیت اور ترقی-I | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 94 |
| 9۔ | تربیت اور ترقی-II | ڈاکٹر شیخ قمرالدین شعبۂ مینجمنٹ وکامرس، مانو، حیدرآباد | 108 |
| 10۔ | معاوضہ مینجمنٹ-I | جناب محمد سراج الدین، ایم ایل آر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، حیدرآباد۔ | 119 |
| 11۔ | عاوضہ مینجمنٹ-II | جناب محمد سراج الدین، ایم ایل آر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، حیدرآباد۔ | 133 |
| 12۔ | ملازمین کی علیحدگی اور شکایات کے ازالے کا طریقہ کار | جناب محمد سراج الدین، ایم ایل آر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، حیدرآباد۔ | 149 |
| | **نمونہ امتحانی پرچہ** | | 166 |

# پیغام

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) 1998 میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے ذریعے قائم کی گئی۔ یہ ایک مرکزی جامعہ ہے جس نے این اے اے سی کی جانب سے گریڈ +A حاصل کیا ہے۔ اس جامعہ کے قیام کے مقاصد ہیں: (1) اردو زبان کا فروغ، (2) پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم کو اردو میڈیم میں قابل رسائی اور دستیاب بنانا، (3) روایتی اور فاصلاتی طریقۂ تعلیم کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا، اور (4) خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا۔ یہ وہ نکات ہیں جو اس مرکزی جامعہ کو دیگر تمام مرکزی جامعات سے ممتاز کرتے ہیں اور اسے ایک انفرادیت بخشتے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی مادری زبانوں اور علاقائی زبانوں میں تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا گیا ہے۔

اردو کے ذریعے علم کے فروغ کا مقصد یہی ہے کہ اردو جاننے والے طبقے کے لیے عصری علوم اور مضامین تک رسائی آسان بنائی جائے۔ ایک طویل عرصے تک اردو میں درسی مواد کی کمی رہی ہے۔ اردو یونیورسٹی کے پاس اب اردو میں 350 سے زیادہ کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے اور ہر سمسٹر کے ساتھ اس تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

اردو یونیورسٹی این ای پی 2020 کے وژن کے مطابق مادری/گھریلو زبان میں تعلیمی مواد فراہم کرنے کے قومی مشن کا حصہ بننے کو اپنے لیے ایک اعزاز سمجھتی ہے۔ مزید یہ کہ اردو بولنے والا طبقہ اردو میں مطالعہ کے مواد کی عدم دستیابی کے سبب نئے اُبھرتے شعبوں اور جدید تر معلومات کے موجودہ میدانوں میں تازہ ترین معلومات واطلاعات کے حصول سے محروم نہیں رہے گا۔ مذکورہ بالا میدانوں میں مواد کی دستیابی کی بدولت حصولِ معلومات کا نیا شعور بیدار ہوا ہے جو یقیناً اردو داں طبقے کی دانشورانہ ترقی پر اثرانداز ہوگا۔

فاصلاتی اور آن لائن طلبہ کے لیے تعلیم وتدریس کے عمل کو سہل بنانے کے لیے یونیورسٹی کا سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) اردو اور متعلقہ مضامین میں خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری کو یقینی بناتا ہے۔

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی (MANUU) فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کے لیے SLM بلا معاوضہ فراہم کرتی ہے۔ یہ مواد اُن تمام افراد کے لیے برائے نام قیمت پر دستیاب ہے جو اُردو کے ذریعے انتظام وتجارت (Management and Business Administration) کے میدان میں علم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ تعلیم تک رسائی کے دائرے کو مزید پھیلانے کے مقصد سے، اردو/ہندی/انگریزی/عربی میں eSLM یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب رکھا گیا ہے۔

مجھے بے حد خوشی ہے کہ متعلقہ فیکلٹی کی محنت اور مصنفین کے مکمل تعاون کی بدولت ایم۔بی۔اے (فاصلاتی و آن لائن لرننگ) پروگرام کی کتابوں کی اشاعت کا عمل بڑے پیمانے پر شروع ہو گیا ہے۔ فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کی سہولت کے لیے خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری اور اشاعت کا عمل یونیورسٹی کے لیے نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے خود تعلیمی مواد کے ذریعے اردو جاننے والے ایک بڑے طبقے کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہوں گے، یونیورسٹی کے مقصدِ قیام کو پورا کریں گے، اور اپنے ملک میں اپنی موجودگی کو مزید مضبوط اور بامعنی بنا سکیں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ!

**پروفیسر سید عین الحسن**
شیخ الجامعہ، مانو

# پیغام

موجودہ دور میں فاصلاتی تعلیم کو دنیا بھر میں ایک نہایت مؤثر اور مفید طریقۂ تعلیم کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور بڑی تعداد میں لوگ اس طریقۂ تعلیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بھی اردو زبان بولنے والے عوام کی تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے قیام کے وقت سے ہی فاصلاتی تعلیم کا طریقہ متعارف کرایا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 1998 میں ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن (نظامتِ فاصلاتی تعلیم) کے ساتھ کام کا آغاز کیا اور 2004 سے باقاعدہ پروگرام شروع ہوئے، اس کے بعد مختلف شعبہ جات قائم کیے گئے۔

یو جی سی نے ملک میں نظام تعلیم کو مؤثر طور پر منظم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) موڈ کے تحت چلنے والے مختلف پروگرام، جو سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) میں چل رہے ہیں، یو جی سی-ڈی ای بی کے منظور شدہ ہیں۔ یو جی سی-ڈی ای بی نے فاصلاتی اور باقاعدہ تعلیم کے نصاب کو ہم آہنگ کرنے پر زور دیا ہے تاکہ فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے۔ چونکہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایک دُہرے طرز (ڈوئل موڈ) کی یونیورسٹی ہے جو فاصلاتی اور روایتی دونوں طریقۂ تعلیم کی خدمات فراہم کرتی ہے، اس لیے اپنے مقاصد کو یو جی سی-ڈی ای بی کے رہنما خطوط کے مطابق حاصل کرنے کے لیے اس نے چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم (CBCS) متعارف کرایا گیا اور خود اکتسابی مواد (Self Learning Materials) نئے سرے سے تیار کیے جا رہے ہیں، جو بی۔اے۔ کے پروگراموں کے لیے 6 بلاکس پر مشتمل ہیں جن میں 24 یونٹس شامل ہیں اور ایم۔اے۔ کے پروگراموں کے لیے 4 بلاکس پر مشتمل ہیں جن میں 16 یونٹس شامل ہیں۔ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) کل انیس (19) پروگرام پیش کرتا ہے جن میں یو جی، پی جی، بی ایڈ، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرام شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تکنیکی مہارتوں پر مبنی پروگرام بھی شروع کیے جا رہے ہیں۔ سی ڈی او ای نے جولائی 2025 سے این ای پی-2020 کے مطابق چار سالہ یو جی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ بی اے، بی ایس سی اور بی کام کے آنرز پروگراموں کو این سی ایف کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے جس سے طلبہ کو آنرز ڈگری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ سال 2025-2026 سے ایم بی اے پروگرام او ڈی ایل موڈ میں متعارف کرایا گیا ہے۔

مانو نے طلبہ کی سہولت کے لیے نو ریجنل سنٹرز (بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکاتا، ممبئی، پٹنہ، رانچی اور سری نگر) اور چھ سب ریجنل سنٹرز (حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، وارانسی اور امراؤتی) کا ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ اس کے علاوہ وجے واڑا میں ایک ایکسٹینشن سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ ان ریجنل اور سب ریجنل سنٹروں کے تحت ایک سو ساٹھ سے زیادہ لرنر سپورٹ سنٹر (LSCs) اور بیس پروگرام سنٹر بیک وقت چلائے جا رہے ہیں تاکہ طلبہ کو تعلیمی اور انتظامی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کا بھرپور استعمال کرتا ہے اور اپنے تمام پروگراموں میں صرف آن لائن موڈ کے ذریعے ہی داخلے فراہم کرتا ہے۔ طلبہ کے لیے سیلف لرننگ میٹیریل (SLM) کی سوفٹ کاپیاں سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (Centre for Distance and Online Education) کی ویب سائٹ پر دستیاب کرائی گئی ہیں۔ ساتھ ہی، ایم۔بی۔اے (فاصلاتی و آن لائن لرننگ) پروگرام کے مختلف مضامین سے متعلق آڈیو و ویڈیو لیکچرز کے لنکس بھی ویب سائٹ پر فراہم کیے گئے ہیں۔ طلبہ کی سہولت کے لیے ای۔ میل اور واٹس ایپ گروپ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے، جن کے ذریعے انہیں پروگرام کے مختلف پہلوؤں جیسے کورس رجسٹریشن، اسائنمنٹ، کاؤنسلنگ، امتحانات وغیرہ کے بارے میں بروقت مطلع کیا جاتا ہے۔

باقاعدہ کاؤنسلنگ کے علاوہ، طلبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے زائد تدارک کی (Remedial) آن لائن کاؤنسلنگ کا اہتمام بھی کیا گیا ہے، جو اُن طلبہ کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے جو کسی موضوع میں مزید رہنمائی چاہتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ ایم۔بی۔اے (فاصلاتی و آن لائن لرننگ) پروگرام انتظامیہ اور کاروبار (Management and Business) کی تعلیم کو اُردو کے ذریعے زیادہ قابلِ رسائی اور بامقصد بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا اور مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی معیار کے ساتھ عملی و پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔

**پروفیسر محمد رضا اللہ خان**

ڈائرکٹر، سی ڈی او ای، مانو

# کورس کا تعارف

عزیز طلبا!

MBA کا خود اکتسابی مواد آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ یہ جامع انداز میں تیار کردہ مواد آپ کو خود سے سمجھنے اور سیکھنے میں مددگار ہوگا۔ زیر نظر خود اکتسابی مواد جدید تعلیمی اصولوں اور MBA کے کورس کے تقاضوں اور ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے تاکہ فاصلاتی تعلیم (ODL) سے وابستہ طلبا آسانی سے سمجھ سکیں۔ یہ مواد ایک مؤثر انداز میں اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ نصاب کے مطابق معلومات جامع انداز میں طلبا کو مہیا ہوں گی۔

ہر بلاک میں یونٹ رکھے گئے ہیں تاکہ مرحلہ وار اور وضاحت کے ساتھ مواد پیش ہو۔ موضوعات کو قابل فہم اور بہتر طور پر سمجھنے میں مواد کی ترتیب کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ ہر یونٹ کی ابتدا تمہید سے ہوتی ہے، جس کے بعد اکائی کے مقاصد بیان کر کے اصل موضوع پر بات کی جاتی ہے۔ موضوع کے اختتام کے بعد اکتسابی نتائج میں اکائی کی تمام معلومات کو جامع انداز میں یکجا کیا جاتا ہے تاکہ طلبا اکائی کے مقاصد میں طے شدہ نکات کو سمجھ سکیں۔ اس کے بعد نمونہ امتحانی سوالات میں مختلف قسم کے سوالات سے طلبا خود کا محاسبہ (Self-assessment) کر سکتے ہیں۔

تیار کردہ مواد مختلف مضامین کے امتحانات کی تیاری میں طلبا کے لیے مددگار ہوگا۔ علاوہ ازیں تجارتی میدان میں درکار مہارتوں کو فروغ دینے میں بھی معاون ہوگا۔ ایم بی اے کے دو سالہ پروگرام میں کل چار سمسٹر ہیں۔ یہ زیر نظر پرچہ "انسانی وسائل کے انتظام" پہلے سال کے دوسرے سمسٹر میں شامل ہے۔

یقیناً یہ خود اکتسابی مواد (SLM) تجارتی و کاروباری میدان سے متعلق درکار مہارتوں کے فروغ میں مددگار ہوگا اور ساتھ ہی ساتھ تنقیدی سوچ، خود اعتمادی اور فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں میں مؤثر ہوگا۔

اس خود اکتسابی مواد (SLM) کو تیار کرنے میں اساتذہ اور اس میدان کے ماہرین کی ٹیم نے مدد کی ہے۔ جس کے لیے مرکز برائے فاصلاتی اور آن لائن تعلیم (CDOE) ان کا شکر گزار ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب طلبا و طالبات اور اساتذہ کرام کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

کورس کوآرڈی نیٹر

# اکائی 1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ

(Human Resource Management)

اکائی کے اجزا

1.0 تمہید (Introduction)

1.1 مقاصد (Objectives)

1.2 تصور (Concept)

1.3 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تعریف (Human Resource Management)

1.4 HRMاور عمومی انتظام (Personnel Management VS HRM)

1.5 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی اہمیت (Important of HRM)

1.6 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی خصوصیات (Features of HRM)

1.7 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے افعال(Functions of HRM)

1.8 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کادائرۂ کار(Scope of HRM)

1.9 ایک ایچ آر مینیجر کی خصوصیات(Role of HR Manager)

1.10 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

1.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

---

## 1.0 تمہید (Introduction)

ہیومن ریسورس مینجمنٹ ہیومن ریسورسز مینجمنٹ (ایچ آر ایم) کا تعلق کسی تنظیم میں انسانوں سے ہے۔ یہ ایک نیا فلسفہ، ایک نیا نقطہ نظر، نقطہ نظر اور حکمت عملی کی عکاسی کرتا ہے جو کسی تنظیم کی افرادی قوت کو اپنے وسائل اور اثاثوں کے طور پر دیکھتا ہے نہ کہ محض ہاتھوں یا ذمہ داریوں کے طور پر۔

---

## 1.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے تصور کی وضاحت کر سکیں۔

- پرسنل مینجمنٹ اور HRM کے درمیان فرق کو بیان کر سکیں۔
- ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے مقاصد کو سمجھا سکیں۔
- مینیجر کا کردار HR اور ذمہ داریوں کی نشاندہی کر سکیں۔
- ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے افعال کو بیان کر سکیں۔

## 1.2 تصور (Concept)

عام طور پر انسانی وسائل سے مراد وہ لوگ ہیں اور ان کی وہ خصوصیات ہیں جو قومی سطح پر یا تنظیمی سطح پر کام کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، میگنسن نے انسانی وسائل کی وضاحت اس طرح کی ہے:

قومی نقطۂ نظر سے انسانی وسائل سے مراد آبادی میں موجود حاصل شدہ علم، مہارت، تخلیقی صلاحیت، اہلیت اور رویے ہیں، جبکہ انفرادی کاروباری اداروں کے نقطۂ نظر سے انسانی وسائل ان ملازمین کی مجموعی صلاحیتوں اور مہارتوں کی نمائندگی کرتے ہیں جو ادارے کے مقاصد کے حصول میں کردار ادا کرتے ہیں۔

چونکہ کوئی بھی تنظیم اپنے اہداف کے حصول کے لیے متعدد افعال انجام دیتی ہے، اس لیے اسے مختلف اقسام کے انسانی وسائل درکار ہوتے ہیں۔ ان وسائل کو تنظیم کے مختلف فعالی شعبوں جیسے پیداوار، مارکیٹنگ، فنانس وغیرہ کی بنیاد پر یا تنظیمی درجہ بندی اور ذمہ داری کی سطح کے مطابق تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح انسانی وسائل کو اعلیٰ انتظامیہ، درمیانی انتظامیہ، نگران سطح (Supervisory Management) اور عملی کارکنان (Operatives) میں درجہ بند کیا جا سکتا ہے۔

انسانی وسائل کسی بھی تنظیم کا سب سے اہم اثاثہ ہوتے ہیں کیونکہ یہی وہ عنصر ہے جو دیگر تمام وسائل کو متحرک کرتا ہے۔ تنظیم میں پیداوار، مارکیٹنگ، مالیات اور دیگر فعالی شعبوں میں انجام دی جانے والی تمام سرگرمیاں انسانی وسائل کے ذریعے ہی ممکن ہوتی ہیں۔ جدید تنظیموں میں انسانی وسائل کی اہمیت کو اس تناظر میں دیکھا جاتا ہے کہ یہی وسائل غیر انسانی وسائل کو مؤثر بناتے ہیں، مسابقتی برتری پیدا کرتے ہیں اور تخلیقی توانائی کو جنم دیتے ہیں۔

انسانی وسائل تنظیم کے تمام مادی، مالی اور تکنیکی وسائل کو سنبھالتے اور استعمال میں لاتے ہیں۔ انسانی کوششوں کے بغیر یہ غیر انسانی وسائل بے کار ثابت ہوتے ہیں۔ انتظامی ماہر رینسس لیکرٹ کے مطابق، کسی بھی ادارے کی تمام سرگرمیوں کا آغاز اور ان کا تعین ان افراد کے ذریعے ہوتا ہے جو اس ادارے کا حصہ ہوتے ہیں۔ مشینیں، دفاتر، کمپیوٹرز اور خودکار آلات صرف اسی وقت مؤثر ہوتے ہیں جب انسانی محنت اور انتظام ان کے ساتھ شامل ہو۔

انسانی وسائل کو مسابقتی فوائد کے حصول کے ایک مؤثر ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کم لاگت پر پیداوار، مخصوص صارفین کی ضروریات کے مطابق مصنوعات کی تیاری، اختراعی مارکیٹنگ حکمتِ عملیاں اور وسائل کے مؤثر استعمال جیسے فوائد براہِ راست انسانی وسائل

کی صلاحیتوں سے وابستہ ہوتے ہیں۔ چونکہ یہ تمام عوامل انسانی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہوتے ہیں، اس لیے انسانی وسائل تنظیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

آج کی متحرک اور مسابقتی دنیا میں تخلیقی صلاحیت ہر تنظیم کے لیے ناگزیر ہے۔ تخلیقی سوچ کسی مسئلے کو نئے زاویے سے دیکھنے، اس کا تصور قائم کرنے اور غیر روایتی حل تلاش کرنے کا عمل ہے۔ تنظیم میں موجود افراد ہی تخلیقی صلاحیتوں کا واحد ذریعہ ہوتے ہیں۔ جب افراد کو نئے اور بہتر خیالات پیدا کرنے کے لیے حوصلہ دیا جاتا ہے تو ان کی تخلیقی صلاحیتوں کی کوئی حد باقی نہیں رہتی، اور تنظیم کا کوئی دوسرا وسیلہ اس کا متبادل نہیں بن سکتا۔

## 1.3 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تعریف (Human Resource Management)

انسانی وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے ان کا مناسب اور منظم انتظام ضروری ہے۔ ایک مطالعاتی شعبے کے طور پر ہیومن ریسورس مینجمنٹ اس علم، مہارت اور اہلیت کو فروغ دیتا ہے جس کے ذریعے انسانی وسائل کو زیادہ مؤثر انداز میں منظم کیا جا سکے۔ تنظیم کے مختلف وسائل اپنی نوعیت اور خصوصیات کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، تاہم مقاصد کے حصول کے لیے تمام وسائل کی اہمیت مسلم ہے اور ان کا مؤثر استعمال ناگزیر ہے۔

ہیومن ریسورس مینجمنٹ ایک ایسا عمل ہے جس میں تنظیم کے افراد کو انسانی نقطۂ نظر کے ساتھ منظم کیا جاتا ہے۔ یہ نقطۂ نظر منتظمین کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ افرادی قوت کو محض ایک ذریعہ نہیں بلکہ ایک قیمتی اثاثہ سمجھیں۔ اس کا مقصد نہ صرف تنظیم کے اہداف کا حصول ہے بلکہ ملازمین کی ترقی، پیش رفت اور خود اطمینانی کو بھی یقینی بنانا ہے۔ اس طرح ہیومن ریسورس مینجمنٹ ایک فلاحی اور ترقی پسند نظام ہے جو ایک طرف انسانی وسائل کی نشوونما پر توجہ دیتا ہے اور دوسری طرف لوگوں کے مؤثر انتظام کو ممکن بناتا ہے، تاکہ وہ اپنے کام میں انسانی وقار کے ساتھ شریک رہیں۔

ایچ آر ایم ملازمین کو ان کی صلاحیت، اہلیت، مہارت، حوصلہ افزائی، وابستگی اور تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرتا ہے، تاکہ انہیں محض کارکن نہیں بلکہ قیمتی انسانوں کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ یوں انسانی وسائل کا انتظام بنیادی طور پر انسانوں اور ان کی کارکردگی دونوں سے متعلق ہے۔ درحقیقت، چونکہ تمام انتظامی افعال انسانوں کے ذریعے انجام پاتے ہیں، اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ انتظامیہ کی اصل روح ہی ہیومن ریسورس مینجمنٹ ہے۔

میکرو سطح پر انسانی وسائل کی اصطلاح سے مراد ان تمام افراد میں موجود مہارتوں، صلاحیتوں، علم اور تخلیقی صلاحیتوں کا مجموعہ ہے جو کسی معاشرے کا حصہ ہوتے ہیں، خواہ وہ ملازمت میں ہوں، خود روزگار ہوں، بے روزگار ہوں، آجر ہوں یا کاروباری مالکان۔ اس کے برعکس، تنظیمی یا مائیکرو سطح پر انسانی وسائل کی اصطلاح صرف تنظیموں میں کام کرنے والے ملازمین تک محدود ہوتی ہے۔ تاہم، تنظیمی سطح پر بھی انسانی وسائل میں درجۂ ملازمت کی تمام سطحوں پر موجود افراد شامل ہوتے ہیں، خواہ وہ نچلے درجے کے کارکن ہوں یا اعلیٰ انتظامیہ کا حصہ ہوں۔

تنظیمی انسانی وسائل میں مینجنگ ڈائریکٹر، بورڈ آف ڈائریکٹرز، اعزازی بنیادوں پر خدمات انجام دینے والے افراد، مختلف اداروں سے وابستہ ماہرین، اور بعض صورتوں میں وہ افراد بھی شامل ہو سکتے ہیں (خصوصاً خاندانی اراکین) جو بالواسطہ طور پر تنظیمی فیصلوں اور کارکردگی کو متاثر کرتے ہیں۔ مختصراً، انسانی وسائل میں وہ تمام افراد شامل ہوتے ہیں جو براہِ راست یا بالواسطہ طور پر تنظیمی مقاصد کے حصول میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ انسانی وسائل میں انسانی اقدار، اخلاقیات اور رویے بھی شامل ہوتے ہیں۔

اس طرح انسانی وسائل کی اصطلاح، چاہے اسے اجزائی سطح پر دیکھا جائے، تنظیمی سطح پر یا میکرو سطح پر، محض "اہلکار" کی اصطلاح کے مقابلے میں کہیں زیادہ وسیع مفہوم رکھتی ہے۔ تنظیمی تناظر میں ہیومن ریسورس مینجمنٹ سے مراد تنظیمی درجہ بندی کے تمام درجوں پر، پورے سال کے دوران، ان تمام افراد کے متحرک وسائل کا انتظام ہے جو تنظیم سے براہِ راست یا بالواسطہ طور پر وابستہ ہوتے ہیں۔

ان تبدیلیوں کے پیشِ نظر، حالیہ برسوں میں مختلف جامعات کے شعبۂ تجارت اور اسکول آف مینجمنٹ اسٹڈیز میں "پرسنل مینجمنٹ" کے بجائے اس تعلیمی شعبے کو "ہیومن ریسورس مینجمنٹ" (HRM) کہا جانے لگا ہے۔ یہ منتقلی ابھی ارتقائی مرحلے میں ہے، اسی لیے بعض اوقات "پرسنل" اور "ہیومن ریسورس" کی اصطلاحات ایک دوسرے کے متبادل کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ تاہم، یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ہیومن ریسورس مینجمنٹ محض پرسنل مینجمنٹ کا دوسرا نام نہیں ہے، اگرچہ پرسنل مینجمنٹ اس کا ایک حصہ ضرور ہے۔ درحقیقت HRM ایک مختلف فلسفہ اور نقطۂ نظر کی نمائندگی کرتا ہے۔

---

## 1.4 HRM اور عمومی انتظام (Personnel Management VS HRM)

---

انتظامی عمل بنیادی طور پر لوگوں کے انتظام سے متعلق ہے، اور انسانی وسائل کے مؤثر انتظام کے بغیر انتظامیہ کا تصور ممکن نہیں۔ اس لیے انسانی وسائل کے انتظام کو عمومی انتظام سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ جدید دور میں HRM ایک فعال اور اسٹریٹیجک سرگرمی بن چکا ہے جو نہ صرف تنظیمی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے بلکہ کارکنوں میں خود اعتمادی، وابستگی اور اطمینان کو بھی فروغ دیتا ہے۔

تنظیم کے ساتھ تنظیم کے اندر افراد اور گروہوں کے مؤثر انضمام کو یقینی بنانا ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا ایک اہم مقصد ہے۔ اس کے تحت انفرادی اور گروہی ترقی کے لیے ایسی سہولیات اور مواقع فراہم کیے جاتے ہیں جن کے ذریعے افراد تنظیم کی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکیں۔ اسی طرح تنظیمی اہداف کے حصول کے لیے انسانی وسائل کے مؤثر استعمال کو ممکن بنانا بھی HRM کا بنیادی مقصد ہے۔

ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفرادی اور گروہی ضروریات کی نشاندہی کرتا ہے اور انہیں پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے، جیسے چیلنجنگ کام، وقار، شناخت، سلامتی، حیثیت، مناسب اور منصفانہ اجرت، مراعات، ملازمتی فوائد اور سماجی تحفظ کے اقدامات۔ اس کے علاوہ سازگار کام کے حالات اور سہولیات کو برقرار رکھ کر اور بہتر بنا کر ملازمین کے حوصلے اور انسانی تعلقات کو مستحکم کیا جاتا ہے۔ تربیت اور ترقیاتی پروگراموں کے ذریعے انسانی اثاثوں کو مضبوط بنایا جاتا ہے اور ان کی قدر و اہمیت کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا ایک اور اہم مقصد معاشرتی اور معاشی برائیوں، جیسے بے روزگاری، آمدنی اور دولت کی غیر مساوی تقسیم، کو کم سے کم کرنا اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے معاشرے کی فلاح و بہبود میں اضافہ کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انتظامیہ میں اظہارِ

رائے اور آواز کے مواقع فراہم کرنا، منصفانہ، قابل قبول اور مؤثر قیادت کو فروغ دینا، اور ملازمت کے استحکام کے لیے سازگار اور محفوظ کام کا ماحول پیدا کرنا بھی HRM کے اہم اہداف میں شامل ہے۔ ان تمام مقاصد کے حصول کے لیے انتظامیہ کو مناسب ماحول اور ضروری شرائط فراہم کرنا ہوتی ہیں۔

## 1.5 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی اہمیت (Important of HRM)

انسانی وسائل کسی بھی تنظیم کا سب سے قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ وہ غیر انسانی وسائل کو متحرک کرتے ہیں، مسابقتی برتری پیدا کرتے ہیں اور تخلیقی صلاحیتوں کا سرچشمہ ہوتے ہیں، بشرطیکہ ان کا مؤثر انتظام کیا جائے۔ HRM کی اہمیت کو تین بنیادی تناظرات میں بیان کیا جا سکتا ہے: تنظیمی، معاشرتی اور پیشہ ورانہ۔

**(i) تنظیمی اہمیت:** HRM تنظیمی مقاصد کے حصول میں اس طرح مدد فراہم کرتا ہے:

- انسانی وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے کام کے بارے میں مثبت رویوں کی تشکیل
- اہلکاروں کی تربیت اور ترقی کے ذریعے کام کی ضروریات کو پورا کرنا
- درست افراد کو درست وقت اور درست جگہ پر دستیاب بنانا

**(ii) معاشرتی اہمیت:** چونکہ تنظیم کے افراد معاشرے سے ہی آتے ہیں، اس لیے ان کی فلاح و بہبود معاشرتی ترقی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ خوشحال اور مطمئن کارکن نہ صرف تنظیم بلکہ معاشرے کے لیے بھی مثبت کردار ادا کرتا ہے۔

**(iii) پیشہ ورانہ اہمیت:** HRM افراد کو ترقی کے مواقع فراہم کرتا ہے، ان کے وقار کو برقرار رکھتا ہے، موزوں کام کا ماحول پیدا کرتا ہے اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے۔

## 1.6 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی خصوصیات (Features of HRM)

ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تعریف کی بنیاد پر اس کی درج ذیل اہم خصوصیات بیان کی جاسکتی ہیں:

**انتظامی نظم وضبط کا حصہ**

ہیومن ریسورس مینجمنٹ انتظامی نظم و ضبط کا ایک حصہ ہے۔ یہ بذاتِ خود ایک علیحدہ نظم و ضبط نہیں بلکہ انتظامی علم کا ایک اہم مطالعاتی شعبہ ہے۔ HRM انتظامی تصورات، اصولوں اور تکنیکوں سے استفادہ کرتا ہے اور انہیں انسانی وسائل کے مؤثر انتظام پر لاگو کرتا ہے۔

**ایک عمل کے طور پر**

HRM ایک مسلسل انتظامی عمل ہے جس میں منصوبہ بندی، تنظیم سازی، ہدایت کاری اور کنٹرول جیسے بنیادی انتظامی افعال انسانی وسائل کے شعبوں ـــــ جیسے بھرتی، انتخاب، ترقی، انضمام اور دیکھ بھال ـــــ میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

**ایک مسلسل عمل**

ہیومن ریسورس مینجمنٹ کوئی وقتی سرگرمی نہیں بلکہ ایک مستقل عمل ہے، جسے تسلسل کے ساتھ انجام دینا ضروری ہے۔ انسانی تعلقات کی نگرانی اور ان کی بہتری روزمرہ انتظامی سرگرمیوں کا لازمی حصہ ہے۔

**لوگوں سے متعلق**

HRM تنظیم میں موجود اور ممکنہ دونوں طرح کے افراد سے متعلق ہوتا ہے۔ اس کا دائرہ اعلیٰ انتظامیہ، درمیانی انتظامیہ، نگران عملہ اور عملی کارکنان سب تک پھیلا ہوتا ہے۔

**مقاصد کے حصول کی طرف ہدایت**

HRM تنظیمی مقاصد کے حصول کے لیے انسانی وسائل کے مؤثر استعمال کو ممکن بناتا ہے۔ کسی بھی تنظیم کی کامیابی بڑی حد تک اس کے افراد کے معیار اور ان کی کارکردگی پر منحصر ہوتی ہے۔

**آفاقی اطلاق**

ہیومن ریسورس مینجمنٹ صرف کاروباری اداروں تک محدود نہیں بلکہ تمام منظم سرگرمیوں میں اس کی اہمیت مسلم ہے۔ ہر منتظم کو، خواہ وہ کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتا ہو، انسانی وسائل کے انتظام کی بنیادی سمجھ ہونی چاہیے۔

---

## 1.7 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے افعال (Functions of HRM)

ہیومن ریسورس مینجمنٹ ایک ایسا عمل ہے جو تنظیم کے تناظر میں ایک نظام کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس اعتبار سے HRM تنظیم کے اندر ایک ذیلی نظام ہوتا ہے، تاہم اپنے دائرۂ کار میں یہ بذاتِ خود ایک مکمل نظام ہے۔ HRM کے افعال کو عمومی طور پر دو بڑی اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

(i) انتظامی افعال اور

(ii) آپریٹو افعال

### (i) انتظامی افعال

انتظامی افعال وہ ہیں جو HRM کے آپریٹو افعال کو سمت اور بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

**منصوبہ بندی:** منصوبہ بندی سے مراد اہلکاروں سے متعلق پروگراموں اور مستقبل میں متوقع تبدیلیوں کا تعین ہے جو تنظیمی اہداف کے حصول میں مددگار ہوں۔ اس میں انسانی وسائل کی ضرورت، انتخاب، تربیت اور ترقی کی منصوبہ بندی شامل ہوتی ہے۔

**تنظیم سازی:** تنظیم سازی کا مطلب کام کو مختلف فرائض اور ذمہ داریوں میں تقسیم کرنا، ان فرائض کو عہدوں کی شکل دینا، عہدوں کو محکموں اور حصوں میں منظم کرنا، اور ہر عہدے کو مناسب اختیارات تفویض کرنا ہے تاکہ کام منصوبے کے مطابق انجام دیا جا سکے۔ یہ فنکشن منصوبہ بندی اور عملی نفاذ کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتا ہے۔

**ہدایت کاری:** منصوبہ بندی اور تنظیم سازی کے بعد اگلا مرحلہ منصوبوں پر عمل درآمد ہے۔اس مرحلے میں ملازمین کو متحرک کرنا، رہنمائی فراہم کرنااوران کی کوششوں کو تنظیمی اہداف کی طرف مرکوز کرنا شامل ہے۔مؤثر ہدایت کے ذریعے ملازمین کا رضاکارانہ تعاون حاصل کیاجاتا ہے اور بہتر صنعتی وانسانی تعلقات قائم ہوتے ہیں۔

**کنٹرول:** کنٹرول کا مقصد یہ جانچنا ہے کہ اہلکاروں سے متعلق سرگرمیاں منصوبوں اور ہدایات کے مطابق انجام پا رہی ہیں یا نہیں۔اس میں حقیقی کارکردگی کا منصوبہ شدہ معیار سے موازنہ،انحرافات کی نشاندہی اور ان کی اصلاح شامل ہوتی ہے۔تربیتی پروگراموں کا جائزہ، ملازمین کی نقل و حرکت کے ریکارڈ کا تجزیہ، حوصلہ افزائی کے سروے اور علیحدگی کے انٹرویوز کنٹرول کے اہم ذرائع ہیں۔

(ii) **آپریٹو افعال**

آپریٹو افعال وہ ہیں جو براہِ راست مختلف محکموں اور ان کے مقاصد سے متعلق ہوتے ہیں۔ HRM میں ان افعال کا مقصد یہ یقینی بنانا ہوتا ہے کہ درست افراد درست وقت پر درست جگہ پر دستیاب ہوں۔

**انسانی وسائل کا حصول:** اس فنکشن میں مطلوبہ تعداد اور اقسام کے اہلکاروں کی منصوبہ بندی، بھرتی،انتخاب اور تقرری شامل ہوتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ نئے ملازمین کو تنظیم،ان کی ملازمت، ترقی کے مواقع اور ساتھیوں سے متعارف کرانے کا عمل بھی اسی فنکشن کا حصہ ہے۔

**ترقی:** ترقی کے فنکشن میں افراد کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے تربیت،انتظامی ترقی اور تنظیمی ترقی شامل ہوتی ہے۔اس کا مقصد افراد اور ملازمتوں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنا اور تنظیمی ثقافت وماحول کو مضبوط بنانا ہے۔

**تشخیص اور معاوضہ:** تشخیص کے ذریعے ملازمین کی کارکردگی اور صلاحیت کا اندازہ لگایا جاتا ہے تاکہ مناسب معاوضہ، تربیت اور ترقی کے فیصلے کیے جا سکیں۔معاوضے میں بنیادی اجرت، مراعات اور فوائد شامل ہوتے ہیں تاکہ ملازمین کی کوششوں کو منصفانہ انعامات سے جوڑا جا سکے۔

**انضمام اور بحالی:** اس میں افراد اور تنظیم کے درمیان مفاہمت، حوصلہ افزائی، رابطہ،مشاورت، بااختیار بنانا، شرکت، ترقی یا تنزلی، علیحدگی اور ملازمین کی صحت وتحفظ کا انتظام شامل ہوتا ہے۔

**صنعتی تعلقات:** صنعتی تعلقات کا تعلق انتظامیہ اور کارکنوں کے درمیان خوشگوار اور تعاون پر مبنی تعلقات کے قیام سے ہے۔اس میں نظم وضبط کا انتظام، شکایات کا ازالہ اور تنازعات کا مؤثر حل شامل ہے۔

HRM کے تمام افعال کا تعلق براہِ راست تنظیمی مقاصد سے ہونا چاہیے اور ان کا توازن برقرار رکھنا ضروری ہے تاکہ کسی ایک فنکشن کو دوسروں کی قیمت پر غیر معمولی اہمیت نہ دی جائے۔انسانی وسائل کے محکمے کا کردار عموماً مشاورتی ہوتا ہے۔یہ انتظامیہ کو معلومات، تجاویز اور ماہرانہ رائے فراہم کرتا ہے، جبکہ حتمی فیصلوں کی ذمہ داری لائن مینیجرز پر ہوتی ہے۔اس تناظر میں HR مینیجر کو لائن مینیجرز کے ساتھ قریبی تعاون اور ہم آہنگی کے ذریعے کام کرنا ہوتا ہے تاکہ انسانی وسائل کا مؤثر اور باوقار انتظام ممکن ہو سکے۔

## 1.8 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا دائرۂ کار (Scope of HRM)

ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) کا دائرۂ کار بہت وسیع ہے اور یہ تنظیم کے اندر اور باہر دونوں سطحوں پر انسانی وسائل کے مؤثر انتظام سے متعلق ہے۔ HRM نہ صرف ملازمین کی بھرتی اور انتظام تک محدود ہے بلکہ ان کی مجموعی ترقی، فلاح اور تنظیمی کارکردگی میں شراکت کو بھی محیط ہے۔ HRM کے دائرۂ کار کو درج ذیل نکات کے تحت بیان کیا جاسکتا ہے:

1۔ **مدد کے ذریعے کے طور پر:** بعض حالات میں، خصوصاً جب لائن مینیجرز کو ملازمین کے مسائل اور پریشانیوں سے نمٹنے کے لیے مطلوبہ مہارت یا علم میسر نہ ہو، تو تجربہ کار ایچ آر مینیجرز کو اہلکاروں سے متعلق معاملات میں عملی مدد فراہم کرنا پڑتی ہے۔ تاہم، اگر یہ مدد ''مسلط'' کر کے دی جائے تو بعض لائن مینیجرز اسے اپنی ذمہ داریوں میں مداخلت سمجھ سکتے ہیں۔ اس لیے ایچ آر مینیجر کو چاہیے کہ وہ لائن مینیجرز کا اعتماد حاصل کرے، تاکہ اس کی معاونت کو خطرہ نہیں بلکہ سہارا سمجھا جائے۔ عملاً عملے کی مدد اسی وقت زیادہ مؤثر ہوتی ہے جب وہ ضرورت کے تحت طلب کی جائے، نہ کہ حکم کے طور پر نافذ کی جائے۔

2۔ **تبدیلی کے ایجنٹ کی حیثیت سے:** ایچ آر مینیجر کو ایک مؤثر **تبدیلی ایجنٹ (Change Agent)** کی حیثیت سے بھی کام کرنا چاہیے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ نظمِ انتظام (Management)، عمرانیات (Sociology)، نفسیات (Psychology)، تنظیمی طرزِ عمل (Organizational Behavior) اور تنظیمی ترقی (Organizational Development) جیسے شعبوں کی بنیادی سمجھ رکھتا ہو۔ چونکہ انسانی وسائل کی نشوونما اور تنظیمی بہتری ایک دوسرے سے جڑی ہوتی ہیں، اس لیے ایچ آر مینیجر کو تنظیمی ترقی کے مشیر کی صورت میں لائن مینیجرز کو مناسب معلومات اور سہولتیں فراہم کرنی چاہئیں۔ اس کردار میں وہ خود فیصلے کرنے کے بجائے فیصلہ سازوں کو معلومات، تجزیہ اور مشورہ فراہم کرتا ہے۔

3۔ **کنٹرولر کی حیثیت سے:** یہ بھی حقیقت ہے کہ مؤثر ایچ آر ایگزیکٹو پالیسی سازی میں مشورہ دیتا ہے، پروگراموں کے نفاذ میں مدد کرتا ہے، خدمات فراہم کرتا ہے اور ضرورت کے مطابق نگرانی و کنٹرول کے پہلو کو بھی استعمال کرتا ہے۔ اس مقصد کے لیے کارکردگی کا جائزہ، پالیسی پر عمل درآمد کی جانچ، اور ضروری اصلاحی اقدامات ایچ آر مینجمنٹ کے دائرے میں آتے ہیں۔

**محکمۂ ایچ آر کے اندر ذمہ داریاں**

ایچ آر مینیجر، دیگر مینیجرز کی طرح، اپنے محکمے کے اندر ماتحت عملے کے حوالے سے ایک لائن مینیجر بھی ہوتا ہے۔ وہ اپنے محکمے کی کارکردگی—اور اس کے ذریعے تنظیمی اہداف میں حصے—کے لیے جواب دہ ہوتا ہے۔ عموماً وہ روزگار/بھرتی کے مینیجر، اجرت و تنخواہ کے مینیجر، تربیت و ترقی کے مینیجر، صنعتی تعلقات کے مینیجر وغیرہ کی نگرانی کرتا ہے۔ اسی طرح، ڈویژن اور برانچ کی سطح پر ایچ آر سرگرمیوں کی مجموعی سمت اور ہم آہنگی بھی اس کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

ایک شعبہ جاتی سربراہ کے طور پر ایچ آر مینیجر کو مختلف یونٹس اور لائن مینیجرز کے ساتھ تعاون سے کام کرنا ہوتا ہے، اور محکمۂ ایچ آر کی کامیابی کو اہلکاروں سے متعلق پروگراموں میں اس کے مؤثر کردار اور نتائج کے ذریعے ناپا جانا چاہیے۔

## 1.9 ایک ایچ آر مینیجر کی خصوصیات(Role of HR Manager)

یہ سوال اہم ہے کہ کون سی خصوصیات ایک ایچ آر مینیجر کو کامیاب بناتی ہیں۔ مینیجر کی کامیابی یا ناکامی ایک طرف اس کی ذاتی خصوصیات اور دوسری طرف اس ماحول پر منحصر ہوتی ہے جس میں وہ کام کرتا ہے۔ تاہم، عمومی طور پر ایچ آر مینیجر میں انتظامی خصوصیات اور ملازمت سے متعلق (تکنیکی/پیشہ ورانہ) خصوصیات دونوں کا ہونا ضروری ہے۔

**(الف) انتظامی خصوصیات(Managerial Qualities)**

1۔ **ذہانت(Intelligence)**: ایچ آر مینیجر کو بلند سطح کی ذہانت درکار ہوتی ہے تاکہ وہ حالات کو جلد سمجھ سکے، مسائل کی نوعیت کو پہچان سکے اور موزوں ردِ عمل دے سکے۔ ذہانت کا اظہار مسئلے میں موجود حقائق اور ربط کو سمجھنے کی ذہنی صلاحیت سے ہوتا ہے۔

2۔ **تصوراتی صلاحیت(Conceptual Ability)**: یہ صلاحیت ''کیوں'' اور ''کیسے'' کو سمجھنے سے متعلق ہے۔ یعنی بڑے منظر نامے کو دیکھنے، بنیادی عناصر کی شناخت کرنے اور ان کے باہمی تعلقات کو سمجھنے کی صلاحیت۔ چونکہ ایچ آر مینیجر کو پالیسی، ماڈل سازی اور منصوبہ بندی جیسے تجریدی امور سے واسطہ پڑتا ہے، اس لیے تصوراتی صلاحیت بہت اہم ہے۔

3۔ **تجزیاتی صلاحیت(Analytical Ability)**: ایچ آر مینیجر کو مسئلے کی جڑ تک پہنچنے، کم اہم اور زیادہ اہم عوامل میں فرق کرنے اور درست تشخیص کرنے کے لیے تجزیاتی صلاحیت درکار ہوتی ہے، تاکہ اصل مسئلے پر توجہ مرکوز رہے۔

4۔ **حوصلہ افزائی کی صلاحیت(Motivational Ability)**: ایک کامیاب مینیجر نہ صرف خود متحرک ہوتا ہے بلکہ اپنے ماتحت افراد میں بھی کارکردگی کی تحریک پیدا کرتا ہے۔ چونکہ ملازمین میں کام کرنے کی اندرونی ترغیب موجود ہوتی ہے، ایچ آر مینیجر اس ترغیب کو مثبت سمت دے کر بہتر نتائج حاصل کر سکتا ہے۔

5۔ **جذباتی استحکام(Emotional Stability)**: ایچ آر مینیجر کو جذباتی طور پر متوازن، تعصب سے پاک، فیصلوں میں مستقل مزاج اور رویّوں میں معروضی ہونا چاہیے۔ اسے غصے اور غیر ضروری ردِ عمل سے بچنا چاہیے، اور افراد کا جائزہ حقائق و معلومات کی بنیاد پر لینا چاہیے۔

**(ب) ملازمت سے متعلق خصوصیات(Job-related Qualities)**

1۔ **ہمدردی(Empathy)**: ہمدردی سے مراد دوسرے کے نقطۂ نظر سے صورتحال کو سمجھنے کی صلاحیت ہے۔ ایک کامیاب ایچ آر مینیجر دوسروں کے احساسات، اقدار اور خیالات کو سمجھتا ہے، چاہے وہ ان سے متفق نہ بھی ہو۔

2۔ **ابلاغ اور قائل کرنے کی صلاحیت(Communication & Persuasion)**: ایچ آر مینیجر کو باضابطہ اختیار پر کم اور مؤثر ابلاغ و قائل کرنے کی صلاحیت پر زیادہ انحصار کرنا پڑتا ہے۔ لہٰذا اسے معلوماتی، ترغیبی اور قائل کرنے والے انداز میں گفتگو اور تحریر کی مہارت ہونی چاہیے۔

3۔ **انسانی تعلقات کی مہارت(Human Relations Skill):** ایچ آر مینیجر کو انسانوں سے معاملہ فہمی، رویّوں کی تفہیم اور مختلف حالات میں انسانی ردِ عمل کی سمجھ ہونی چاہیے۔ اسے افراد کی ترقی، ٹیم ورک اور رضاکارانہ تعاون کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔

4۔ **تکنیکی و پیشہ ورانہ فہم(Technical/Professional Knowledge):** ایچ آر مینیجر کو انسانی وسائل کے انتظام کے تصورات، اصولوں اور نظریات کا واضح علم ہونا چاہیے، اور اس سے بڑھ کر یہ صلاحیت بھی کہ وہ متعلقہ تصور کو مخصوص صورتحال پر درست انداز میں لاگو کر سکے۔

## 1.10 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس یونٹ کے مطالعے کے بعد طلبہ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے بنیادی تصور اور اس کی تعریف کو واضح طور پر سمجھ سکیں گے۔ وہ پرسنل مینجمنٹ اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے درمیان بنیادی فرق کی وضاحت کرنے کے قابل ہوں گے اور یہ جان سکیں گے کہ جدید تنظیموں میں HRM کا نقطۂ نظر کیوں زیادہ مؤثر سمجھا جاتا ہے۔ طلبہ HRM کے مقاصد، اہمیت اور خصوصیات کو سمجھتے ہوئے تنظیمی کارکردگی میں انسانی وسائل کے کردار کا تنقیدی تجزیہ کر سکیں گے۔ مزید برآں، وہ HRM کے مختلف افعال، اس کے وسیع دائرۂ کار، اور ہیومن ریسورس مینیجر کے کردار و ذمہ داریوں کی تشریح کرنے کے قابل ہوں گے۔ مجموعی طور پر، یہ یونٹ طلبہ کو انسانی وسائل کے مؤثر انتظام کے نظریاتی فریم ورک سے روشناس کرائے گا اور انہیں تنظیمی سیاق و سباق میں HRM کے اطلاق کی بنیادی صلاحیت فراہم کرے گا۔

## 1.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) سے کیا مراد ہے؟
2۔ انسانی وسائل کی اصطلاح کا کیا مفہوم ہے؟
3۔ HRMاور پرسنل مینجمنٹ میں بنیادی فرق کیا ہے؟
4۔ HRMکا بنیادی مقصد کیا ہے؟
5۔ انسانی وسائل کو تنظیم کا سب سے اہم اثاثہ کیوں کہا جاتا ہے؟
6۔ HRMکا تعلق کن افراد سے ہوتا ہے؟
7۔ HRMکا دائرۂ کار (Scope) سے کیا مراد ہے؟
8۔ ایچ آر مینیجر کا ایک اہم کردار لکھیں۔
9۔ تربیت (Training) HRM کا کون سا فنکشن ہے؟

10۔ صنعتی تعلقات (Industrial Relations) HRM کا حصہ کیوں سمجھے جاتے ہیں؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تعریف کریں اور اس کی دو اہم خصوصیات بیان کریں۔

2۔ پرسنل مینجمنٹ اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے درمیان فرق واضح کریں۔

3۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے مقاصد (Objectives of HRM) بیان کریں۔

4۔ تنظیم کے لیے HRM کی اہمیت (Importance of HRM) پر مختصر نوٹ لکھیں۔

5۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے افعال (Functions of HRM) کی وضاحت کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے تصور (Concept) کی وضاحت کریں اور جدید تنظیموں میں اس کی اہمیت پر بحث کریں۔

2۔ پرسنل مینجمنٹ اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ کا تقابلی مطالعہ کریں۔

3۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے مقاصد اور دائرۂ کار (Objectives and Scope of HRM) تفصیل سے بیان کریں۔

4۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی خصوصیات(Features of HRM) اور افعال(Functions of HRM)پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

5۔ ایک ہیومن ریسورس مینیجر کے کردار (Role of HR Manager) اور ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔

# اکائی 2۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ کے رجحانات اور پالیسیاں

(HRM Trends & Policies)

اکائی کے اجزا

2.0 تمہید (Introduction)

2.1 مقاصد(Objectives)

2.2 انسانی وسائل کے انتظام میں ابھرتے ہوئے رجحانات(Emerging Trends in HRM)

2.3 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تنظیمِ نو(Restructuring of Human Resource Management)

2.4 انسانی وسائل کے انتظام میں ابھرتے ہوئے چیلنجز(Challenges in HRM)

2.5 ہیومن ریسورس پالیسیاں(HR Policies)

2.6 ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم(HRIS) کی تعریف(Definition of HRIS)

2.7 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

2.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

## 2.0 تمہید(Introduction)

کام کی دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ سیاسی، معاشی، معاشرتی اور تکنیکی ماحول بھی بہت تیز اور متاثر کن کاروبار اور انتظامی نظریات کو متاثر کر رہا ہے۔ کاروبار کے ایک اہم جزو کے طور پر، ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) فنکشن کو اس طرح کی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ اسے عالمگیریت، مسابقت، مہارت کی ضروریات کو تبدیل کرنے، کارپوریٹ گھٹاؤ، دوبارہ انجینئرنگ کے مضمرات کو سمجھنا ہوگا اور HRM سسٹم میں مستقل بہتری لانے اور ملازمین کی مصروفیت کو بڑھانے کے لئے جدید طریقوں کے ساتھ آنے کی ضرورت ہے۔

اس باب کا مقصد انسانی وسائل کے انتظام، HR پالیسیاں اور طریقہ کار، ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم (HRIS)، اس کی ضروریات اور استعمال، HR اکاؤنٹنگ کے تصورات، HR آڈٹ، HR مشترکہ خدمات، ان کے مقاصد اور فوائد کے بارے میں ابھرتے ہوئے رجحانات اور چیلنجوں کے بارے میں ایک تفصیلی مختصر فراہم کرنا ہے۔

## 2.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- HRM میں ابھرتے ہوئے رجحانات کی وضاحت کر سکیں۔
- HRM میں چیلنجز کی نشاندہی کر سکیں۔
- HRM پالیسیاں اور طرز عمل سمجھا سکیں۔
- HRIS کے عمل کی وضاحت کر سکیں۔
- HRIS کے فوائد کو بیان کر سکیں۔

## 2.2 انسانی وسائل کے انتظام میں ابھرتے ہوئے رجحانات (Emerging Trends in HRM)

ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) میں ابھرتے ہوئے رجحانات اس انداز کو نمایاں طور پر تبدیل کر رہے ہیں جس کے تحت تنظیمیں باصلاحیت افراد کو راغب کرتی ہیں، ان کی ترقی کرتی ہیں اور انہیں برقرار رکھتی ہیں، نیز اپنی افرادی قوت کو منظم کرتی ہیں۔ یہ رجحانات جدید اور متحرک مقامِ کار میں ملازمین اور آجروں کی بدلتی ہوئی ضروریات اور توقعات کی عکاسی کرتے ہیں۔

ملازمین کی توقعات، افرادی قوت کے آبادیاتی ڈھانچے میں تبدیلی، اور ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کے باعث ہیومن ریسورس مینجمنٹ ایک بنیادی تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہی ہے۔ اس تناظر میں، ہیومن ریسورس مینیجرز کے لیے ضروری ہو گیا ہے کہ وہ مؤثر پروگراموں اور حکمتِ عملیوں کو نافذ کریں تاکہ کام کے بہاؤ، پیداواریت اور مجموعی کارکردگی کو برقرار رکھا جا سکے اور تنظیمیں مسابقتی ماحول میں اپنی جگہ قائم رکھ سکیں۔ HRM میں نمایاں ہونے والے چند اہم رجحانات درج ذیل ہیں:

**ریموٹ اور ہائبرڈ ورکنگ ماڈلز**

کووڈ-19 وبا کے بعد دور دراز (Remote) کام جدید مقامِ کار کی ایک نمایاں خصوصیت بن چکا ہے۔ مستقبل میں بھی اس کے اثرات برقرار رہنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ ریموٹ ورک سے مراد وہ نظام ہے جس میں ملازمین روایتی دفتر کے بجائے اپنے گھروں یا دیگر مقامات سے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں۔ لیپ ٹاپ، اسمارٹ فونز اور انٹرنیٹ جیسی ٹیکنالوجیز نے اس ماڈل کو ممکن بنایا ہے، جس کے ذریعے ملازمین جسمانی فاصلے کے باوجود باہم مربوط اور نتیجہ خیز رہتے ہیں۔ ہائبرڈ ماڈل میں دفتر اور دور دراز دونوں طریقوں کا امتزاج شامل ہوتا ہے۔

### ایچ آر سافٹ ویئر کا استعمال

جدید تنظیمیں فیصلہ سازی کو بہتر بنانے، پیداواریت میں اضافہ کرنے اور انسانی وسائل کے طریقہ کار کو مؤثر بنانے کے لیے ایچ آر سافٹ ویئر کا وسیع پیمانے پر استعمال کر رہی ہیں۔ ایچ آر سافٹ ویئر سے مراد وہ ڈیجیٹل ٹولز اور پلیٹ فارمز ہیں جو بھرتی، انتخاب، حاضری، کارکردگی کے جائزے اور ریکارڈ مینجمنٹ جیسے امور کو خودکار اور منظم بناتے ہیں۔

خصوصاً بھرتی کے عمل میں یہ سافٹ ویئر درخواست دہندگان کی نگرانی، امیدواروں کی اسکریننگ اور ملازمت کی پوسٹنگ جیسے مراحل کو زیادہ مؤثر بناتا ہے، جس سے وقت اور لاگت میں کمی آتی ہے۔

### ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی

ڈیٹا سے چلنے والی فیصلہ سازی ایک اسٹریٹجک نقطۂ نظر ہے جس میں تنظیمی فیصلے حقائق، تجزیے اور ڈیٹا کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں۔ ڈیجیٹل دور میں تنظیموں کو صارفین کے رویّوں، مارکیٹ کے رجحانات اور داخلی کارکردگی سے متعلق بڑی مقدار میں ڈیٹا دستیاب ہوتا ہے۔ اس ڈیٹا کے مؤثر تجزیے کے ذریعے تنظیمیں بہتر اور دانشمندانہ فیصلے کر سکتی ہیں، جو کارکردگی اور مسابقتی برتری میں اضافہ کرتے ہیں۔

### مصنوعی ذہانت اور آٹومیشن

مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اور آٹومیشن جدید ٹیکنالوجیز ہیں جو کاروباری طریقہ کار کو تیزی سے تبدیل کر رہی ہیں۔ انسانی وسائل کے شعبے میں یہ ٹیکنالوجیز ڈیٹا انٹری، دستاویزات کی پروسیسنگ، حاضری کے نظام، اور ابتدائی کسٹمر سپورٹ جیسے معمول کے کاموں کو خودکار بناتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں انسانی کارکن زیادہ تخلیقی اور اسٹریٹجک ذمہ داریوں پر توجہ مرکوز کر سکتے ہیں۔ آٹومیشن اور AI کام کی رفتار بڑھاتی ہیں، غلطیوں کو کم کرتی ہیں اور مجموعی کارکردگی میں بہتری لاتی ہیں۔

### مہارت پر مبنی بھرتی

مہارت پر مبنی بھرتی (Skill-based Hiring) ایک جدید حکمتِ عملی ہے جس میں امیدواروں کا انتخاب ان کی مخصوص مہارتوں اور صلاحیتوں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، نہ کہ صرف تعلیمی اسناد یا طویل تجربے پر۔ اس طریقے میں پہلے اس عہدے کے لیے درکار مہارتوں کی نشاندہی کی جاتی ہے اور پھر ان امیدواروں کو ترجیح دی جاتی ہے جو ان مہارتوں پر پورا اترتے ہوں۔ اس سے تنظیموں کو زیادہ موزوں اور مؤثر افرادی قوت میسر آتی ہے۔

### ریموٹ آن بورڈنگ اور ورچوئل ہائرنگ

ڈیجیٹل تبدیلی اور ریموٹ ورک کے فروغ کے ساتھ ورچوئل ہائرنگ اور ریموٹ آن بورڈنگ عام ہوتی جا رہی ہیں۔ ورچوئل ہائرنگ میں بھرتی کے تمام مراحل—جیسے امیدواروں کی تلاش، انٹرویوز اور ملازمت کی پیشکش—آن لائن انجام دیے جاتے ہیں۔ اسی طرح، ریموٹ آن بورڈنگ میں نئے ملازمین کے لیے آن لائن تعارفی اور تربیتی سیشنز منعقد کیے جاتے ہیں، جن کے ذریعے انہیں تنظیمی ثقافت، پالیسیوں اور ملازمت کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ ویڈیو پریزنٹیشنز، آن لائن ٹریننگ ماڈیولز اور ورچوئل میٹنگز اس عمل کو مؤثر بناتے ہیں اور نئے ملازمین کو ٹیم کے ساتھ جلد ہم آہنگ ہونے میں مدد دیتے ہیں۔

## 2.3 ہیومن ریسورس مینجمنٹ کی تنظیمِ نو

## (Restructuring of Human Resource Management)

بدلتے ہوئے کاروباری ماحول، ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی اور افرادی قوت کی نئی توقعات کے باعث ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) روایتی انتظامی کردار سے نکل کر ایک اسٹریٹجک فنکشن کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ اسی تبدیلی کے عمل کو HRM کی تنظیمِ نو (Restructuring of HRM) کہا جاتا ہے۔ اس کا مقصد HR کے ڈھانچے، پالیسیوں اور طریقہ کار کو اس طرح از سرِ نو ترتیب دینا ہے کہ وہ جدید تنظیمی ضروریات اور مسابقتی تقاضوں سے ہم آہنگ ہو سکیں۔

HRM کی تنظیمِ نو دراصل اس بات کی عکاس ہے کہ تنظیمیں اپنے سب سے قیمتی اثاثے—یعنی انسانی وسائل—کو کس طرح مؤثر، لچکدار اور نتیجہ خیز انداز میں منظم کرنا چاہتی ہیں۔ اس عمل میں روایتی HR طریقوں پر نظرِ ثانی کی جاتی ہے اور نئے ماڈلز، ٹیکنالوجیز اور حکمتِ عملیوں کو اختیار کیا جاتا ہے۔

### ملازم مرکوز HR ماڈلز کی طرف منتقلی

HRM کی تنظیمِ نو کا ایک نمایاں پہلو ملازم مرکوز نقطۂ نظر کا فروغ ہے۔ جدید تنظیمیں اب ملازمین کی فلاح و بہبود، شمولیت اور کیریئر ترقی کو HR حکمتِ عملی کا مرکزی حصہ بنا رہی ہیں۔ ذہنی صحت کے پروگرام، لچکدار اوقاتِ کار، اور ذاتی ترقی کے منصوبے HR پالیسیوں کا حصہ بن چکے ہیں۔ اس تبدیلی کا مقصد ملازمین کی وابستگی، اطمینان اور برقرار رکھنے کی شرح میں اضافہ کرنا ہے۔

### HR ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹلائزیشن

HRM کی تنظیمِ نو میں ٹیکنالوجی کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ ایچ آر انفارمیشن سسٹمز، مصنوعی ذہانت، اور ڈیٹا اینالیٹکس کے ذریعے بھرتی، تربیت، کارکردگی کے جائزے اور افرادی قوت کی منصوبہ بندی کو زیادہ مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ڈیجیٹل HR نہ صرف انتظامی بوجھ کم کرتا ہے بلکہ اسٹریٹجک فیصلہ سازی کے لیے قابلِ اعتماد ڈیٹا بھی فراہم کرتا ہے۔

### ہائبرڈ اور لچکدار ورک ماڈلز

دور دراز اور ہائبرڈ کام کے نظام نے HRM کے ڈھانچے کو از سرِ نو ترتیب دینے پر مجبور کیا ہے۔ HR پالیسیاں اب ورچوئل آن بورڈنگ، ڈیجیٹل تعاون، اور آن لائن کارکردگی کے جائزے پر مبنی ہو رہی ہیں۔ اس کا مقصد دفتر اور دور دراز دونوں ماحول میں کام کرنے والے ملازمین کے لیے مساوی مواقع اور تجربات فراہم کرنا ہے۔

### تنوع، مساوات اور شمولیت (DEI) کا ادغام

HRM کی تنظیمِ نو میں تنوع، مساوات اور شمولیت کو مرکزی مقام دیا جا رہا ہے۔ تنظیمیں بھرتی، ترقی اور قیادت کے عمل میں مساوی مواقع کو فروغ دے رہی ہیں تاکہ ایک جامع اور منصفانہ مقامِ کار قائم کی جا سکے۔ یہ نہ صرف اخلاقی تقاضا ہے بلکہ تنظیمی کارکردگی اور جدت کے لیے بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

**فرتیلی افرادی قوت کی منصوبہ بندی**

تنظیمِ نو کا ایک اہم جزو فرتیلی (Agile) افرادی قوت کی منصوبہ بندی ہے۔اس میں مہارتوں کی از سرِ نو تشکیل، کنٹریکٹ اور ہنگامی افرادی قوت کا استعمال، اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق تربیتی پروگرام شامل ہیں۔اس طریقے سے تنظیمیں بدلتے ہوئے بازار کے تقاضوں کے مطابق تیزی سے ردِ عمل دے سکتی ہیں۔

**استحکام اور کارپوریٹ سماجی ذمہ داری**

جدید HRM کی تنظیمِ نو میں استحکام اور سماجی ذمہ داری کو بھی شامل کیا جا رہا ہے۔ماحول دوست پالیسیاں، اخلاقی مزدوری کے اصول، اور سماجی فلاحی اقدامات HR پالیسیوں کا حصہ بن چکے ہیں، جو تنظیم کی ساکھ اور ملازمین کے مقصد سے وابستگی کو مضبوط بناتے ہیں۔

**اپ اسکلنگ اور ری اسکلنگ**

HRM کی تنظیمِ نو کا ایک اہم ستون اپ اسکلنگ اور ری اسکلنگ ہے۔ ٹیکنالوجی اور مارکیٹ میں تبدیلیوں کے پیش نظر ملازمین کی مسلسل تربیت ناگزیر ہو چکی ہے۔ جدید تنظیمیں آن لائن لرننگ پلیٹ فارمز، مائیکرو لرننگ اور کراس فنکشنل تربیت کے ذریعے اپنی افرادی قوت کو مستقبل کے لیے تیار کر رہی ہیں۔

مختصراً، HRM Restructuringایک مسلسل اور اسٹریٹجک عمل ہے جس کے ذریعے انسانی وسائل کے انتظام کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا جاتا ہے۔ یہ عمل تنظیموں کو زیادہ لچکدار، مسابقتی اور انسان دوست بناتا ہے، اور طویل مدتی کامیابی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

---

## 2.4 انسانی وسائل کے انتظام میں ابھرتے ہوئے چیلنجز(Challenges in HRM)

---

بیسویں صدی کی آخری دہائی نے دنیا بھر میں کاروباری انتظام کے طریقوں میں انقلابی تبدیلیاں متعارف کروائیں، اور ہندوستان بھی اس عمل سے مستثنیٰ نہیں رہا۔ ان تبدیلیوں نے تنظیموں کو نئی حکمتِ عملیوں کو اختیار کرنے پر مجبور کیا اور ہیومن ریسورس مینجمنٹ (HRM) کے سامنے متعدد نئے چیلنجز پیدا کیے۔ چونکہ HRM مقامِ کار پر افراد کے نظم و نسق کا مرکزی ذریعہ ہے، اس لیے تنظیموں کے لیے ان چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کرنا ناگزیر ہو گیا ہے تاکہ وہ اپنے مقاصد حاصل کر سکیں۔ عالمی اور قومی سطح پر ابھرنے والے درج ذیل عوامل انسانی وسائل کے انتظام پر گہرے اثرات مرتب کر رہے ہیں:

- **معیشت کی عالمگیریت:** عالمگیریت سے مراد عالمی منڈیوں، تجارت، سیاست اور قانونی نظاموں کا بین الاقوامی سطح پر باہم مربوط ہونا ہے۔ کاروبار کی بڑھتی ہوئی بین الاقوامی نوعیت نے HRM کے لیے نئے مسائل پیدا کیے ہیں، جیسے مختلف ثقافتوں، رویّوں، انتظامی انداز، کام کی اخلاقیات، زبانوں اور قانونی نظاموں سے نمٹنا۔ اس تناظر میں HR مینیجرز کے لیے متنوع اور پیچیدہ حالات کو مؤثر انداز میں سنبھالنا ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔

- **کارپوریٹ تنظیمِ نو:** کارپوریٹ تنظیم نو جدید کاروباری حکمتِ عملی کا ایک اہم جزو ہے، جس کا مقصد تنظیمی کارکردگی میں بہتری، مالی مشکلات پر قابو پانا، اور بدلتے ہوئے مارکیٹ حالات سے ہم آہنگ ہونا ہے۔ تنظیمِ نو میں مختلف اقدامات شامل ہو سکتے ہیں، جیسے انضمام و حصول(Mergers & Acquisitions) ، تنظیمی ڈھانچے کی تبدیلی، آپریشنل اصلاحات اور مالی تنظیمِ نو۔ یہ تمام اقدامات HRM کے لیے افرادی قوت کے نظم و نسق، ملازمین کے حوصلے اور کام کی سلامتی سے متعلق نئے چیلنجز پیدا کرتے ہی
- **سیاسی اور قانونی ماحول میں تبدیلیاں:** سیاسی اور قانونی ماحول میں تبدیلیاں نئے قوانین اور ضوابط کے نفاذ کا باعث بنتی ہیں، جن پر تنظیموں کے لیے عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ انسانی وسائل کے مینیجرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان تبدیلیوں کا بروقت اندازہ لگائیں اور تنظیم کو اس قابل بنائیں کہ وہ قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اپنے روزمرہ کے کاموں میں خلل کے بغیر آگے بڑھ سکے۔
- **تکنیکی ترقی اور ملازمت کے پروفائلز میں تبدیلی:** تیز رفتار تکنیکی ترقی نے کام کی نوعیت کو نمایاں طور پر متاثر کیا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی نے کم مہارت والی ملازمتوں میں کمی اور زیادہ مہارت والی ملازمتوں میں اضافے کا رجحان پیدا کیا ہے۔ اس کے نتیجے میں بعض اوقات بے روزگاری اور مہارت کے فرق (Skill Gap) جیسے مسائل جنم لیتے ہیں۔ نئی ٹیکنالوجی کو اپنانا HRM کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے کیونکہ اس کے لیے مسلسل تربیت، اپ اسکلنگ اور ری اسکلنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- **افرادی قوت کا تنوع:** جدید تنظیموں کی کامیابی اس بات پر منحصر ہے کہ وہ متنوع افرادی قوت کو کس حد تک مؤثر انداز میں منظم کر سکتی ہیں۔ مختلف ثقافتی پس منظر، صنف، عمر، اور طرزِ زندگی رکھنے والے افراد تنظیم کے لیے نئے خیالات اور نقطہ نظر لا سکتے ہیں۔ اگر تنظیمیں تنوع کو مثبت انداز میں استعمال کریں تو یہ ایک اسٹریٹجک اثاثہ بن سکتا ہے۔

خصوصاً ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیے، جو مختلف ممالک میں کام کرتی ہیں، تنوع کے انتظام کا چیلنج زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ ایسے حالات میں HR مینیجرز کے لیے "عالمی سطح پر سوچنا اور مقامی سطح پر عمل کرنا (Think Global, Act Local) کا اصول اختیار کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔

- **علم کے انتظام پر زور:** نئی مصنوعات اور جدید ٹیکنالوجیز کے باعث تنظیموں کو زیادہ ہنر مند اور باعلم ملازمین کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک طرف تربیت کے اخراجات کم رکھنے کا دباؤ ہوتا ہے، جبکہ دوسری طرف ملازمین کی مہارتوں کو مسلسل بہتر بنانا بھی ضروری ہوتا ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے بہت سی تنظیمیں آن دی جاب ٹریننگ، ای لرننگ، اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے مہارت کی ترقی کے مواقع فراہم کر رہی ہیں، تاکہ وقت اور لاگت دونوں کی بچت ہو سکے۔

## 2.5 ہیومن ریسورس پالیسیاں(HP Policies)

ہندوستان میں روزگار کے تعلقات اور انسانی وسائل کے طریقہ کار کو منظم کرنے کے لیے ایک مضبوط قانونی فریم ورک موجود ہے۔ روزگار کے رشتے پر حکمرانی کرنے والی بنیادی قانون سازی صنعتی روزگار (اسٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ، 1946 ہے۔ اس کے علاوہ دکانیں اور ادارے ایکٹ تجارتی اداروں میں کام کے حالات، اوقاتِ کار اور تعطیلات کو منظم کرتا ہے۔

ہندوستانی مزدور قوانین کم از کم اجرت، اوقاتِ کار، برطرفی کے طریقہ کار، سماجی تحفظ اور ملازمتی فوائد جیسے وسیع پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہیں۔ منصفانہ اور اخلاقی کام کے ماحول کو یقینی بنانے کے لیے تنظیموں کے لیے ان قوانین کی تعمیل ناگزیر ہے۔

ہیومن ریسورس پالیسیاں دراصل وہ تحریری رہنما اصول ہیں جو تنظیم کے اندر انسانی وسائل کے انتظام کے لیے ایک واضح فریم ورک فراہم کرتی ہیں۔ ذیل میں اہم HR پالیسیوں کی وضاحت کی جارہی ہے:

- **ضابطہ اخلاق اور اخلاقیات**(Code of Conduct & Ethics): یہ پالیسی مقامِ کار پر متوقع طرزِ عمل کے معیارات متعین کرتی ہے۔ اس میں ایمانداری، دیانت، احترام، پیشہ ورانہ رویہ اور رازداری جیسے اصول شامل ہوتے ہیں۔ یہ پالیسی مثبت تنظیمی ثقافت کے فروغ میں مدد دیتی ہے اور ضابطے کی خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کارروائی، حتیٰ کہ برطرفی، کے طریقہ کار کو بھی واضح کرتی ہے۔
- **مساوی مواقع اور تنوع**(Equal Opportunity & Diversity): یہ پالیسی انصاف اور شمولیت کو فروغ دیتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ صنف، مذہب، ذات، نسل یا کسی بھی ذاتی خصوصیت کی بنیاد پر امتیاز نہ کیا جائے۔ اس کا مقصد مقامِ کار پر تنوع کو فروغ دینا ہے، کیونکہ متنوع افرادی قوت مختلف نقطۂ نظر اور تخلیقی خیالات کو جنم دیتی ہے۔
- **معاوضہ اور فوائد**(Compensation & Benefits): اس پالیسی میں ملازمین کے معاوضے کا ڈھانچہ واضح کیا جاتا ہے، جس میں تنخواہ، بونس، مراعات اور دیگر مالی فوائد شامل ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ صحت انشورنس، ریٹائرمنٹ پلانز اور دیگر فلاحی سہولیات سے متعلق حقوق کی وضاحت بھی کی جاتی ہے، تاکہ ملازمین کو منصفانہ اور شفاف نظام فراہم کیا جاسکے
- **رخصت کی پالیسیاں**(Leave Policies): یہ پالیسی ملازمین کے لیے دستیاب مختلف اقسام کی رخصتوں۔ جیسے بیماری کی رخصت، سالانہ چھٹی، زچگی یا والدین کی رخصت۔ کی وضاحت کرتی ہے۔ اس میں رخصت کے لیے درخواست دینے کا طریقہ، منظوری کے اصول اور مطلوبہ دستاویزات شامل ہوتی ہیں۔ واضح رخصتی پالیسیاں کام اور ذاتی زندگی کے توازن کو برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔
- **کارکردگی کا انتظام**(Performance Management): یہ پالیسی ملازمین کی کارکردگی کے جائزے کے طریقہ کار اور معیار متعین کرتی ہے۔ اس میں اہداف کا تعین، باقاعدہ کارکردگی جائزے، فیڈبیک کے طریقے اور اعلیٰ کارکردگی پر انعامات شامل ہوتے ہیں۔ اس پالیسی کا مقصد مسلسل بہتری اور پیشہ ورانہ ترقی کو فروغ دینا ہے۔
- **ملازمین کی شکایات کا ازالہ**(Grievance Redressal): یہ پالیسی ملازمین کو اپنے مسائل، خدشات یا شکایات پیش کرنے کے لیے ایک باضابطہ اور شفاف طریقہ فراہم کرتی ہے۔ اس سے یہ یقینی بنتا ہے کہ شکایات کو منصفانہ انداز میں حل کیا جائے اور مقامِ کار پر تنازعات کے بڑھنے سے پہلے ان کا تدارک ہوسکے۔
- **صحت اور حفاظت**(Health & Safety): یہ پالیسی محفوظ اور صحت مند کام کے ماحول کے قیام پر مرکوز ہوتی ہے۔ اس میں حفاظتی اقدامات، ہنگامی حالات سے نمٹنے کے طریقہ کار اور حادثات کی روک تھام کے رہنما اصول شامل ہوتے ہیں۔ پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے قوانین کی تعمیل اس پالیسی کا بنیادی مقصد ہے۔

- **برطرفی اور استعفیٰ (Termination & Resignation)**: یہ پالیسی ملازمت کے تعلقات کے خاتمے سے متعلق طریقہ کار کی وضاحت کرتی ہے، جیسے نوٹس کی مدت، استعفیٰ کا عمل، خارجی انٹرویوز اور ملازمین کی بعد از ملازمت ذمہ داریاں۔ واضح پالیسیاں برطرفی یا استعفیٰ کے عمل کو منظم اور شفاف بناتی ہیں۔
- **جنسی ہراسانی کی روک تھام (Prevention of Sexual Harassment)**: یہ پالیسی مقام کار پر جنسی ہراسانی کو روکنے اور اس سے نمٹنے کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ یہ متعلقہ قوانین کی تعمیل کو یقینی بناتی ہے اور شکایات کی رپورٹنگ، جانچ اور کارروائی کے واضح طریقہ کار فراہم کرتی ہے۔اس میں صفر برداشت (Zero Tolerance) کے اصول پر زور دیا جاتا ہے۔
- **ریموٹ ورک پالیسی (Remote Work Policy)**: دور دراز کام کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر یہ پالیسی ٹیلی ورک اور ریموٹ ورک کے انتظامات کی وضاحت کرتی ہے۔ اس میں ملازمین کی ذمہ داریاں، ابلاغ کے اصول، ڈیٹا سیکیورٹی اور کارکردگی کے معیارات شامل ہوتے ہیں، تاکہ لچک اور پیداواریت کے درمیان توازن قائم رہے۔

یہ تمام پالیسیاں مل کر ایک منظم، قانونی تقاضوں سے ہم آہنگ اور مؤثر انسانی وسائل کے فریم ورک کی بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ مؤثر HR پالیسیاں نہ صرف تنظیمی نظم و ضبط اور شفافیت کو فروغ دیتی ہیں بلکہ مقام کار پر مثبت ثقافت اور ملازمین کے اطمینان میں بھی نمایاں اضافہ کرتی ہیں۔

## 2.6 ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم (HRIS) کی تعریف (Definition of HRIS)

ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم (Human Resource Information System–HRIS) ایک مربوط اور کمپیوٹرائزڈ نظام ہے جو کسی تنظیم کے انسانی وسائل سے متعلق معلومات کو جمع کرنے، محفوظ کرنے، برقرار رکھنے اور تجزیہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

یہ نظام انسانی وسائل کے انتظام میں فیصلہ سازی کے لیے ایک مؤثر Decision Support System کے طور پر کام کرتا ہے اور مینیجرز کو بھرتی، ترقی، اجرت کے تعین، تربیت، کارکردگی کے جائزے اور ترقی جیسے امور میں مدد فراہم کرتا ہے۔

HRIS میں ملازمین سے متعلق مختلف اقسام کی معلومات شامل ہوتی ہیں، جیسے:

- ذاتی معلومات
- مہارتیں، قابلیتیں اور صلاحیتیں
- ملازمت کی نوعیت اور عہدے
- اجرت اور مراعات
- کارکردگی اور حاضری
- تنظیمی پالیسیاں اور طریقہ کار

## HRIS کے استعمالات (Uses of HRIS)

HRIS انسانی وسائل کے انتظام کے مختلف شعبوں میں وسیع پیمانے پر استعمال ہوتا ہے، جن میں درج ذیل اہم ہیں:

- ملازمین کے ریکارڈ کو برقرار رکھنا اور اپ ڈیٹ کرنا
- پے رول اور فوائد (Benefits) کا انتظام
- حاضری اور چھٹیوں کا ریکارڈ
- کارکردگی کے جائزے اور تشخیص
- بھرتی اور انتخاب کے عمل کی معاونت
- تربیت اور ترقی سے متعلق معلومات کا انتظام
- قانونی اور سرکاری رپورٹنگ میں معاونت

HRIS کے ذریعے ملازمین، مینیجرز اور HR پیشہ ور افراد بروقت اور درست معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جس سے انتظامی کارکردگی میں اضافہ ہوتا ہے۔

## HRIS کی ضرورت (Need for HRIS)

HRIS کی ضرورت اس حقیقت سے پیدا ہوتی ہے کہ جدید تنظیموں میں انسانی وسائل سے متعلق سرگرمیاں نہایت وسیع، پیچیدہ اور وقت طلب ہو چکی ہیں۔ دستی نظام نہ صرف سست اور مہنگا ہوتا ہے بلکہ غلطیوں کے امکانات بھی بڑھا دیتا ہے۔ HRIS درج ذیل وجوہات کی بنا پر ناگزیر بن چکا ہے:

(i) **متعدد HR افعال کا مؤثر انتظام:** HRIS مختلف HR سرگرمیوں — جیسے بھرتی، پے رول، کارکردگی، اور تربیت — کو ایک ہی نظام کے تحت منظم کرتا ہے، جس سے وقت اور وسائل کی بچت ہوتی ہے۔

(ii) **شفافیت اور درستگی:** HRIS ایک مرکزی ڈیٹا بیس فراہم کرتا ہے جس سے تمام اسٹیک ہولڈرز کو یکساں، درست اور تازہ معلومات دستیاب ہوتی ہیں، اور ابہام یا تضاد سے بچاؤ ہوتا ہے۔

(iii) **آٹومیشن کے ذریعے کام کی آسانی:** HRIS بار بار انجام دیے جانے والے کاموں کو خودکار بنا کر انسانی محنت کو کم کرتا ہے اور HR مینیجرز کو اسٹریٹجک سرگرمیوں پر توجہ دینے کا موقع دیتا ہے۔

(iv) **قانونی تعمیل (Compliance):** HRIS تنظیموں کو مزدور قوانین اور سرکاری ضوابط کی تعمیل میں مدد فراہم کرتا ہے، جیسے پے رول رپورٹنگ، روزگار کی مساوات (Employment Equity) اور دیگر قانونی تقاضے۔

## HRIS کے فوائد (Advantages of HRIS)

HRIS تنظیم کے لیے متعدد فوائد فراہم کرتا ہے، جن میں اہم درج ذیل ہیں:

- کاغذی کارروائی اور دستی ریکارڈ میں نمایاں کمی

- معلومات تک تیز، آسان اور درست رسائی
- ڈیٹا کی بہتر حفاظت اور سالمیت (Data Security & Integrity)
- انتظامی اخراجات میں کمی
- فیصلہ سازی کے معیار میں بہتری
- انسانی وسائل کی منصوبہ بندی اور پیش گوئی میں سہولت
- نالج مینجمنٹ اور مہارت کی ترقی میں معاونت
- HR سرگرمیوں اور تنظیمی حکمتِ عملی کے درمیان بہتر ہم آہنگی

HRIS کے ذریعے حاصل کردہ معلومات مینیجرز کو افرادی قوت کی ضروریات، مہارت کے فرق، ترقی کے مواقع اور مستقبل کی منصوبہ بندی میں مؤثر فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

مختصراً، ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم جدید انسانی وسائل کے انتظام کا ایک لازمی جزو بن چکا ہے۔ یہ نہ صرف HR کے روزمرہ کاموں کو مؤثر بناتا ہے بلکہ تنظیم کو اسٹریٹیجک سطح پر بہتر فیصلے کرنے کے قابل بھی بناتا ہے۔ مؤثر HRIS کے بغیر جدید اور بڑی تنظیموں میں انسانی وسائل کا مؤثر انتظام ممکن نہیں رہا۔

## 2.7 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس یونٹ کے مطالعے کے بعد طلبہ ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ابھرتے ہوئے رجحانات اور HRM کی تنظیمِ نو کے اسباب اور نوعیت کو سمجھ سکیں گے۔ وہ بدلتے ہوئے کاروباری، تکنیکی اور قانونی ماحول کے تناظر میں HRM کو درپیش اہم چیلنجز کی وضاحت کرنے کے قابل ہوں گے۔ طلبہ HR پالیسیوں اور طریقہ کار کی اہمیت کو جانتے ہوئے یہ سمجھ سکیں گے کہ یہ پالیسیاں تنظیمی نظم و ضبط، انصاف اور ملازمین کی فلاح کو کس طرح یقینی بناتی ہیں۔ مزید برآں، وہ ہیومن ریسورس انفارمیشن سسٹم (HRIS) کے تصور، اس کے استعمالات، ضرورت اور فوائد کی تشریح کر سکیں گے اور یہ واضح کر پائیں گے کہ HRIS جدید تنظیموں میں فیصلہ سازی اور اسٹریٹیجک HRM کو کس طرح مؤثر بناتا ہے۔

## 2.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ابھرتے ہوئے رجحانات سے کیا مراد ہے؟

2۔ HRM کی تنظیمِ نو (Restructuring) کا ایک مقصد لکھیں۔

3۔ HRM کو درپیش کسی ایک بڑے چیلنج کا نام بتائیں۔

4۔ HR پالیسی سے کیا مراد ہے؟

5۔ HR Practices کا ایک فائدہ لکھیں۔

6۔ HRIS کی مکمل شکل کیا ہے؟

7۔ HRIS کو Decision Support System کیوں کہا جاتا ہے؟

8۔ عالمگیریت HRM پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہے؟

9۔ کارکردگی کے انتظام (Performance Management) کا تعلق کس HR پالیسی سے ہے؟

10۔ HRIS کا ایک استعمال لکھیں۔

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ابھرتے ہوئے رجحانات کی وضاحت کریں۔

2۔ HRM کی تنظیمِ نو کے اسباب اور اہمیت بیان کریں۔

3۔ انسانی وسائل کے انتظام کو درپیش اہم چیلنجز کی وضاحت کریں۔

4۔ HR پالیسیاں اور طریقۂ کار (HR Policies and Practices) کیا ہیں؟ ان کی اہمیت بیان کریں۔

5۔ HRIS کی تعریف کریں اور اس کی ضرورت (Need for HRIS) واضح کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1۔ ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ابھرتے ہوئے رجحانات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

2۔ HRM کی تنظیمِ نو (Restructuring of HRM) کے تصور، وجوہات اور اثرات پر بحث کریں۔

3۔ HRM کو درپیش مختلف چیلنجز کی وضاحت کریں اور ان کے حل تجویز کریں۔

4۔ HR پالیسیاں اور طریقۂ کار تنظیمی کارکردگی اور ملازمین کی فلاح میں کس طرح معاون ثابت ہوتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔

5۔ HRIS کی تعریف کریں اور اس کے استعمالات، ضرورت اور فوائد پر تفصیلی مضمون لکھیں۔

# اکائی 3۔ HR اکاؤنٹنگ اور آڈٹ

(HR Accounting & Audit)

اکائی کے اجزا


3.0 تمہید(Introduction)

3.1 مقاصد(Objectives)

3.2 HRاکاؤنٹنگ کا مفہوم

3.3 HRاکاؤنٹنگ کے مقاصد

3.4 HRاکاؤنٹنگ کے فوائد

3.5 HRآڈٹ

3.6 HRآڈٹ کی ضرورت

3.7 HRآڈٹ کادائرہ

3.8 آڈیٹنگ کا عمل

3.9 HRمشترکہ خدمات کا تصور

3.11 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

3.12 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)


## 3.0 تمہید(Introduction)

ہیومن ریسورس کسی بھی تنظیم کا ایک نہایت اہم اور قیمتی اثاثہ ہے، جس کی قدر تنظیم میں اس کی درست جگہ، مؤثر استعمال اور مسلسل ترقی کے ساتھ مزید بڑھتی جاتی ہے۔جدید ترین ٹکنالوجی اور وسیع جسمانی وسائل کی دستیابی کے باوجود، اگر کسی تنظیم کے پاس اپنے امور کو سنبھالنے کے لیے اہل، باصلاحیت اور موزوں افراد موجود نہ ہوں تو وہ بآسانی مالی اور انتظامی بحران کا شکار ہو سکتی ہے۔اسی لیے انسانی وسائل کو تنظیم کا سب سے قیمتی اثاثہ تصور کیا جاتا ہے، خاص طور پر ایسے ماحول میں جہاں شدید مسابقت کے درمیان ہر سمت میں ترقی حاصل کرنا مقصود ہو۔

انسانی وسائل کو بطور اثاثہ دیکھنے کا تصور 1960 کی دہائی میں طرزِ عمل کے سائنس دانوں نے متعارف کرایا۔ انہوں نے تنظیموں میں کام کرنے والے افراد کی لاگت اور قدر کا تعین کرنے کے لیے مناسب طریقہ کار اور تکنیکیں وضع کرنے کی کوشش کیں، تاکہ انسانی وسائل کی معاشی اور تنظیمی اہمیت کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔

## 3.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- HR اکاؤنٹنگ کے تصور کی وضاحت کر سکیں۔
- HR اکاؤنٹنگ کے فوائد کی نشاندہی کر سکیں۔
- HR آڈٹ کے عمل کی وضاحت کر سکیں۔
- HR آڈٹ کا دائرہ کار کو بیان کر سکیں۔
- مشترکہ خدمات کے مقاصد سمجھا سکیں۔

## 3.2 HR اکاؤنٹنگ کا مفہوم

کسی بھی ادارے میں انسانی وسائل پر کی گئی سرمایہ کاری کی پیداواری صلاحیت کو جانچنے کے لیے ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ (Human Resource Accounting – HRA) ایک معاون اور مؤثر ٹول کے طور پر سامنے آیا ہے۔ سادہ الفاظ میں، ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ سے مراد افراد کو تنظیمی وسائل یا اثاثوں کے طور پر شمار کرنا اور ان سے متعلق اخراجات و فوائد کا حساب رکھنا ہے۔

امریکن اکاؤنٹنگ ایسوسی ایشن (American Accounting Association–AAA) کی کمیٹی برائے ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ کے مطابق، HRA انسانی وسائل سے متعلق معلومات کی شناخت، پیمائش اور ان معلومات کو دلچسپی رکھنے والی جماعتوں تک پہنچانے کا عمل ہے۔

ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ دراصل تنظیم کے ان وسائل میں کی گئی سرمایہ کاری کی نشاندہی اور رپورٹنگ کی ایک منظم کوشش ہے، جنہیں روایتی اکاؤنٹنگ نظام میں عام طور پر شامل نہیں کیا جاتا۔ اس کے ذریعے انسانی وسائل کی معاشی قدر کو سمجھنا اور انتظامی فیصلوں کو زیادہ مؤثر بنانا ممکن ہو جاتا ہے۔

## 3.3 HR اکاؤنٹنگ کے مقاصد

ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ سسٹم کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

1۔ **انتظامی فیصلہ سازی میں معاونت:** انسانی وسائل کے حصول، تقرری، تربیت، ترقی اور برقرار رکھنے سے متعلق مؤثر اور معقول انتظامی فیصلے کرنے کے لیے انسانی وسائل کی لاگت اور قدر سے متعلق معلومات فراہم کرنا، تاکہ تنظیم اپنے مجموعی مقاصد کو بہتر طور پر حاصل کر سکے۔

2۔ **انسانی وسائل کے مؤثر استعمال کی نگرانی:** انتظامیہ کو یہ سہولت فراہم کرنا کہ وہ تنظیم میں انسانی وسائل کے استعمال کی مؤثر نگرانی اور جانچ کر سکے، اور یہ معلوم کر سکے کہ دستیاب انسانی وسائل کس حد تک پیداواری طور پر استعمال ہو رہے ہیں۔

3۔ **انسانی اثاثوں کا تجزیہ:** انسانی اثاثوں کا تجزیہ کرنا تاکہ یہ جانا جا سکے کہ آیا یہ اثاثے برقرار رکھے گئے ہیں، ختم ہو چکے ہیں یا ان کی قدر میں اضافہ ہوا ہے، اور اس کے مطابق مستقبل کی حکمتِ عملی ترتیب دی جا سکے۔

4۔ **انتظامی اصولوں اور پالیسی سازی میں مدد:** مختلف متبادل طریقوں کے مالی نتائج کا تقابلی جائزہ لے کر انتظامی اصولوں کی ترقی میں مدد فراہم کرنا، تاکہ مستقبل کے لیے زیادہ مؤثر اور موزوں فیصلے کیے جا سکیں۔

5۔ **مالی رپورٹنگ میں سہولت:** انسانی وسائل کی تشخیص کو اکاؤنٹ کی کتابوں میں ریکارڈ کرنے اور مالیاتی بیانات میں انسانی وسائل سے متعلق معلومات کے افشاء کو ممکن بنانا، جس سے تنظیم کی مجموعی مالی تصویر واضح ہو سکے۔

6۔ **HR سے متعلق اسٹریٹیجک فیصلوں میں معاونت:** ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ تنظیم کو مختلف HR فیصلوں میں مدد فراہم کرتی ہے، جیسے:

- براہ راست بھرتی بمقابلہ اندرونی ترقی۔
- منتقلی بمقابلہ برقراری۔
- تخفیفِ افرادی قوت بمقابلہ برقرار رکھنا۔
- انسانی تعلقات اور تنظیمی رویّے سے متعلق بجٹ کنٹرول۔
- موجودہ یونٹس کو بند کرنے یا نئے مقامات پر پلانٹس قائم کرنے کے فیصلے۔
- بیرونِ ملک ذیلی کمپنیوں کی توسیع سے متعلق فیصلے۔

## 3.4 HR اکاؤنٹنگ کے فوائد

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی نہ صرف مطلوبہ قسم اور تعداد کے ملازمین کا اندازہ لگاتی ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ایک مؤثر ایکشن پلان کی تشکیل میں بھی مدد فراہم کرتی ہے۔ اس تناظر میں، ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ کے درج ذیل اہم فوائد ہیں:

- **کارپوریٹ منصوبہ بندی کی جانچ:** ہیومن ریسورس اکاؤنٹنگ تنظیم کے کارپوریٹ منصوبوں — جیسے توسیع، تنوع، یا تکنیکی تبدیلی — کو انسانی وسائل کی دستیابی کے تناظر میں جانچنے میں مدد کرتی ہے۔ اگر مطلوبہ صلاحیت کی افرادی قوت دستیاب نہ ہو تو HRA کارپوریٹ منصوبے میں مناسب ترمیم کی سفارش کرتی ہے۔

- **غیر یقینی صورتحال میں کمی:** یہ نظام غیر یقینی اور تبدیلی کے اثرات کو کم کرتا ہے کیونکہ یہ تنظیم کو اس قابل بناتا ہے کہ صحیح وقت، صحیح جگہ اور صحیح کام کے لیے موزوں فرد کا انتخاب کیا جا سکے۔
- **ملازمین کی ترقی اور پیشہ ورانہ نشوونما:** HRA مؤثر تربیت اور ترقیاتی پروگراموں کے ذریعے ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔
- **انفرادی ملازمین کی حوصلہ افزائی:** یہ نظام ملازمین کو ترقی، بہتر مراعات اور کیریئر میں بہتری کے مواقع کے حصول میں مدد دیتا ہے، جس سے ان کی وابستگی اور اطمینان میں اضافہ ہوتا ہے۔
- **انسانی شمولیت کا مؤثر استعمال:** HRA اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ تنظیم میں انسانی وسائل کی صلاحیت ضائع نہ ہو اور ان کی بھرپور شمولیت کے ذریعے تنظیم زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کر سکے۔
- **پیداواری صلاحیت میں اضافہ:** یہ ملازمین کی شراکت کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کی نشاندہی کرتی ہے، جس کے نتیجے میں تنظیم کی مجموعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔
- **انتخاب کے بہتر طریقے:** HRA مختلف جانچ کے طریقے اور مؤثر انٹرویو تکنیکیں فراہم کرتی ہے، جو مہارت کی سطح، قابلیت اور مستقبل کی صلاحیت کی بنیاد پر موزوں امیدواروں کے انتخاب میں مدد دیتی ہیں۔
- **انسانی وسائل کی قدر اور رویّے کا تجزیہ:** یہ انسانی وسائل کی قدر، اہلیت اور رویّوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا اندازہ لگانے میں مدد کرتی ہے، اور اس کے مطابق باہمی انتظام اور HR تکنیکوں میں ضروری تبدیلی ممکن بناتی ہے۔

## 3.5 HR آڈٹ

ہیومن ریسورس آڈٹ ایک منظم اور رسمی عمل ہے، جس کا مقصد کسی تنظیم میں انسانی وسائل کے انتظام سے متعلق حکمتِ عملیوں، پالیسیوں، طریقہ کار، دستاویزات، تنظیمی ڈھانچے، نظام اور عملی طریقوں کا جامع جائزہ لینا ہے۔ یہ آڈٹ تنظیمی کارکردگی کو بہتر بنانے کے وسیع تر مقصد کے تحت انسانی وسائل کی موجودہ طاقتوں، کمزوریوں اور ترقیاتی ضروریات کا سائنسی اور منظم انداز میں تجزیہ کرتا ہے۔

ہیومن ریسورس آڈٹ اس تصور پر مبنی ہے کہ انسانی وسائل کے طریقہ کار جامد نہیں ہوتے بلکہ متحرک ہوتے ہیں، اور انہیں مسلسل بدلتی ہوئی تنظیمی اور ماحولیاتی ضروریات کے مطابق از سرِ نو ترتیب دینا اور مؤثر بنانا ضروری ہوتا ہے۔ انسانی وسائل کے آڈٹس محض معمول کے طریقہ کار نہیں ہوتے جن کا مقصد براہِ راست مسائل کا حل پیش کرنا ہو۔ بلکہ مالیاتی آڈٹ کی طرح، HR آڈٹ موجودہ اور ممکنہ مستقبل کے مسائل کی بنیادی وجوہات کے بارے میں قیمتی بصیرت فراہم کرتا ہے۔

HR آڈٹ کے نتائج تنظیمی فیصلہ سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور عموماً یہ اندرونی نوعیت کی دستاویزات ہوتے ہیں، جنہیں عوام کے ساتھ شیئر کرنا ضروری نہیں ہوتا۔ مزید برآں، مالیاتی آڈٹس کے برعکس۔جو عموماً باقاعدہ، معیاری اور قانونی طور پر منظم ہوتے ہیں۔

ہیومن ریسورس آڈٹس غیر معمولی نوعیت کے ہوتے ہیں اور انہیں کسی خاص وقت پر تنظیم کی منفرد ضروریات کے مطابق ڈیزائن کیا جا سکتا ہے۔

درحقیقت، ہیومن ریسورس آڈٹس ایک مخصوص نوعیت کے تشخیصی مطالعے ہوتے ہیں۔ ان کے انعقاد کے طریقے مختلف ہو سکتے ہیں، جن میں خود تشخیصی سروے (Self-directed Surveys) سے لے کر بیرونی ماہرین یا کنسلٹنٹس کی مداخلت تک شامل ہے، تاکہ انسانی وسائل کے انتظام کو زیادہ مؤثر، ہم آہنگ اور نتیجہ خیز بنایا جا سکے۔

---

## 3.6 HRآڈٹ کی ضرورت

انسانی وسائل کے طریقۂ کار اور افعال ملازمین کے حوصلے، وابستگی اور کارکردگی پر نہایت دوررس اثرات مرتب کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں تنظیم کی مجموعی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اسی تناظر میں یہ کہا جاتا ہے کہ انسانی وسائل کے طریقے کاروبار کے بیلنس اسکور کارڈ سے گہرے طور پر جڑے ہوتے ہیں، کیونکہ یہ پیداواری صلاحیت، افراد اور عمل — تینوں پر براہِ راست اثرانداز ہوتے ہیں(Ulrich) ۔

اس اہمیت کے پیش نظر، انسانی وسائل کے فنکشن کا باقاعدہ اور منظم جائزہ لینا اتنا ہی ضروری ہو جاتا ہے جتنا کہ مالیاتی فنکشن کا۔ تنظیمی صحت اور پائیدار ترقی کو برقرار رکھنے کے لیےHR کے افعال کی مسلسل جانچ ناگزیر ہے، خصوصاً آج کے متحرک اور بعض اوقات غیر یقینی کاروباری ماحول میں، جہاں انسانی وسائل کے انتظام کو بار بار اپ گریڈ اور تنظیمی حکمتِ عملی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

مزید برآں، علم پر مبنی معیشت میں تنظیموں کے مسابقتی فائدے کے حصول میں انسانی شراکت کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے باعث انسانی وسائل کا فنکشن خود بھی ایک تبدیلی کے عمل سے گزر رہا ہے۔ یہ بتدریج محض ایک سروس فراہم کرنے والے کردار سے نکل کر ایک اسٹریٹجک بزنس پارٹنر کے کردار کی طرف بڑھ رہا ہے۔

اس ابھرتے ہوئے کردار کو مؤثر انداز میں ادا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ انسانی وسائل کے فنکشن کا مسلسل اور تنقیدی جائزہ لیا جائے تاکہ یہ جانچا جا سکے:

- آیا انسانی وسائل کا فنکشن اپنی حکمتِ عملیوں، پالیسیوں، طریقۂ کار اور عملی اقدامات کے ذریعے تنظیم کے لیے حقیقی قدر پیدا کر رہا ہے؛
- آیا یہ قدر مسابقتی لاگت پر فراہم کی جا رہی ہے؛ اور آیا یہ سب کچھ ایسے انداز میں ہو رہا ہے جو ملازمین، معاشرے اور قانونی تقاضوں کے لیے قابلِ قبول ہو اور طویل مدتی نقطۂ نظر سے پائیدار بھی ہو۔

ان تمام بنیادی سوالات کے مؤثر اور جامع جوابات کے حصول کے لیے ہیومن ریسورس آڈٹ کی باقاعدہ ضرورت پیش آتی ہے، جو تنظیم کو اپنے انسانی وسائل کے انتظام کو بہتر، مؤثر اور اسٹریٹجک بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

## 3.7 HRآڈٹ کا دائرہ

ہیومن ریسورس آڈٹ عموماً تین بنیادی پیرامیٹرز کا احاطہ کرتا ہے، یعنی:

1۔ HRپالیسیاں اور طریقہ کار(HR Policies and Practices)

2۔ HRپروفیشنلز(HR Professionals)

3۔ HRڈیپارٹمنٹ(HR Department)

ان میں سے ہر ایک کے حوالے سے HR آڈٹ درج ذیل پہلوؤں کا جائزہ لینے کی کوشش کرتا ہے:

- موجودہ یا اصل حالت(Current Status)
- مطلوبہ حالت اور اصل حالت کے درمیان ہم آہنگی یا فرق(Gap Analysis)
- مجموعی تنظیمی حکمتِ عملی اور اہداف کے ساتھ صف بندی(Alignment)
- متعلقہ قوانین اور ضوابط کی تعمیل(Legal Compliance)

## 3.8 آڈیٹنگ کا عمل

آڈٹنگ کا عمل تنظیم کے مقاصد، آڈٹ کے دائرۂ کار، تنظیم کی نوعیت اور اعلیٰ انتظامیہ کی شمولیت کی سطح پر منحصر ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ عمل مختلف تنظیموں میں مختلف ہو سکتا ہے، تاہم عمومی طور پر ہیومن ریسورس آڈٹ درج ذیل مراحل پر مشتمل ہوتا ہے:

**بریفنگ اور واقفیت(Briefing and Orientation)**

یہ مرحلہ کلیدی عملے کی تیاری پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں ایک یا زیادہ ابتدائی میٹنگز منعقد کی جاتی ہیں تاکہ:

- اہم اور حساس مسائل کی نشاندہی اور ان پر تبادلۂ خیال کیا جا سکے؛
- آڈٹ کے طریقۂ کار اور اپروچ کا خاکہ تیار کیا جا سکے؛ اور
- آڈٹ کے لیے تفصیلی منصوبہ اور پروگرام وضع کیا جا سکے۔

**معلومات اور مواد کا جائزہ(Scanning of Information/Materials)**

اس مرحلے میں انسانی وسائل سے متعلق تمام دستیاب ریکارڈز اور دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے، جن میں شامل ہیں:

- عملے کے ریکارڈز اور فائلیں؛
- اسٹاف ہینڈ بکس، پالیسی مینولز اور گائیڈ لائنز؛
- تشخیصی فارم، بھرتی سے متعلق مواد؛
- کمپیوٹرائزڈ سسٹمز اور ڈیٹا بیس؛

- اور دیگر تمام متعلقہ معلومات۔

ہیومن ریسورس آڈٹ دراصل تنظیم میں موجودہ HRM نظام کا تنقیدی تجزیہ ہوتا ہے۔اس مقصد کے لیے آڈٹ کو مقداری، مستند اور جامع ڈیٹا پر مبنی ہونا چاہیے۔اس مرحلے کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ اہلکار ریکارڈز اور معلومات کو کس حد تک درست اور منظم انداز میں برقرار رکھتے ہیں۔اسی لیے HRIS کے معیار کی اہمیت نمایاں ہو جاتی ہے۔

**ملازمین کا سروے (Survey of Employees)**

اس مرحلے میں ضرورت کے مطابق مختلف سطحوں کے افراد سے معلومات حاصل کی جاتی ہیں، جن میں شامل ہو سکتے ہیں:

- کلیدی مینیجرز؛
- فنکشنل ایگزیکٹوز؛
- اعلیٰ عہدیداران؛
- اور بعض صورتوں میں ملازمین کے نمائندے۔

اس کا مقصد انسانی وسائل سے متعلق تشویش کے اہم مسائل، موجودہ طاقتوں، مستقبل کی ضروریات اور انتظامی فلسفے کی نشاندہی اور درجہ بندی کرنا ہوتا ہے۔

**انٹرویوز کا انعقاد (Conducting Interviews)**

اس مرحلے میں متعلقہ اور تحقیقی نوعیت کے سوالات کی ایک جامع فہرست تیار کی جاتی ہے۔ سوالات کا انتخاب آڈٹ کے دائرۂ کار، مقاصد اور تنظیمی کلچر پر منحصر ہوتا ہے۔

انٹرویو لینے والے کی مہارت اس بات میں مضمر ہوتی ہے کہ وہ بغیر دباؤ پیدا کیے درست، متعلقہ اور قابلِ اعتماد معلومات حاصل کر سکے۔

**ڈیٹا کی ترکیب اور تجزیہ (Synthesis and Analysis)**

اس مرحلے میں جمع شدہ ڈیٹا کو منظم اور ترکیب کیا جاتا ہے تاکہ درج ذیل پہلو واضح کیے جا سکیں:

- موجودہ صورتحال؛
- ترجیحات؛
- عملے کے پیٹرن؛
- اور نشاندہی شدہ HR مسائل۔

اسی طرح مستقبل کی ضروریات کی بھی نشاندہی کی جاتی ہے، اور انسانی وسائل کی ترجیحات اور مخصوص سفارشات کو نمایاں کرنے کے لیے مناسب معیار (Benchmarks) تیار کیے جاتے ہیں۔

### رپورٹنگ(Reporting)

اس مرحلے میں آڈٹ کے نتائج پر مینیجرز اور HR ماہرین کے ساتھ ایک یا ایک سے زائد میٹنگز میں تفصیلی تبادلۂ خیال کیا جاتا ہے۔ ان مباحث کے دوران مسائل مزید واضح اور مربوط ہو جاتے ہیں۔

ان نتائج اور گفتگو کی بنیاد پر ایک حتمی آڈٹ رپورٹ تیار کی جاتی ہے، جو باضابطہ طور پر اعلیٰ انتظامیہ کے سامنے پیش کی جاتی ہے۔ حتمی رپورٹ میں عموماً درج ذیل شامل ہوتے ہیں:

- تنظیم کی مجموعی حالت(Organizational Health Report)؛
- آڈٹ میں شامل مختلف شعبوں کی مؤثریت اور کارکردگی کا جائزہ؛
- قانونی تعمیل اور تشویش کے اہم شعبے؛
- اور انسانی وسائل کے انتظام میں بہتری کے لیے عملی اور قابلِ عمل سفارشات۔

## 3.9 HR مشترکہ خدمات کا تصور

ایچ آر مشترکہ خدمات ایک ایسا انتظامی ماڈل ہے جس میں بڑی تنظیموں کے روزمرہ انسانی وسائل سے متعلق انتظامی اور آپریشنل کاموں کو اسٹریٹجک HR سرگرمیوں سے الگ کر دیا جاتا ہے۔ اس ماڈل میں عموماً یا تو کسی تیسری پارٹی HR مینجمنٹ کمپنی کو ذمہ داری سونپی جاتی ہے یا تنظیم کے اندر ایک علیحدہ HR مشترکہ خدمات یونٹ قائم کیا جاتا ہے۔ یہ یونٹ جدید ہیومن کیپیٹل مینجمنٹ (HCM) سسٹمز کے ذریعے انتظامی کاموں کو خودکار بناتا ہے اور ملازمین کے لیے سیلف سروس سہولیات فراہم کرتا ہے۔

HRمشترکہ خدمات کے ماڈل کے تحت تمام آپریشنل اور انتظامی HRافعال- جیسے پے رول، فوائد کی انتظامیہ، ملازمین کے ڈیٹا کا انتظام، اور بھرتی- کو ایک واحد، مرکزی HRیونٹ میں یکجا کر دیا جاتا ہے جو پوری تنظیم کی خدمت کرتا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد HR سروسز کی فراہمی میں کارکردگی میں اضافہ، اخراجات میں کمی، اور مختلف مقامات یا کاروباری اکائیوں کے درمیان یکسانیت اور معیار کو برقرار رکھنا ہوتا ہے۔

اس طرح، HR مشترکہ خدمات کا ماڈل تنظیم کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ انتظامی امور کو مؤثر انداز میں سنبھالتے ہوئے اسٹریٹجک HRاقدامات — جیسے ٹیلنٹ مینجمنٹ، قیادت کی ترقی اور تنظیمی تبدیلی — پر زیادہ توجہ مرکوز کر سکے۔

## 3.10 HR مشترکہ خدمات کے فوائد

### عمل کی مستقل مزاجی(Process Consistency)

HR کے افعال کو ایک مرکزی یونٹ میں مجتمع کرنے سے تنظیمیں انسانی وسائل کے عمل میں یکسانیت پیدا کرتی ہیں اور پالیسیوں و ضوابط کی بہتر تعمیل کو یقینی بناتی ہیں۔ HR مشترکہ خدمات افراد سے متعلق ورک فلو میں پروسیس گورننس قائم کرتی ہیں، انہیں HCM

سسٹمز کے ذریعے خودکار بناتی ہیں، اور وقت کے ساتھ رگڑ کے مقامات (Friction Points) اور ناکاریوں کی نشاندہی کر کے عملوں کا تجزیہ اور اصلاح کرتی ہیں۔

**HR کو اسٹریٹجک اقدامات پر توجہ دینے کے قابل بنانا**

HR مشترکہ خدمات کے ماڈل کا بنیادی مقصد لین دین پر مبنی اور انتظامی کاموں کو آٹومیشن یا آؤٹ سورسنگ کے ذریعے الگ کرنا ہے۔ اس سے بنیادی HR اور پیپل مینجمنٹ ٹیم کو اسٹریٹجک سرگرمیوں—جیسے ملازمین کی ترقی، ملازم کے تجربے کا ڈیزائن، جانشینی کی منصوبہ بندی—پر زیادہ توجہ دینے کا موقع ملتا ہے۔

**ادارہ جاتی علم میں بہتری (Improved Institutional Knowledge)**

HR مشترکہ خدمات مختلف مواصلاتی ذرائع—جیسے انٹرانیٹ، ایمپلائی سیلف سروس پورٹلز، ای میل کمیونیکیشن اور تربیتی سیشنز—کے ذریعے کمپنی کی پالیسیوں کو سب کے لیے قابل رسائی بناتی ہیں۔ پالیسی مینجمنٹ کا یہ مرکزی نقطۂ نظر پالیسیوں کی ترسیل، تشریح اور تعمیل کو مضبوط بناتا ہے، جس سے ادارہ جاتی علم کو بہتر انداز میں محفوظ اور منظم کیا جا سکتا ہے۔

**HR سے متعلق عمل میں ملازمین کی شمولیت میں اضافہ**

HR افعال کی مرکزیت HR اور دیگر محکموں کے درمیان سائلو کو ختم کرتی ہے اور ملازمین کو اپنے HR امور خود منظم کرنے کا اختیار دیتی ہے—مثلاً ذاتی معلومات کی اپ ڈیٹ، رخصت یا فوائد کے لیے درخواست، تنخواہ کے بیانات دیکھنا، اور کارکردگی کے انتظام میں شرکت۔ اس سے HR پر بوجھ کم ہوتا ہے اور شفافیت و اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔

**لاگت میں کمی (Cost Reduction)**

HR مشترکہ خدمات انتظامی بوجھ کم کر کے براہِ راست لاگت کی بچت کا باعث بنتی ہیں۔ سنٹرلائزڈ HR ہب کے ذریعے بار بار انجام دیے جانے والے کام ٹیکنالوجی کے سپرد کیے جا سکتے ہیں، جس سے ٹیم کے ہیڈ کاؤنٹ میں غیر ضروری اضافہ کیے بغیر آپریشنل کارکردگی بڑھتی ہے۔

**ملازمین کی کارکردگی میں اضافہ**

HR مشترکہ خدمات بیوروکریسی کم کرتی ہیں اور ٹیموں کو زیادہ خود مختاری دیتی ہیں۔ ملازمین چند کلکس میں HR کام انجام دے سکتے ہیں—جیسے PTO کی درخواست یا آن ڈیمانڈ ٹریننگ—جس سے وقت کی بچت اور مجموعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

## 3.11 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہوں گے کہ وہ انسانی وسائل کو ایک قابلِ پیمائش اثاثہ کے طور پر سمجھ سکیں اور Human Resource Accounting کے تصور، مقاصد اور فوائد کی وضاحت کر سکیں۔ طلبہ HR Accounting کے ذریعے انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کی قدر اور اس کے تنظیمی فیصلوں پر اثرات کا تجزیہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ مزید برآں، وہ Human

Resource Audit کی تعریف، دائرہ کار اور عمل کو سمجھتے ہوئے تنظیمی کارکردگی، قانونی تعمیل اور انسانی وسائل کے انتظام کی مؤثریت کا تنقیدی جائزہ لے سکیں گے۔ طلبہ HR Shared Services کے تصور اور فوائد کو بھی سمجھ سکیں گے اور یہ جان سکیں گے کہ کس طرح یہ ماڈل لاگت میں کمی، عمل کی یکسانیت اور HR کو اسٹریٹجک کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔

---

## 3.12 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

---

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ Human Resource Accounting (HRA) سے کیا مراد ہے؟

2۔ HR Accounting کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

3۔ HR Accounting میں انسانی وسائل کو کس حیثیت سے دیکھا جاتا ہے؟

4۔ HR Audit کی ایک جامع تعریف لکھیں۔

5۔ HR Audit کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

6۔ HR Audit میں "Scope" سے کیا مراد ہے؟

7۔ HR Shared Services کا مفہوم بیان کریں۔

8۔ HR Shared Services ماڈل میں HR افعال کو کس طرح منظم کیا جاتا ہے؟

9۔ HR Audit کا ایک فائدہ لکھیں۔

10۔ HR Shared Services کا ایک اہم فائدہ بیان کریں۔

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1۔ Human Resource Accounting کے مقاصد کی وضاحت کریں۔

2۔ HR Accounting کے فوائد بیان کریں۔

3۔ Human Resource Audit کے دائرۂ کار (Scope) پر بحث کریں۔

4۔ HR Audit کے عمل (Process) کے مختلف مراحل کی وضاحت کریں۔

5۔ HR Shared Services کے فوائد کو بیان کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1۔ Human Resource Accounting کی وضاحت کریں اور اس کے مقاصد اور فوائد پر تفصیل سے بحث کریں۔

2۔ Human Resource Audit کی تعریف کریں اور اس کے عمل (Process) کو مرحلہ وار بیان کریں۔

3۔ HR Audit کے دائرۂ کار (Scope) کی تفصیلی وضاحت کریں اور اس کی تنظیمی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

4۔ HR Shared Services کے تصور کی وضاحت کریں اور تنظیم کے لیے اس کے فوائد پر تفصیلی بحث کریں۔

5۔ Human Resource Accounting اور HR Audit کے کردار کا تنقیدی تجزیہ کریں اور بتائیں کہ یہ تنظیمی کارکردگی کو بہتر بنانے میں کس طرح معاون ہیں۔

# اکائی 4۔انسانی وسائل کی منصوبہ بندی

(Human Resource Planning)

اکائی کے اجزا:

4.0 تمہید(Introduction)

4.1 مقاصد(Objectives)

4.2 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی ایک تعارف(Introduction of Human Resource Planning)

4.3 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی تعریف اور مفہوم

(Meaning and Definition of Human Resource Planning)

4.4 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کی ضرورت(Need of Human Resource Planning)

4.5 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے مقاصد(Human Resource Planning)

4.6 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کا عمل(Process of Human Resource Planning)

4.7 ملازمت کا تجزیہ مفہوم اور عمل(Meaning and Process of Job Analysis)

4.8 ملازمت کی تفصیل اور ملازمت کی وضاحت(Job Description and Job Specification)

4.9 ملازمت کے ڈیزائن پر اثرانداز ہونے والے عوامل(Factors Affecting Job Design)

4.10 ملازمت میں افزودگی اور ملازمت میں وسعت(Job Enrichment and Job Enlargement)

4.11 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

4.12 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

## 4.0 تمہید(Introduction)

اکائی 3"ایچ آر اکاؤنٹنگ اور آڈٹ"(HR Accounting & Audit)میں ہم نے انسانی وسائل کی مالی قدر کے تصور ایچ آر آڈٹ کے مقاصد اور اشتراکی خدمات(HR Shared Services)کی افادیت کا تفصیلی جائزہ لیا۔اب اکائی 4 ایک نہایت اہم اور بنیادی موضوع انسانی وسائل کی منصوبہ بندی(Human Resource Planning-HRP)کی طرف گامزن ہے جو تنظیمی ترقی اور افرادی قوت کے مؤثر انتظام کے لیے ناگزیر حیثیت رکھتی ہے۔

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی ایک حکمتِ عملی پر مبنی عمل ہے جو کسی ادارے میں صحیح افراد کو مناسب وقت پر موزوں عہدوں پر تعینات کرنے کو یقینی بناتا ہے۔ایک مستحکم اور متوازن HRP نہ صرف افرادی قوت کے موثر استعمال مستقبل کی صلاحیتوں کی پیش گوئی اور تنظیمی ضروریات کے ساتھ انسانی وسائل کے امتزاج میں معاون ہوتا ہے بلکہ یہ کارکردگی میں بہتری مسابقتی برتری اور پائیدار ترقی کے لیے بھی ایک کلیدی عنصر ہے۔یہ منصوبہ بندی ورک فورس کی طلب اور رسد کے مابین ایک اہم ربط قائم کرتی ہے جو تنظیموں کو بھرتی (Recruitment) تربیت (Training) جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) اور کارکردگی کے تجزیے (Performance Analysis) جیسے عوامل میں مدد فراہم کرتی ہے۔

اس اکائی میں ہم انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کی تعریف اس کی اہمیت اور اس کے بنیادی مقاصد کا جائزہ لیں گے ساتھ ہی HRP کے منظم عمل (Process) کو تفصیل سے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔مزید برآں ہم ملازمت کے تجزیے (Job Analysis Process) پر غور کریں گے جس میں ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) جیسے ناگزیر اجزاء شامل ہوں گے۔اس کے علاوہ ہم ملازمت کے ڈیزائن پر اثرانداز ہونے والے عوامل (Factors Affecting Job Design) کا بھی تجزیہ کریں گے اور ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) اور ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) کے مابین فرق اور ان کے عملی اثرات کا گہرائی سے مطالعہ کریں گے۔

یہ اکائی سیکھنے والوں کو انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے عملی و نظریاتی پہلوؤں پر مہارت فراہم کرے گی اور انہیں اس بات کی سوجھ بوجھ دے گی کہ کس طرح ایک مؤثر HRP تنظیم کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

## 4.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کی بنیادی اہمیت کو سمجھنا۔
- ملازمت کے تجزیے کے عمل اور اس کے عناصر کا تجزیہ کرنا۔
- ملازمت کے ڈیزائن پر اثرانداز ہونے والے عوامل کی نشاندہی کرنا۔
- ملازمت میں افزودگی اور وسعت کے تصورات میں فرق کرنا۔

## 4.2 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی ایک تعارف

## (Introduction of Human Resource Planning)

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) ایک حکمتِ عملی پر مبنی عمل ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کسی تنظیم کے پاس مطلوبہ مہارت رکھنے والے افراد مناسب وقت اور مقام پر دستیاب ہوں تاکہ تنظیمی مقاصد حاصل کیے جا سکیں۔اس میں افرادی قوت کی ضروریات کی

پیش گوئی موجودہ وسائل کا تجزیہ اور بھرتی تربیت اور جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کے لیے حکمتِ عملی کی تشکیل شامل ہوتی ہے۔

HRP تنظیم میں افرادی قوت کے بہترین استعمال مہارتوں کے خلا کو کم کرنے اور انسانی وسائل کو تنظیمی اہداف کے مطابق ڈھالنے میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ مستقبل کی ضروریات کا اندازہ لگا کر تنظیمیں ٹیلنٹ ایکوزیشن(Talent Acquisition) ملازمین کی ترقی اور ورک فورس میں متوقع تبدیلیوں کو مؤثر طریقے سے سنبھال سکتی ہیں جس سے کارکردگی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

## 4.3 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی تعریف اور مفہوم

## (Meaning and Definition of Human Resource Planning)

**تعریف(Definition):**

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (Human Resource Planning - HRP) ایک منظم اور حکمتِ عملی پر مبنی عمل ہے جس کے ذریعے کسی تنظیم کی مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور انہیں پورا کرنے کے لیے مؤثر حکمتِ عملی تشکیل دی جاتی ہے۔اس عمل کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ مطلوبہ مہارتوں (Skills) اور صلاحیتوں کے حامل افراد تنظیم میں درست وقت پر اور مناسب تعداد میں دستیاب ہوں تاکہ تنظیم کے اہداف (Goals) کامیابی سے حاصل کیے جاسکیں۔

**مفہوم(Meaning):**

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) تنظیم میں افرادی قوت کی دستیابی اور کاروباری ضروریات کے درمیان توازن قائم کرنے کا ایک مربوط اور منظم طریقہ کار ہے۔اس میں موجودہ انسانی وسائل (Workforce) کا تجزیہ مستقبل کی ضروریات کی پیشن گوئی اور بھرتی(Recruitment) تربیت(Training) اور جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) جیسے عوامل شامل ہوتے ہیں۔ یہ منصوبہ بندی تنظیم کو اپنے انسانی وسائل کا مؤثر انتظام کرنے میں مدد دیتی ہے جس کے نتیجے میں پیداواری صلاحیت (Productivity)کارکردگی(Efficiency) اور مسابقتی برتری (Competitive Advantage) میں اضافہ ہوتا ہے۔

## 4.4 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کی ضرورت(Need of Human Resource Planning)

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) کسی بھی تنظیم کے لیے ایک اہم حکمتِ عملی ہے جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا کیا جائے۔ تنظیم کے اہداف (Goals) اور وسائل (Resources) کے مطابق درست افراد کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے HRP ایک بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔

1۔ افرادی قوت کی دستیابی اور طلب میں توازن(Balancing Workforce Demand and Supply): HRP تنظیم کی مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کا اندازہ لگا کر موجودہ اور متوقع افرادی قوت کے درمیان خلا کو کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس سے تنظیم صحیح وقت پر درست مہارتوں (Skills) کے حامل ملازمین کی دستیابی کو یقینی بنا سکتی ہے۔

2۔ بھرتی اور انتخاب کے عمل میں بہتری(Improved Recruitment and Selection Process): منظم HRP تنظیم کو بھرتی (Recruitment) اور انتخاب (Selection) کے موثر طریقے اپنانے میں مدد دیتی ہے۔اس سے تنظیم کی لاگت (Cost) اور وقت (Time) کی بچت ہوتی ہے اور صحیح ملازمین کا انتخاب یقینی بنتا ہے۔

3۔ ملازمین کی ترقی اور تربیت(Employee Development and Training): HRP نہ صرف افرادی قوت کی موجودہ مہارتوں کا تجزیہ کرتی ہے بلکہ مستقبل کی ضروریات کے مطابق تربیتی پروگرام (Training Programs) اور ترقیاتی اقدامات (Development Initiatives) کی بھی منصوبہ بندی کرتی ہے تاکہ تنظیم میں موجود ملازمین کی مہارتیں مسلسل بہتر ہوتی رہیں۔

4۔ تنظیمی ترقی اور توسیع(Organizational Growth and Expansion): اگر کسی تنظیم کا توسیعی منصوبہ (Expansion Plan) ہو تو HRP اس کے لیے ضروری ہے کیونکہ یہ مطلوبہ افرادی قوت کی فراہمی کو یقینی بناتی ہے اور تنظیم کے مستقبل کے اہداف کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

5۔ ملازمین کی برقراری اور جانشینی منصوبہ بندی(Employee Retention and Succession Planning): HRP تنظیم میں ملازمین کی برقراری (Retention) اور جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کو بہتر بناتی ہے تاکہ اہم عہدوں کے لیے متبادل افراد تیار کیے جا سکیں اور تنظیم کو اچانک کسی اہم ملازم کے چلے جانے کی وجہ سے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

6۔ کارکردگی میں بہتری اور پیداواری صلاحیت(Enhanced Performance and Productivity): مؤثر HRP تنظیم میں مناسب افرادی قوت کے ذریعے کام کی کارکردگی (Performance) اور پیداواری صلاحیت (Productivity) کو بہتر بناتی ہے۔ جب ملازمین اپنی صلاحیتوں کے مطابق کام کرتے ہیں تو نہ صرف تنظیم کی ترقی ہوتی ہے بلکہ ملازمین کی اطمینان (Job Satisfaction) اور وابستگی (Commitment) بھی بڑھتی ہے۔

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی ایک مستقبل بین حکمتِ عملی ہے جو کسی بھی تنظیم کے مسلسل ترقی استحکام اور کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے۔ایک مؤثر HRP کے ذریعے تنظیم صحیح وقت پر درست افراد کے انتخاب ان کی ترقی اور تنظیم کے طویل مدتی اہداف کے حصول کو یقینی بنا سکتی ہے۔

## 4.5 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے مقاصد(Human Resource Planning)

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (Human Resource Planning - HRP) کا بنیادی مقصد تنظیم میں افرادی قوت کی مؤثر حکمت عملی کے ذریعے درست تعداد میں درست مہارتوں کے حامل افراد کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ یہ منصوبہ بندی تنظیم کی ترقی کارکردگی میں بہتری اور مسابقتی برتری حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

1۔ مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کا اندازہ لگانا(Forecasting Future Workforce Needs):HRPکا ایک اہم مقصد تنظیم کی مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کا تجزیہ کرنا ہے تاکہ تنظیم کو درپیش چیلنجز کا بروقت حل نکالا جاسکے اور صحیح وقت پر موزوں ملازمین کی دستیابی یقینی بنائی جاسکے۔

2۔ افرادی قوت کی دستیابی اور طلب میں توازن(Balancing Workforce Demand and Supply): HRP تنظیم میں ورک فورس کی طلب اور رسد کے درمیان توازن قائم کرنے کے لیے کام کرتی ہے تاکہ ملازمین کی کمی یا زیادتی کے مسائل سے بچا جاسکے اور کاروباری مقاصد کے لیے مناسب افراد موجود ہوں۔

3۔ بھرتی اور انتخاب کے عمل کو مؤثر بنانا(Enhancing Recruitment and Selection Process): HRP تنظیم میں بھرتی (Recruitment) اور انتخاب (Selection) کے عمل کو بہتر بناتی ہے تاکہ موزوں اور باصلاحیت افراد کا انتخاب کیا جاسکے اور تنظیم کے اہداف حاصل کیے جاسکیں۔

4۔ ملازمین کی ترقی اور صلاحیتوں میں اضافہ(Employee Development and Skill Enhancement): HRPکا ایک اور مقصد ملازمین کی ترقی (Career Development) اور تربیت (Training) کے مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ کارکردگی اور پیداواری صلاحیت کو بہتر بنایا جاسکے۔

5۔ ملازمین کی برقراری اور جانشینی منصوبہ بندی(Employee Retention and Succession Planning): HRPکا ایک بنیادی ہدف تنظیم میں اہم عہدوں کے لیے موزوں متبادل افراد تیار کرنا ہے تاکہ کسی بھی اہم ملازم کے چلے جانے کی صورت میں تنظیم متاثر نہ ہو اور مستقبل کے قائدین (Future Leaders) کی ترقی ممکن ہو۔

6۔ تنظیمی وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانا(Ensuring Optimal Utilization of Resources): HRP تنظیم کے محدود وسائل (Resources) کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے میں مدد دیتی ہے تاکہ افرادی قوت کو درست طریقے سے تعینات کیا جاسکے اور تنظیم کی کارکردگی میں اضافہ ہو۔

7۔ پیداواری صلاحیت اور مسابقتی برتری میں اضافہ ( Enhancing Productivity and Competitive Advantage):HRP کے ذریعے تنظیم میں صحیح مہارتوں کے حامل افراد کی موجودگی یقینی بنائی جاتی ہے جس سے نہ صرف

کاروباری ترقی (Business Growth) ممکن ہوتی ہے بلکہ تنظیم کو مسابقتی برتری (Competitive Advantage) بھی حاصل ہوتی ہے۔

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) کسی بھی تنظیم کے لیے ایک کلیدی حکمتِ عملی ہے جو افرادی قوت کی بہتر منصوبہ بندی بھرتی تربیت اور کارکردگی میں بہتری کے ذریعے تنظیمی اہداف کے حصول میں مدد دیتی ہے۔ ایک مؤثر HRP نہ صرف تنظیم کی مستقبل کی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے بلکہ مسلسل ترقی اور استحکام کو بھی یقینی بناتی ہے۔

## 4.6 انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کا عمل (Process of Human Resource Planning)

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) ایک منظم اور مرحلہ وار عمل (Systematic and Stepwise Process) ہے جس کا مقصد تنظیم میں افرادی قوت (Workforce) کی ضروریات کو پورا کرنا اور مستقبل کی ضروریات کا مؤثر طریقے سے انتظام کرنا ہے۔ اس عمل کے ذریعے تنظیم کو نہ صرف اپنی موجودہ ورک فورس (Current Workforce) کا مکمل جائزہ لینے کا موقع ملتا ہے بلکہ وہ مستقبل کی ترقی (Future Growth) اور چیلنجز (Challenges) کے مطابق انسانی وسائل (Human Resources) کو منظم (Manage) بھی کر سکتی ہے۔

1۔ تنظیمی مقاصد اور حکمتِ عملی کا تجزیہ (Analyzing Organizational Objectives and Strategy): HRP کے پہلے مرحلے میں تنظیم کے مجموعی مقاصد (Objectives) اور حکمتِ عملی (Strategy) کا تجزیہ کیا جاتا ہے تاکہ افرادی قوت کی ضروریات (Workforce Requirements) کو تنظیمی منصوبوں (Organizational Plans) کے مطابق متعین کیا جا سکے۔ اگر تنظیم کسی نئی مارکیٹ (New Market) میں داخل ہونے یا کسی نئے پروجیکٹ (New Project) پر کام کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو اسے مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات (Human Resource Needs) کا بھی اندازہ لگانا ہوگا۔

2۔ موجودہ افرادی قوت کا تجزیہ (Assessing Current Workforce): اس مرحلے میں تنظیم اپنی موجودہ افرادی قوت (Existing Workforce) کا تفصیلی جائزہ لیتی ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ موجودہ ملازمین (Current Employees) میں کون سی مہارتیں (Skills) موجود ہیں اور کون سی نئی مہارتیں (New Skills) مزید درکار ہوں گی۔ ملازمین کی تعداد (Number of Employees) ان کے تجربے (Experience) قابلیت (Qualifications) اور پیداواری صلاحیت (Productivity) کا تجزیہ کر کے یہ طے کیا جاتا ہے کہ آیا تنظیم کے پاس اپنی ضروریات کے مطابق موزوں افرادی قوت (Appropriate Workforce) موجود ہے یا نہیں۔

3۔ مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کا اندازہ (Forecasting Future Workforce Needs): HRP میں تنظیم کی مستقبل کی ضروریات (Future Requirements) کا تجزیہ بھی کیا جاتا ہے تاکہ افرادی قوت کی دستیابی

(Availability of Workforce)اور طلب (Demand) میں توازن قائم رکھا جاسکے۔اس میں ممکنہ اقتصادی (Economic)اور تکنیکی (Technological) تبدیلیوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے تاکہ تنظیم کسی بھی غیر متوقع صورتِ حال (Unexpected Situations) سے نمٹنے کے لیے پہلے سے تیار ہو۔ اگر کسی تنظیم میں کئی ملازمین ریٹائر (Employees Retiring)ہونے والے ہیں تو ان کی جگہ متبادل ملازمین (Replacement Employees) کو بھرتی کرنے یا موجودہ ملازمین کو تربیت (Training) دینے کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔

4۔ افرادی قوت کی کمی یا زیادتی کی نشاندہی(Identifying Workforce Gaps and Surpluses):جب تنظیم اپنی موجودہ (Current) اور متوقع ضروریات (Projected Needs) کا تجزیہ مکمل کر لیتی ہے تو اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ آیا اسے مزید ملازمین (Employees) کی ضرورت ہے یا نہیں۔ اگر کسی شعبے (Department) میں ملازمین کی کمی (Shortage of Employees)ہے تو بھرتی (Recruitment) کی جاتی ہے جبکہ اگر کسی شعبے میں اضافی ملازمین (Surplus Employees)موجود ہیں تو تنظیم انہیں دوسرے کاموں میں لگا کر (Job Transfers) یا ان کی مہارتوں کو بڑھا کر (Skill Development) مؤثر طریقے سے استعمال کر سکتی ہے۔

5۔ بھرتی تربیت اور ترقی کی حکمتِ عملی ( Developing Recruitment, Training, and Development Strategies): جب تنظیم کو یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ اسے کس سطح پر افرادی قوت میں اضافے (Workforce Expansion)یا بہتری (Improvement) کی ضرورت ہے تو وہ بھرتی(Hiring) تربیت(Training) اور ترقی (Development)کی حکمتِ عملی تیار کرتی ہے۔ اگر تنظیم کو فوری طور پر نئے ملازمین (New Employees) درکار ہوں تو وہ بھرتی کے عمل (Recruitment Process) کا آغاز کرتی ہے۔ اگر موجودہ ملازمین (Existing Employees)کی مہارتوں (Skills) کو بہتر بنانے کی ضرورت ہو تو انہیں جدید ٹیکنالوجیز (Modern Technologies)اور تنظیمی ضروریات (Organizational Needs) کے مطابق تربیت دی جاتی ہے (Training is Provided)تاکہ وہ اپنی ذمہ داریوں (Responsibilities) کو بہتر طریقے سے نبھا سکیں۔

6۔ منصوبے پر عملدرآمد اور مسلسل نگرانی(HRP:(Implementing and Monitoring HR Plan کے آخری مرحلے میں طے شدہ حکمتِ عملی (Strategy) کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے (Implementation of Strategy) اور مسلسل نگرانی (Continuous Monitoring) کی جاتی ہے تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا افرادی قوت کی منصوبہ بندی (Workforce Planning)مؤثر ثابت ہو رہی ہے یا نہیں۔ تنظیم وقتاً فوقتاً اپنی حکمتِ عملی (HR Strategy) کا جائزہ لیتی ہے اور اگر کسی جگہ بہتری (Improvement) کی ضرورت ہو تو ضروری تبدیلیاں (Necessary Modifications)کی جاتی ہیں۔ یہ مرحلہ تنظیم کی کارکردگی (Performance) کو مسلسل بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے اور

اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ افرادی قوت (Workforce) تنظیمی اہداف (Organizational Goals) کے مطابق کام کر رہی ہے۔

انسانی وسائل کی منصوبہ بندی(HRP)ایک منظم(Systematic)اور مسلسل جاری رہنے والا عمل ( Ongoing Process)ہے جو تنظیم کو افرادی قوت کی ضروریات (Workforce Needs) کا اندازہ لگانے ان کے حل کے لیے حکمتِ عملی (Strategies)بنانے اور تنظیمی ترقی (Organizational Growth)کے لیے موزوں اقدامات (Appropriate Measures)اٹھانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ایک مؤثر HRPتنظیم کو افرادی قوت کی کمی (Workforce Shortage)اور زیادتی (Workforce Surplus) کے مسائل سے بچانے کے ساتھ ساتھ ملازمین کی مہارتوں(Employee Skills)کو بہتر بنانے تنظیمی ترقی(Business Growth)کو یقینی بنانے اور مسابقتی برتری(Competitive Advantage)حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 4.7 ملازمت کا تجزیہ مفہوم اور عمل(Meaning and Process of Job Analysis)

### مفہوم(Meaning of Job Analysis)

ملازمت کا تجزیہ(Job Analysis)ایک منظم عمل(Systematic Process) ہے جس کے ذریعے کسی مخصوص ملازمت (Job) کی نوعیت اس میں شامل کام(Tasks) ذمہ داریاں(Responsibilities) اور ضروری مہارتیں (Required Skills)کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔اس عمل کے ذریعے تنظیم اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہر ملازمت کا دائرہ کار(Scope) کارکردگی کے معیارات(Performance Standards) اور اس کے لیے درکار صلاحیتیں (Competencies) واضح ہوں۔

ملازمت کے تجزیے کا بنیادی مقصد تنظیم میں بھرتی(Recruitment) تربیت(Training) کارکردگی کی جانچ (Performance Evaluation)اور ملازمین کی ترقی (Career Development) کے عمل کو مؤثر بنانا ہے۔اس کے ذریعے یہ تعین کیا جاتا ہے کہ کسی خاص کام کے لیے کن مہارتوں علم(Knowledge) اور تجربے (Experience) کی ضرورت ہے۔

### ملازمت کے تجزیے کا عمل(Process of Job Analysis)

ملازمت کے تجزیے کا عمل ایک منظم اور مرحلہ وار (Systematic and Stepwise) عمل ہے جس میں مختلف تکنیکوں کو استعمال کر کے ملازمت کی نوعیت(Nature of Job) اس میں شامل کاموں(Tasks) اور ضروری مہارتوں (Skills)کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔اس عمل کے درج ذیل مراحل ہوتے ہیں:

1۔ ملازمت کے تجزیے کی ضرورت کا تعین(Determining the Need for Job Analysis)

ملازمت کے تجزیے کا پہلا مرحلہ اس بات کا تعین کرنا ہے کہ کس وجہ سے ملازمت کا تجزیہ کیا جا رہا ہے۔ تنظیم میں جب نئی ملازمتیں تخلیق کی جاتی ہیں(New Job Creation) تنظیمی ڈھانچے میں تبدیلی آتی ہے(Structural Changes) یا ملازمت کے تقاضے تبدیل ہوتے ہیں (Changes in Job Requirements) تو ملازمت کا تجزیہ ضروری ہو جاتا ہے۔

2۔ معلومات اکٹھا کرنے کے طریقے متعین کرنا(Choosing Methods for Data Collection)

ملازمت کے تجزیے میں معلومات اکٹھا کرنے کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں جیسے کہ:

- انٹرویوز(Interviews): ملازمین اور سپروائزرز سے بات چیت کر کے ملازمت کی تفصیلات جمع کی جاتی ہیں۔
- سروے اور سوالنامے(Surveys and Questionnaires): ملازمت کی نوعیت اور اس کے تقاضوں کو سمجھنے کے لیے تحریری سوالنامے استعمال کیے جاتے ہیں۔
- میدانی مشاہدہ(Observation): ملازمین کے کام کو براہ راست دیکھ کر ان کی ذمہ داریوں اور کام کرنے کے طریقے کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔
- ماضی کے ریکارڈز کا جائزہ(Review of Past Records): ملازمت کی تفصیلات اور کارکردگی کے معیارات کو سمجھنے کے لیے تنظیمی دستاویزات اور رپورٹس کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

3۔ ملازمت کے فرائض اور ذمہ داریوں کی تفصیل تیار کرنا(Defining Job Duties and Responsibilities)

اس مرحلے میں ہر ملازمت کی اہم ذمہ داریوں(Key Responsibilities) انجام دیے جانے والے کاموں (Tasks Performed)اور ان کے تنظیمی ڈھانچے میں مقام (Position in Organizational Hierarchy) کی وضاحت کی جاتی ہے۔

4۔ ملازمت کی کارکردگی کے معیارات کا تعین(Setting Performance Standards)

یہ مرحلہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ملازمین کی کارکردگی (Performance) کو جانچنے کے لیے واضح معیارات (Clear Standards)موجود ہوں۔ اس میں مطلوبہ پیداواری صلاحیت(Productivity) معیار(Quality of Work) اور ملازم کی کارکردگی (Efficiency) کے اہداف متعین کیے جاتے ہیں۔

5۔ ملازمت کے لیے درکار مہارتوں اور صلاحیتوں کی وضاحت (Identifying Required Skills and Qualifications)

اس میں یہ تجزیہ کیا جاتا ہے کہ کسی مخصوص ملازمت کے لیے کون سی مہارتیں(Skills) تعلیمی قابلیت (Educational Qualifications) تجربہ(Experience) اور جسمانی یا ذہنی صلاحیتیں (Physical or Mental Abilities) درکار ہوں گی۔

6۔ ملازمت کی وضاحت (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) کی تیاری

ملازمت کے تجزیے کے آخری مرحلے میں دو بنیادی دستاویزات تیار کی جاتی ہیں:

- ملازمت کی تفصیل(Job Description):اس میں ملازمت کے مجموعی دائرہ کار فرائض ذمہ داریوں اور تنظیمی حیثیت کی وضاحت کی جاتی ہے۔
- ملازمت کی وضاحت(Job Specification):اس میں ملازمت کے لیے درکار تعلیمی قابلیت تجربہ مہارتیں اور جسمانی ضروریات بیان کی جاتی ہیں۔

ملازمت کا تجزیہ (Job Analysis) ایک اہم عمل ہے جو تنظیم میں انسانی وسائل کے مؤثر انتظام (Effective HR Management) کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔اس کے ذریعے تنظیم کو ہر ملازمت کے لیے درکار ذمہ داریوں مہارتوں اور قابلیت کا مکمل جائزہ لینے کا موقع ملتا ہے جس سے نہ صرف بھرتی اور انتخاب (Recruitment & Selection) کا عمل مؤثر ہوتا ہے بلکہ ملازمین کی ترقی(Employee Development) کارکردگی کی نگرانی(Performance Evaluation) اور تربیتی پروگرامز (Training Programs) بھی بہتر انداز میں ترتیب دیے جا سکتے ہیں۔

## 4.8 ملازمت کی تفصیل اور ملازمت کی وضاحت(Job Description and Job Specification)

ملازمت کا تجزیہ (Job Analysis) کے دو اہم اجزاء ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) ہیں جو کسی بھی عہدے کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرتے ہیں۔

**ملازمت کی تفصیل(Job Description)**

ملازمت کی تفصیل(Job Description)ایک تحریری دستاویز(Written Document)ہے جو کسی مخصوص ملازمت کے فرائض(Duties)ذمہ داریوں(Responsibilities) کام کی نوعیت(Nature of Work) اور تنظیم میں اس کے مقام (Position in Organization) کو بیان کرتی ہے۔اس کا مقصد یہ ہے کہ ملازم کو اس کی ذمہ داریوں اور تنظیم کے اندر اس کے کردار کے بارے میں واضح معلومات فراہم کی جائیں۔

اہم نکات:

- ملازمت کے نام (Job Title) کا ذکر کیا جاتا ہے۔
- تنظیم میں عہدے (Position) اور محکمے (Department) کی وضاحت کی جاتی ہے۔
- ملازمت کی اہم ذمہ داریاں (Key Responsibilities) اور روزمرہ کے کام (Daily Tasks) بیان کیے جاتے ہیں۔

- رپورٹنگ اور جوابدہی (Reporting and Accountability) کا تعین کیا جاتا ہے یعنی ملازم کن کے ماتحت کام کرے گا اور کون اس کی کارکردگی کی نگرانی کرے گا۔
- ملازمت کے کام کے ماحول (Work Environment) اور شرائط وضوابط (Terms & Conditions) کی وضاحت کی جاتی ہے۔

**ملازمت کی وضاحت(Job Specification)**

ملازمت کی وضاحت(Job Specification)ایک تفصیلی بیان(Detailed Statement)ہے جو کسی مخصوص عہدے کے لیے درکار مہارتوں(Skills)تجربے(Experience)تعلیمی قابلیت (Educational Qualifications)اور جسمانی یاذہنی صلاحیتوں(Physical & Mental Abilities)کو بیان کرتی ہے۔اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ تنظیم ان اہلیتوں(Competencies) کی بنیاد پر موزوں امیدواروں کا انتخاب کر سکے۔

اہم نکات:

- تعلیمی قابلیت (Educational Qualifications) یعنی امیدوار کے لیے مطلوبہ تعلیمی معیار کیا ہوگا۔
- پیشہ ورانہ تجربہ (Work Experience) یعنی امیدوار کے پاس کس حد تک تجربہ ہونا چاہیے۔
- خصوصی مہارتیں (Special Skills) جیسے کمپیوٹر کی مہارت زبان دانی اور تکنیکی صلاحیتیں۔
- ذہنی اور جسمانی تقاضے (Mental & Physical Requirements) جیسے مخصوص ذہنی استعداد کام کرنے کی صلاحیت یا جسمانی صحت کے معیار۔
- ذاتی خصوصیات (Personal Attributes) جیسے قیادت کی صلاحیت مسئلہ حل کرنے کی مہارت اور تنظیمی مطابقت۔

ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) کسی بھی تنظیم میں افرادی قوت کے مؤثر انتظام (Effective Workforce Management) کے بنیادی اجزاء ہیں۔یہ دونوں دستاویزات بھرتی(Recruitment) تربیت(Training) کارکردگی کی جانچ(Performance Evaluation) اور تنظیمی ترقی (Organizational Growth)میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ایک جامع ملازمت کی تفصیل اور وضاحت تنظیم کو موزوں امیدواروں کے انتخاب میں مدد فراہم کرتی ہے اور ملازمین کو ان کی ذمہ داریوں اور توقعات کے بارے میں مکمل آگاہی دیتی ہے۔

---

## 4.9 ملازمت کے ڈیزائن پر اثر انداز ہونے والے عوامل(Factors Affecting Job Design)

---

ملازمت کا ڈیزائن (Job Design) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے کسی کام کو انجام دینے کے لیے ذمہ داریوں (Responsibilities)کام کے طریقہ کار(Work Processes) اور مہارتوں (Skills) کو منظم کیا جاتا ہے۔ایک مؤثر

ملازمت کا ڈیزائن ملازمین کی کارکردگی (Performance) اطمینان (Job Satisfaction) اور تنظیمی پیداواری صلاحیت (Productivity) پر مثبت اثر ڈال سکتا ہے۔ مختلف عوامل ملازمت کے ڈیزائن پر اثر انداز ہوتے ہیں جن میں درج ذیل شامل ہیں:

1۔ تنظیمی عوامل (Organizational Factors): کسی تنظیم کی حکمت عملی (Strategy) ڈھانچہ (Structure) اور وسائل (Resources) ملازمت کے ڈیزائن کو متاثر کرتے ہیں۔ اگر تنظیم کا ڈھانچہ مرکزی نوعیت کا (Centralized) ہے تو ملازمت کے کردار زیادہ متعلقہ (Specialized) ہوتے ہیں جبکہ اگر یہ غیر مرکزی (Decentralized) ہے تو ملازمین کو زیادہ آزادی دی جاتی ہے۔

2۔ تکنیکی عوامل (Technological Factors): ملازمت کے ڈیزائن پر ٹیکنالوجی (Technology) کا نمایاں اثر ہوتا ہے۔ اگر تنظیم میں اعلیٰ درجے کی خودکار ٹیکنالوجی (Automation) استعمال ہو رہی ہے تو ملازمت زیادہ معیاری (Standardized) اور آسان ہو سکتی ہے۔ دوسری طرف اگر ملازمت تخلیقی مہارتوں (Creative Skills) کی متقاضی ہو تو اس کا ڈیزائن زیادہ لچکدار (Flexible) اور پیچیدہ (Complex) ہوگا۔

3۔ ماحولیاتی عوامل (Environmental Factors): بیرونی ماحول جیسے کہ قانونی تقاضے (Legal Requirements) مزدوری کے قوانین (Labor Laws) صنعتی ضوابط (Industry Regulations) اور معاشی حالات (Economic Conditions) بھی ملازمت کے ڈیزائن کو متاثر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ ملازمتوں میں حفاظتی معیارات (Safety Standards) کو برقرار رکھنے کے لیے مخصوص ڈیزائن ضروری ہو سکتا ہے۔

4۔ نفسیاتی اور انسانی عوامل (Psychological and Human Factors): ملازمین کی ضروریات (Needs) مہارتیں (Skills) اور توقعات (Expectations) بھی ملازمت کے ڈیزائن میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اگر ملازمت زیادہ چیلنجنگ (Challenging) اور دلچسپ (Interesting) ہو تو ملازمین زیادہ متحرک (Motivated) اور مطمئن (Satisfied) رہیں گے۔ اس کے برعکس اگر ملازمت بہت یکسانیت (Monotonous) رکھتی ہے تو اس سے ملازمین کی کارکردگی اور حوصلہ (Morale) متاثر ہو سکتا ہے۔

5۔ قانونی اور سماجی عوامل (Legal and Social Factors): مزدور قوانین صنعتی ضوابط اور سماجی توقعات بھی ملازمت کے ڈیزائن پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ برابری (Equality) تنوع (Diversity) اور ملازمت کے حقوق (Employee Rights) جیسے عوامل بھی ملازمت کے کردار کی تشکیل میں شامل ہوتے ہیں۔

ملازمت کا ڈیزائن متعدد داخلی اور خارجی عوامل کے امتزاج سے تشکیل پاتا ہے۔ ایک متوازن ملازمت کا ڈیزائن نہ صرف تنظیم کی پیداواری صلاحیت (Productivity) کو بہتر بناتا ہے بلکہ ملازمین کی کارکردگی (Performance) اطمینان (Job Satisfaction) اور تنظیمی کامیابی (Organizational Success) کو بھی یقینی بناتا ہے۔

## 4.10 ملازمت میں افزودگی اور ملازمت میں وسعت

(Job Enrichment and Job Enlargement)

ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) اور ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) دونوں ملازمت کے ڈیزائن (Job Design) کی اہم حکمتِ عملیاں ہیں جن کا مقصد ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور انہیں زیادہ حوصلہ افزا کام کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ تاہم ان دونوں تصورات میں بنیادی فرق موجود ہے۔

**ملازمت میں افزودگی(Job Enrichment)**

ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے کسی ملازمت کو زیادہ چیلنجنگ (Challenging)دلچسپ(Interesting) اور بامقصد (Meaningful) بنایا جاتا ہے۔ اس میں ملازمین کو زیادہ خودمختاری (Autonomy)دی جاتی ہے اور ان کے فیصلوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔

خصوصیات:

- ملازمین کو اضافی ذمہ داریاں (Additional Responsibilities) دی جاتی ہیں جو زیادہ مہارتوں اور اختیارات کا تقاضا کرتی ہیں۔
- فیصلہ سازی (Decision-Making) کا اختیار بڑھایا جاتا ہے تاکہ ملازم اپنی کارکردگی پر براہ راست اثر ڈال سکے۔
- کام میں تنوع (Variety) اور چیلنجز (Challenges) شامل کیے جاتے ہیں تاکہ ملازمین کی دلچسپی برقرار رہے۔
- ملازمین کی ذاتی ترقی (Personal Growth) اور سیکھنے (Learning) کے مواقع میں اضافہ ہوتا ہے۔

**ملازمت میں وسعت(Job Enlargement)**

ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) ایک ایسا طریقہ ہے جس میں ملازمین کی ذمہ داریوں میں اضافہ (Increasing Job Scope)کیا جاتا ہے لیکن ان کاموں کی نوعیت پہلے سے دیے گئے کاموں سے زیادہ مختلف نہیں ہوتی۔ اس کا مقصد ملازمین کی کام میں دلچسپی بڑھانا اور یکسانیت (Monotony) کو کم کرنا ہوتا ہے۔

خصوصیات:

- ملازمین کو زیادہ تعداد میں کام (More Tasks) تفویض کیے جاتے ہیں لیکن وہ کام مہارت کے لحاظ سے اسی سطح کے ہوتے ہیں۔
- کام کے دوران یکسانیت اور بوریت کو کم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔
- ملازمین کی مصروفیت (Engagement) اور پیداوری صلاحیت (Productivity) میں اضافہ ہوتا ہے لیکن اس سے ملازمین کے اختیار میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوتا۔

فرق کا خلاصہ(Summary of Differences)

| پہلو | ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) | ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) |
| --- | --- | --- |
| مقصد | کام کے دائرہ کار میں اضافہ کرنا | کام کو زیادہ چیلنجنگ اور دلچسپ بنانا |
| اختیار(Autonomy) | ملازمین کے اختیار میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوتی | ملازمین کو زیادہ فیصلے کرنے کی آزادی دی جاتی ہے |
| مہارتوں میں اضافہ (Skill Enhancement) | موجودہ کام کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے لیکن مہارت میں نمایاں فرق نہیں آتا | نئی اور زیادہ پیچیدہ مہارتیں سیکھنے کے مواقع فراہم ہوتے ہیں |
| اثر(Impact) | ملازمین کی مصروفیت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے لیکن ترقی کے مواقع محدود ہوتے ہیں | ملازم کی ترقی اور کارکردگی میں بہتری آتی ہے |
| مثال | کسی سیلز ایگزیکٹو کو اضافی مصنوعات فروخت کرنے کی ذمہ داری دینا | کسی مارکیٹنگ ایگزیکٹو کو مارکیٹ تجزیہ اور حکمتِ عملی بنانے کی ذمہ داری دینا |

ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) اور ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) دونوں اہم حکمتِ عملیاں ہیں جو ملازمین کی کارکردگی اور کام میں دلچسپی کو بڑھانے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ ملازمت میں افزودگی زیادہ مہارتوں چیلنجز اور خودمختاری پر مرکوز ہوتی ہے جبکہ ملازمت میں وسعت کام کے دائرہ کار کو وسیع کرنے پر توجہ دیتی ہے۔ تنظیم کی ضروریات اور ملازمین کی صلاحیتوں کے مطابق ان دونوں طریقوں کو مؤثر طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے تاکہ کارکردگی اطمینان اور تنظیمی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔

---

## 4.11 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

---

اس یونٹ کے مطالعے کے بعد طلبہ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے تصور، مفہوم، تعریف، ضرورت اور مقاصد کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ طلبہ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے عمل کے مختلف مراحل کو سمجھ چکے ہیں اور انہیں عملی تناظر میں بیان کر سکتے ہیں۔ اس یونٹ کے ذریعے طلبہ ملازمت کے تجزیے کے مفہوم اور عمل، ملازمت کی تفصیل اور ملازمت کی وضاحت کے درمیان فرق کو

سمجھ چکے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ ملازمت کے ڈیزائن کو متاثر کرنے والے عوامل کے ساتھ ساتھ ملازمت میں افزودگی اور ملازمت میں وسعت کے تصورات اوران کے ملازمین کی کارکردگی اور حوصلے پر اثرات کا تجزیہ کرنے کے قابل ہوگئے ہیں۔

## 4.12 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (Human Resource Planning) کیا ہے؟

2۔ ملازمت کے تجزیے (Job Analysis) کے دو بنیادی اجزاء کون سے ہیں؟

3۔ ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) میں بنیادی فرق کیا ہے؟

4۔ ملازمت کے ڈیزائن (Job Design) پر اثرانداز ہونے والے دو عوامل کون سے ہیں؟

5۔ ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

6۔ ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) کا مطلب کیا ہے؟

7۔ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی کے عمل کا پہلا مرحلہ کون سا ہے؟

8۔ ملازمت کی تفصیل میں کون کون سی معلومات شامل ہوتی ہیں؟

9۔ ملازمت کے تجزیے میں معلومات حاصل کرنے کا ایک طریقہ بتائیں؟

10۔ ملازمت کے ڈیزائن میں تنظیمی عوامل (Organizational Factors) کا کیا کردار ہوتا ہے؟

### مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1۔ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (Human Resource Planning) کی ضرورت پر مختصر نوٹ لکھیں۔

2۔ ملازمت کے تجزیے (Job Analysis) کے بنیادی مراحل کی وضاحت کریں۔

3۔ ملازمت کے ڈیزائن پر اثرانداز ہونے والے ماحولیاتی اور تکنیکی عوامل پر تبصرہ کریں۔

4۔ ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) میں فرق واضح کریں۔

5۔ ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) اور ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) کے درمیان تین بنیادی فرق بتائیں۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1۔ انسانی وسائل کی منصوبہ بندی (HRP) کے عمل کو تفصیل سے بیان کریں اوراس کے ہر مرحلے کی وضاحت کریں۔

2۔ ملازمت کے تجزیے (Job Analysis) کے مفہوم اہمیت اور طریقہ کار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

3۔ ملازمت کے ڈیزائن (Job Design) پر اثر انداز ہونے والے مختلف عوامل کی وضاحت کریں اور ان کی تنظیمی کارکردگی پر اثرات کا تجزیہ کریں۔

4۔ ملازمت کی تفصیل (Job Description) اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) کو ایک مثال کے ذریعے تفصیل سے بیان کریں۔

5۔ ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) اور ملازمت میں وسعت (Job Enlargement) کے درمیان فرق واضح کریں اور ان کے عملی اثرات کا تجزیہ کریں۔

# اکائی 5۔ بھرتی اور انتخاب

(Recruitment and Selection)

اکائی کے اجزا

5.0 تمہید(Introduction)

5.1 مقاصد(Objectives)

5.2 بھرتی اور انتخاب ایک تعارف(Recruitment & Selection an Introduction)

5.3 بھرتی مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Recruitment)

5.4 بھرتی کے ذرائع(Sources of Recruitment)

5.5 بھرتی کے طریقے(Methods of Recruitment)

5.6 انتخاب مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Selection)

5.7 انتخاب کا عمل(Selection Process)

5.8 بھرتی اور انتخاب کے درمیان فرق(Difference between Recruitment and Selection)

5.9 تعریف اور تعارف: انڈکشن اور اورینٹیشن

(Meaning and Introduction of Induction & Orientation)

5.10 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

5.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

---

## 5.0 تمہید(Introduction)

اکائی 4"انسانی وسائل کی منصوبہ بندی"(Human Resource Planning-HRP)میں ہم نے اس بات کا جائزہ لیا کہ کس طرح تنظیم اپنی مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک منظم حکمتِ عملی تیار کرتی ہے۔HRPکے عمل میں ملازمت کے تجزیے(Job Analysis)ملازمت کی تفصیل(Job Description)اور ملازمت کی وضاحت (Job Specification) جیسے اہم اجزاء شامل ہوتے ہیں جو تنظیم کو افرادی قوت کے مؤثر نظم ونسق میں مدد فراہم کرتے ہیں۔اس کے ساتھ

ہم نے ملازمت کے ڈیزائن (Job Design) پر اثر انداز ہونے والے عوامل اور ملازمت میں افزودگی (Job Enrichment) و وسعت(Job Enlargement) کے تصورات کو بھی سمجھا جو ملازمین کی کارکردگی اور اطمینان میں اضافہ کرتے ہیں۔

اکائی 5"بھرتی اور انتخاب HRP"(Recruitment & Selection)کا عملی پہلو پیش کرتی ہے جو یہ طے کرتا ہے کہ تنظیم اپنی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے موزوں امیدواروں کو کس طرح تلاش اور منتخب کرے گی۔ بھرتی (Recruitment)کا عمل موزوں امیدواروں کو تنظیم کی طرف راغب کرنے کا ایک طریقہ ہے جبکہ انتخاب(Selection)ان میں سے بہترین امیدواروں کو چننے کا ایک مرحلہ وار طریقہ کار ہے۔

اس اکائی میں ہم سب سے پہلے بھرتی (Recruitment) کے ذرائع اور طریقے (Sources & Methods of Recruitment)کا مطالعہ کریں گے جو تنظیموں کو مختلف چینلز کے ذریعے باصلاحیت افراد کی تلاش میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم بھرتی اور انتخاب کے درمیان فرق (Difference between Recruitment and Selection) پر غور کریں گے تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ یہ دونوں عمل کس طرح ایک دوسرے سے مختلف لیکن باہمی مربوط ہیں۔ مزید برآں ہم انتخاب کے عمل (Selection Process)کا تفصیلی مطالعہ کریں گے جس میں امیدواروں کی جانچ انٹرویوز اور تقرری کے مراحل شامل ہیں۔ آخر میں ہم ملازمین کی تنظیم میں شمولیت (Induction) اور رہنمائی (Orientation) کے تصور پر گفتگو کریں گے جو نئے ملازمین کو تنظیمی ماحول سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

یہ اکائی طلبہ کو بھرتی اور انتخاب کے بنیادی اصولوں ان کے ذرائع طریقوں اور عملی اطلاق کو سمجھنے میں مدد دے گی تاکہ وہ جان سکیں کہ ایک تنظیم اپنی افرادی قوت کو بہترین طریقے سے کیسے ترتیب دیتی ہے۔

## 5.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- بھرتی اور انتخاب کے بنیادی تصورات کو سمجھنا
- بھرتی کے ذرائع اور طریقوں کا تجزیہ کرنا
- انتخابی عمل کی تفصیل اور اس کے مراحل کا مطالعہ کرنا
- انڈکشن اور اورینٹیشن کے عمل کو سمجھنا

## 5.2 بھرتی اور انتخاب ایک تعارف(Recruitment & Selection an Introduction)

بھرتی(Recruitment)اور انتخاب(Selection)انسانی وسائل کے نظم و نسق میں کلیدی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ ان کے ذریعے تنظیم اپنی افرادی قوت کو مکمل کرتی ہے۔ بھرتی کا مطلب موزوں امیدواروں کو تنظیم کی طرف راغب کرنا ہے جبکہ انتخاب کا عمل ان میں سے بہترین اور مطلوبہ صلاحیتوں کے حامل امیدواروں کو منتخب کرنے کا طریقہ ہے۔

بھرتی ایک وسیع عمل ہے جس میں مختلف ذرائع اور طریقے استعمال کیے جاتے ہیں جیسے کہ اندرونی بھرتی (Internal Recruitment) بیرونی بھرتی(External Recruitment) اور جدید ٹیکنالوجی جیسے آن لائن پلیٹ فارمز کا استعمال۔ دوسری طرف انتخاب ایک فلٹرنگ پروسیس ہے جس میں تنظیم مختلف مراحل جیسے کہ درخواستوں کی جانچ انٹرویوز اور تشخیصی ٹیسٹ کے ذریعے موزوں امیدواروں کا انتخاب کرتی ہے۔ بھرتی اور انتخاب کا مؤثر عمل تنظیم کو باصلاحیت اور موزوں افراد فراہم کرتا ہے جو تنظیم کی ترقی پیداواری صلاحیت اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔

## 5.3 بھرتی مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Recruitment)

### مفہوم(Meaning of Recruitment)

بھرتی (Recruitment) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے کسی تنظیم میں خالی اسامیوں کے لیے موزوں امیدواروں کو تلاش کیا جاتا ہے اور انہیں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ یہ تنظیمی کامیابی کے لیے ایک بنیادی قدم ہے کیونکہ اسی کے ذریعے بہترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو منتخب کرنے کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔ بھرتی کا مقصد ایسے امیدواروں کو راغب کرنا ہے جو تنظیم کے تقاضوں کے مطابق مطلوبہ مہارت تجربہ اور صلاحیتوں کے حامل ہوں۔

### تعریف(Definition of Recruitment)

بھرتی ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے کسی تنظیم میں خالی عہدوں کو پر کرنے کے لیے موزوں اور اہل امیدواروں کو تلاش کیا جاتا ہے اور انہیں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

یا

بھرتی ایک منظم طریقہ کار ہے جس کے تحت تنظیم ممکنہ امیدواروں کی نشاندہی کرتی ہے انہیں مدعو کرتی ہے اور درخواست دینے کے لیے ترغیب فراہم کرتی ہے تاکہ تنظیم کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے بہترین افرادی قوت دستیاب ہو سکے۔"

بھرتی کے مختلف ذرائع اور طریقے ہوتے ہیں جن کے ذریعے تنظیم کو موزوں امیدواروں تک رسائی حاصل ہوتی ہے جیسے کہ اندرونی بھرتی(Internal Recruitment) بیرونی بھرتی(External Recruitment) اور جدید بھرتی کے طریقے جیسے آن لائن پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا کا استعمال۔

## 5.4 بھرتی کے ذرائع(Sources of Recruitment)

بھرتی (Recruitment) کسی بھی تنظیم میں مطلوبہ افرادی قوت کو حاصل کرنے کا ایک بنیادی ذریعہ ہے جو تنظیم کی ترقی اور کارکردگی کو براہ راست متاثر کرتا ہے۔ تنظیم کی ضروریات اور دستیاب وسائل کے مطابق بھرتی کے ذرائع کو دو بنیادی اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے:

1۔ اندرونی بھرتی(Internal Recruitment)

اس طریقے میں تنظیم اپنی موجودہ افرادی قوت سے ہی موزوں امیدواروں کو منتخب کرتی ہے۔اس طریقہ کار کے ذریعے تنظیم کے اندر موجود باصلاحیت ملازمین کو ترقی (Career Growth) کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں جو نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation)میں اضافہ کرتا ہے بلکہ تنظیم کو بھی ایک مستحکم اور تجربہ کار افرادی قوت فراہم کرتا ہے۔اندرونی بھرتی کے چند اہم طریقے درج ذیل ہیں:

- ترقی(Promotion): کسی ملازم کو اس کی کارکردگی تجربے اور مہارت کی بنیاد پر ایک اعلیٰ درجے کے عہدے پر ترقی دینا تاکہ وہ زیادہ ذمہ داریوں کو نبھا سکے۔
- منتقلی(Transfers): ملازمین کو ایک محکمہ (Department) یا مقام (Location) سے دوسرے محکمہ یا مقام پر منتقل کرنا تاکہ تنظیم میں بہتر ورک فلو اور ملازمین کی مہارتوں کو مزید مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکے۔
- داخلی اشتہار(Internal Job Posting): تنظیم کے اندر ملازمین کو خالی عہدوں کے بارے میں آگاہ کرنا تاکہ وہ نئے مواقع کے لیے درخواست دے سکیں۔اس طریقے سے تنظیم کو پہلے سے موجود وفادار اور تجربہ کار ملازمین سے استفادہ کرنے کا موقع ملتا ہے۔
- ملازمین کی سفارشات(Employee Referrals): تنظیم موجودہ ملازمین کے ذریعے نئے امیدواروں کی سفارشات حاصل کرتی ہے جو اکثر زیادہ قابل بھروسہ اور تنظیمی ثقافت سے ہم آہنگ ثابت ہوتے ہیں۔

اندرونی بھرتی تنظیم کے لیے زیادہ مؤثر اور کم لاگت (Cost-Effective) طریقہ ہے کیونکہ اس میں پہلے سے موجود افرادی قوت کو بہتر طور پر منظم کیا جاتا ہے اور بھرتی کے عمل میں وقت اور وسائل کی بچت ہوتی ہے۔

2۔ بیرونی بھرتی(External Recruitment)

اگر تنظیم کو ایسے افراد کی ضرورت ہو جو پہلے سے اس کے ساتھ کام نہیں کر رہے تو وہ بیرونی ذرائع سے موزوں امیدواروں کو تلاش کرتی ہے۔بیرونی بھرتی تنظیم کو نئی مہارتوں(Fresh Talent) جدید خیالات(Innovative Ideas) اور مسابقتی برتری (Competitive Edge)حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔بیرونی بھرتی کے چند عام اور مؤثر ذرائع درج ذیل ہیں:

- ملازمت کے اشتہارات(Job Advertisements): تنظیم اپنی خالی اسامیوں کو اخبارات ویب سائٹس سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع کے ذریعے تشہیر کرتی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ امیدواروں تک پہنچا جا سکے۔ یہ طریقہ خاص طور پر بڑے پیمانے پر بھرتی (Mass Hiring)کے لیے مفید ہوتا ہے۔
- ملازمت کی ایجنسیاں(Employment Agencies): یہ پیشہ ورانہ ادارے تنظیموں کے لیے موزوں امیدواروں کو تلاش کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ خاص طور پر اعلیٰ عہدوں پر بھرتی کے لیے ہیڈ ہنٹنگ(Head Hunting)ایجنسیاں تنظیم کے لیے بہترین امیدوار تلاش کرتی ہیں۔
- کیمپس بھرتی(Campus Recruitment): تنظیمیں یونیورسٹیوں اور کالجوں سے فارغ التحصیل طلبہ کو بھرتی کرتی ہیں تاکہ نئی مہارتوں اور تازہ دم خیالات کو تنظیم میں شامل کیا جا سکے۔ یہ طریقہ نئی نسل کے باصلاحیت افراد کو موقع فراہم کرتا ہے جو جدید ٹیکنالوجی اور مہارتوں میں مہارت رکھتے ہیں۔
- آن لائن بھرتی(Online Recruitment): جدید دور میں تنظیمیں جاب پورٹلز (Job Portals) جیسے IndeedLinkedInاور Naukri کے ذریعے بھرتی کرتی ہیں جس سے تنظیمیں کسی بھی مقام سے موزوں امیدواروں تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔
- اوپن انٹرویوز(Walk-in Interviews):امیدواروں کو براہ راست انٹرویو کے لیے مدعو کرنا خاص طور پر ایسے شعبوں میں جہاں بڑی تعداد میں ملازمین کی ضرورت ہو جیسے کہ کسٹمر سروس ہوٹل انڈسٹری اور مینوفیکچرنگ سیکٹر۔

بیرونی بھرتی تنظیم کو نئی مہارتوں متنوع تجربے اور بہتر کارکردگی کے حامل افراد کو شامل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ تاہم یہ طریقہ زیادہ وقت لینے والا (Time-Consuming) اور مہنگا (Costly) ہو سکتا ہے کیونکہ تنظیم کو نئے امیدواروں کو تربیت (Training)اور تنظیمی ماحول میں ہم آہنگ (Onboarding) کرنا ہوتا ہے۔

بھرتی کے ذرائع کا انتخاب تنظیم کی ضروریات بجٹ اور دستیاب وسائل پر منحصر ہوتا ہے۔ اندرونی بھرتی موجودہ ملازمین کو ترقی دینے برقرار رکھنے اور تنظیمی ثقافت کو مضبوط کرنے میں مدد دیتی ہے جبکہ بیرونی بھرتی نئی مہارتوں اور تازہ دم خیالات کو شامل کرکے تنظیم میں تنوع اور جدت پیدا کرتی ہے۔ ایک مؤثر بھرتی کا عمل تنظیم کو باصلاحیت اور موزوں افراد فراہم کرتا ہے جو تنظیم کی ترقی پیداواری صلاحیت اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔

## 5.5 بھرتی کے طریقے(Methods of Recruitment)

بھرتی کے لیے تنظیمیں مختلف طریقے (Methods) اختیار کرتی ہیں تاکہ موزوں امیدواروں کی تلاش اور ان کی جانچ کو مؤثر بنایا جا سکے۔

1۔ روایتی طریقے(Traditional Methods)

- اخباری اشتہارات(Newspaper Advertisements): مقامی اور قومی اخبارات میں ملازمت کے مواقع شائع کرنا۔
- روزگار کے دفاتر(Employment Exchanges): سرکاری یا نجی ادارے جو تنظیموں کو مناسب امیدوار فراہم کرتے ہیں۔

2۔ جدید طریقے(Modern Methods)

- ای-بھرتی(E-Recruitment):آن لائن پلیٹ فارمز جیسےIndeedNaukri LinkedInاور دیگر جاب پورٹلز کے ذریعے امیدواروں کی تلاش۔
- سوشل میڈیا بھرتی(Social Media Recruitment): تنظیمیںFacebook Twitter اور LinkedIn جیسے پلیٹ فارمز پر ملازمتوں کی تشہیر کرتی ہیں۔
- ٹیلنٹ پول(Talent Pooling): تنظیم اپنی ویب سائٹ یا HR ڈیٹا بیس میں امیدواروں کا ریکارڈ رکھتی ہے اور ضرورت کے وقت ان سے رابطہ کرتی ہے۔

بھرتی کے ذرائع اور طریقے تنظیم کی ضروریات بجٹ اور عہدے کی نوعیت کے مطابق منتخب کیے جاتے ہیں۔اندرونی بھرتی موجودہ ملازمین کو ترقی دینے اور برقرار رکھنے کا موقع فراہم کرتی ہے جبکہ بیرونی بھرتی نئے اور باصلاحیت افراد کو تنظیم میں شامل کرنے میں مدد دیتی ہے۔جدید دور میں ای-بھرتی اور سوشل میڈیا بھرتی کے مؤثر ذرائع بن چکے ہیں جو تنظیموں کو تیز اور بہتر بھرتی کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

## 5.6 انتخاب مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Selection)

### مفہوم(Meaning of Selection)

انتخاب(Selection)ایک ایسا منظم عمل ہے جس میں تنظیم بھرتی کیے گئے امیدواروں میں سے سب سے موزوں اور بہترین امیدواروں کا انتخاب کرتی ہے۔اس عمل کا مقصد یہ یقینی بنانا ہوتا ہے کہ صرف وہی امیدوار تنظیم میں شامل ہوں جو مطلوبہ مہارتوں (Skills)تجربے(Experience) اور صلاحیتوں (Competencies) پر پورا اترتے ہوں۔

انتخاب کا عمل متعدد مراحل(Multiple Stages)پر مشتمل ہوتا ہے جس میں امیدواروں کی درخواستوں کی جانچ (Screening)انٹرویوز,(Interviews)اور مختلف تشخیصی ٹیسٹ(Assessment Tests)شامل ہوتے ہیں۔ایک مؤثر انتخابی عمل تنظیم کو نہ صرف قابل باصلاحیت اور اہل افراد مہیا کرتا ہے بلکہ مستقبل میں کارکردگی اور ملازمین کے استحکام (Employee Retention)کو بھی بہتر بناتا ہے۔

**تعریف(Definition of Selection)**

"انتخاب (Selection) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ممکنہ امیدواروں میں سے سب سے موزوں اور قابل افراد کو منتخب کرتی ہے تاکہ تنظیم کی افرادی قوت کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے۔"

یا

"انتخاب ایک ایسا مرحلہ وار عمل ہے جس میں امیدواروں کی صلاحیتوں تجربے اور تنظیمی ضروریات کے مطابق ان کی موزونیت کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور بہترین امیدواروں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔"

## 5.7 انتخاب کا عمل(Selection Process)

انتخاب (Selection) ایک منظم اور مرحلہ وار عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم بھرتی کیے گئے امیدواروں میں سے سب سے موزوں اور بہترین امیدواروں کا انتخاب کرتی ہے۔ یہ عمل یقینی بناتا ہے کہ تنظیم میں شامل ہونے والے افراد درکار مہارتوں (Required Skills)تجربے(Experience) اور تنظیمی ضروریات (Organizational Requirements) پر پورا اتریں۔

انتخاب کا عمل عام طور پر درج ذیل مراحل پر مشتمل ہوتا ہے:

1۔ ابتدائی جانچ(Preliminary Screening)

یہ انتخابی عمل کا پہلا مرحلہ ہے جس میں تنظیم کی بھرتی ٹیم (HR Team) موصول ہونے والی درخواستوں (Applications)اور امیدواروں کے سی وی (CVs) کا جائزہ لیتی ہے۔اس مرحلے میں غیر موزوں امیدواروں کو مسترد کر دیا جاتا ہے اور صرف ان امیدواروں کو آگے بھیجا جاتا ہے جو بنیادی تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔

2۔ درخواستوں کی چھان بین(Application Review & Shortlisting)

اس مرحلے میں تنظیم امیدواروں کی فراہم کردہ تعلیمی اسناد(Educational Qualifications) تجربہ (Work Experience)اور مہارتوں (Skills) کا تجزیہ کرتی ہے۔موزوں امیدواروں کو اگلے مرحلے میں بلایا جاتا ہے جبکہ کم تجربہ کار یا غیر متعلقہ پروفائل والے امیدواروں کو مسترد کر دیا جاتا ہے۔

3۔ تحریری امتحان(Written Test)یا اسسمنٹ(Assessment Test)

منتخب امیدواروں کو مختلف تحریری یا عملی امتحانات (Written or Practical Tests) کے لیے مدعو کیا جاتا ہے تاکہ ان کی مہارتوں اور صلاحیتوں کا جائزہ لیا جاسکے۔

یہ ٹیسٹ مختلف اقسام کے ہو سکتے ہیں جیسے:

- ذہنی آزمائش(Aptitude Test): مسائل حل کرنے تجزیاتی مہارتوں اور منطقی سوچ کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

- تکنیکی امتحان(Technical Test): اگر ملازمت کسی خاص شعبے سے متعلق ہو جیسے آئی ٹی انجینئرنگ یا اکاؤنٹنگ تو متعلقہ مہارتوں کی جانچ کی جاتی ہے۔
- نفسیاتی ٹیسٹ(Psychometric Test): امیدوار کی شخصیت رویے اور دباؤ میں کام کرنے کی صلاحیت کا اندازہ لگانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

4۔ انٹرویو(Interview Process)

انٹرویو انتخاب کے عمل کا ایک سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے جس میں تنظیم امیدوار کی ذاتی پیشہ ورانہ اور تکنیکی صلاحیتوں کا براہ راست جائزہ لیتی ہے۔

انٹرویو کی اقسام:

- ابتدائی انٹرویو(Initial Interview): عمومی سوالات کے ذریعے امیدوار کی بنیادی موزونیت چیک کی جاتی ہے۔
- تکنیکی انٹرویو(Technical Interview): امیدوار کی مخصوص مہارتوں کا جائزہ لینے کے لیے لیا جاتا ہے جو متعلقہ محکمے کے ماہرین کرتے ہیں۔
- ایچ آر انٹرویو(HR Interview): تنظیم کے قواعد و ضوابط تنخواہ اور کام کی نوعیت پر بات چیت کی جاتی ہے۔

5۔ پس منظر اور حوالہ جات کی جانچ(Background & Reference Check)

کسی بھی امیدوار کی حتمی تقرری سے قبل پس منظر (Background) اور حوالہ جات (References) کی تصدیق کی جاتی ہے۔ اس میں امیدوار کی تعلیمی اسناد سابقہ تجربہ اور کسی بھی ممکنہ قانونی ریکارڈ کا جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ تنظیم کو موزوں اور قابل اعتماد فرد مل سکے۔

6۔ طبّی معائنہ(Medical Examination)

کچھ تنظیمیں منتخب امیدواروں کے لیے طبّی معائنے (Medical Test) کا اہتمام کرتی ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ وہ صحت مند ہیں اور ملازمت کی جسمانی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں۔

7۔ تقرری اور ملازمت کی پیشکش(Job Offer & Appointment Letter)

تمام مراحل میں کامیاب امیدواروں کو ملازمت کی پیشکش (Job Offer) دی جاتی ہے جس میں تنخواہ مراعات اور ملازمت کی شرائط درج ہوتی ہیں۔ امیدوار اگر پیشکش قبول کرلے تو اسے باضابطہ تقرری نامہ (Appointment Letter) جاری کیا جاتا ہے اور وہ تنظیم کا حصہ بن جاتا ہے۔

انتخاب کا عمل ایک منظم طریقہ ہے جس کے ذریعے تنظیم موزوں امیدواروں کو منتخب کرتی ہے جو تنظیم کی ترقی کارکردگی اور کامیابی میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک مؤثر انتخابی نظام تنظیم کے افرادی وسائل (Human Resources) کو مضبوط بناتا ہے اور مستقبل میں کارکردگی اور استحکام کو یقینی بناتا ہے۔

## 5.8 بھرتی اور انتخاب کے درمیان فرق

(Difference between Recruitment and Selection)

| فرق کے نکات | انتخاب(Selection) | بھرتی(Recruitment) |
| --- | --- | --- |
| مفہوم | امیدواروں کی مکمل جانچ کرکے موزوں افراد کا انتخاب کرنا | زیادہ سے زیادہ امیدواروں کو تنظیم میں شامل ہونے کے لیے مدعو کرنا |
| عمل کی نوعیت | ایک منفی عمل کیونکہ اس میں غیر موزوں امیدواروں کو مسترد کیا جاتا ہے | ایک مثبت عمل کیونکہ اس میں زیادہ سے زیادہ افراد کو موقع دیا جاتا ہے |
| مقصد | سب سے بہترین اور قابل امیدواروں کا انتخاب کرنا | خالی اسامیوں کے لیے موزوں امیدواروں کی تلاش اور راغب کرنا |
| جانچ(Screening) | مکمل تفصیلی جانچ کی جاتی ہے جیسے انٹرویو تحریری ٹیسٹ اور ریفرنس چیک | کوئی تفصیلی جانچ نہیں ہوتی صرف امیدواروں کو راغب کیا جاتا ہے |
| مدت (Time Duration) | ایک طویل اور تفصیلی عمل | ایک مختصر اور تیز عمل |
| لاگت(Cost) | زیادہ مہنگا(High Cost) | نسبتاً کم خرچ(Low Cost) |
| مراحل(Stages) | انٹرویو ٹیسٹ ریفرنس چیک میڈیکل ٹیسٹ اور فائنل سلیکشن | صرف اشتہارات درخواستیں جمع کرنا اور امیدواروں سے ابتدائی رابطہ |

## 5.9 تعریف اور تعارف: انڈکشن اور اورینٹیشن

(Meaning and Introduction of Induction & Orientation)

جب کوئی نیا ملازم کسی تنظیم میں شامل ہوتا ہے تو اسے تنظیمی ماحول پالیسیوں اور کام کے طریقہ کار سے واقف کروانے کے لیے ایک منظم عمل انجام دیا جاتا ہے جسے انڈکشن (Induction) اور اوریئنٹیشن (Orientation) کہا جاتا ہے۔ یہ دونوں عمل نئے ملازمین کو تنظیم میں مؤثر طریقے سے ضم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

1۔ انڈکشن(Induction)

انڈکشن(Induction) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے نئے ملازمین کو تنظیم کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کے لیے تیار ہو سکیں۔ اس عمل میں تنظیمی پالیسیوں(Policies) اصول وضوابط (Rules & Regulations) اور کام کے دائرہ کار (Work Scope) کی وضاحت کی جاتی ہے۔

اہم نکات:

- تنظیمی ماحول اور ثقافت سے واقف کروایا جاتا ہے۔
- تنظیم کی پالیسیوں طریقہ کار اور اصول وضوابط کے بارے میں آگاہی دی جاتی ہے۔
- ملازمین کو ہیلتھ اینڈ سیفٹی (Health & Safety) اور دیگر قواعد وضوابط سے آگاہ کیا جاتا ہے۔
- نئے ملازمین کے خدشات کو دور کیا جاتا ہے اور انہیں تنظیم کے ساتھ ہم آہنگ ہونے میں مدد دی جاتی ہے۔

2۔ اوریئنٹیشن(Orientation)

اوریئنٹیشن(Orientation) انڈکشن کا ایک خاص پہلو ہے جو زیادہ ملازمت کے کردار(Job Role) اور عملی تفصیلات (Practical Details) پر مرکوز ہوتا ہے۔ اس عمل میں ملازمین کو ان کی مخصوص ذمہ داریوں(Responsibilities) ٹیم کے ارکان(Team Members) اور روزمرہ کے کاموں (Daily Tasks) سے روشناس کرایا جاتا ہے۔

اہم نکات:

- نئے ملازمین کو ان کے مخصوص کاموں اور فرائض کے بارے میں تفصیل سے بتایا جاتا ہے۔
- انہیں محکمہ (Department) کے دیگر افراد سے متعارف کروایا جاتا ہے تاکہ وہ بہتر طریقے سے کام کر سکیں۔
- روزمرہ کے طریقہ کار رپورٹنگ سسٹم(Reporting System) اور ملازمت کی توقعات (Job Expectations) کی وضاحت کی جاتی ہے۔
- نئے ملازمین کو ضروری تربیت (Training) فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے نبھا سکیں۔

انڈکشن اور اوریئنٹیشن دونوں اہم عمل ہیں جو نئے ملازمین کو تنظیمی ماحول سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ انڈکشن تنظیم کے مجموعی ڈھانچے پالیسیوں اور اصولوں سے واقفیت فراہم کرتا ہے جبکہ اوریئنٹیشن مخصوص ملازمت کی تفصیلات کام کے طریقہ کار اور روزمرہ کی

ذمہ داریوں پر مرکوز ہوتا ہے۔ایک مؤثر انڈکشن اور اورینٹیشن پروگرام ملازمین کو تنظیم کے ساتھ جُڑنے اور جلد از جلد مؤثر طریقے سے کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔

## 5.10 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ بھرتی اور انتخاب کے تصور، مفہوم اور تعریف سے واقف ہو چکے ہیں۔ طلبہ بھرتی کے مختلف ذرائع اور طریقوں کو سمجھ چکے ہیں اور انتخاب کے عمل کے مختلف مراحل کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔اس کے علاوہ، طلبہ بھرتی اور انتخاب کے درمیان بنیادی فرق کو واضح طور پر بیان کر سکتے ہیں۔مزید برآں، طلبہ انڈکشن اور اورینٹیشن کے مفہوم اور اہمیت کو سمجھ چکے ہیں اور انہیں تنظیم میں نئے ملازمین کے مؤثر انضمام کے تناظر میں بیان کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

## 5.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ بھرتی (Recruitment) کیا ہے؟

2۔ انتخاب (Selection) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

3۔ بھرتی کے کتنے بنیادی ذرائع ہوتے ہیں؟

4۔ اندرونی بھرتی (Internal Recruitment) کی کوئی ایک مثال دیں؟

5۔ انتخابی عمل (Selection Process) کا پہلا مرحلہ کیا ہوتا ہے؟

6۔ ملازمین کے انتخاب میں انٹرویو (Interview) کیوں لیا جاتا ہے؟

7۔ انڈکشن (Induction) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

8۔ اورینٹیشن (Orientation) میں ملازمین کو کس چیز سے آگاہ کیا جاتا ہے؟

9۔ بھرتی اور انتخاب میں بنیادی فرق کیا ہے؟

10۔ بیرونی بھرتی (External Recruitment) کے کسی ایک طریقے کی وضاحت کریں؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ بھرتی کے ذرائع (Sources of Recruitment) کی اقسام پر مختصر نوٹ لکھیں۔

2۔ انتخاب کے عمل (Selection Process) کے ابتدائی تین مراحل کی وضاحت کریں۔

3۔ انڈکشن (Induction) اوراورینٹیشن (Orientation) میں فرق بیان کریں۔

4۔ بھرتی اورانتخاب (Recruitment & Selection) کے درمیان تین بنیادی فرق بیان کریں۔

5۔ بیرونی بھرتی (External Recruitment) کے کسی بھی تین طریقوں کی وضاحت کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ بھرتی کے ذرائع (Sources of Recruitment) اور طریقوں (Methods) پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

2۔ انتخابی عمل (Selection Process) کے تمام مراحل کو وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔

3۔ انڈکشن اوراورینٹیشن(Induction & Orientation)کے عمل کی تفصیلات اور تنظیمی ترقی میں ان کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

4۔ بھرتی اورانتخاب (Recruitment & Selection) کے درمیان تفصیلی تقابلی جائزہ پیش کریں۔

5۔ اندرونی بھرتی (Internal Recruitment) اور بیرونی بھرتی (External Recruitment) کے فوائد اور نقصانات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔

# اکائی 6۔ کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری

(Career Planning and Employee Retention)

اکائی کے اجزا


6.0 تمہید (Introduction)

6.1 مقاصد (Objectives)

6.2 کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری ایک تعارف

(Career Planning & Employee Retention an Introduction)

6.3 کیریئر پلاننگ کا مفہوم اور تعارف (Meaning and Definition of Career Planning)

6.4 کیریئر پلاننگ اور ترقی کا عمل (Process of Career Planning and Development)

6.5 جانشینی منصوبہ بندی کا مفہوم اور اہمیت (Meaning and Definition of Succession Planning)

6.6 جانشینی منصوبہ بندی کی اہمیت (Importance of Succession Planning)

6.7 منتقلی (Transfer)

6.8 ترقی (Promotion)

6.9 ملازمین کی برقراری مفہوم اور تعارف

(Meaning and Definition of Retention of Employees)

6.10 ملازمین کی برقراری کی اہمیت (Importance of Employee Retention)

6.11 ملازمین کی برقراری کی حکمتِ عملی (Strategies of Employee Retention)

6.12 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

6.13 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)


---

## 6.0 تمہید (Introduction)

اکائی 5 "بھرتی اور انتخاب" (Recruitment & Selection) میں ہم نے اس بات کا تفصیلی جائزہ لیا کہ تنظیمیں موزوں امیدواروں کو کیسے تلاش اور منتخب کرتی ہیں۔ بھرتی کے مختلف ذرائع اور طریقوں انتخابی عمل اور نئے ملازمین کے انڈکشن و اورینٹیشن

پر روشنی ڈالتے ہوئے ہم نے یہ سمجھا کہ تنظیم میں افرادی قوت کی شمولیت ایک منظم اور مرحلہ وار طریقے سے کی جاتی ہے تاکہ موزوں افراد کو تنظیمی اہداف کے مطابق تعینات کیا جاسکے۔ تاہم محض موزوں افراد کو بھرتی کر لینا کافی نہیں بلکہ تنظیم کے طویل مدتی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی (Career Development) کو فروغ دیا جائے اور انہیں برقرار رکھنے کی مؤثر حکمت عملی (Retention Strategies) اختیار کی جائے۔

یہی وجہ ہے کہ اکائی 6 "کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری (Career Planning & Employee Retention)" اس عمل کا اگلا مرحلہ ہے جس میں ہم اس بات کا جائزہ لیں گے کہ تنظیمیں ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع کس طرح فراہم کرتی ہیں اور کس طرح باصلاحیت افراد کو طویل عرصے تک اپنے ساتھ جوڑے رکھتی ہیں۔

اس اکائی میں ہم سب سے پہلے کیریئر پلاننگ اور ڈویلپمنٹ (Process of Career Planning and Development) کے عمل کو سمجھیں گے جس کے ذریعے تنظیمیں اپنے ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی میں معاونت کرتی ہیں۔ اس کے بعد ہم جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کا مطالعہ کریں گے جو کسی تنظیم میں کلیدی عہدوں پر مستقبل کے قائدین کی تیاری کے لیے ایک اہم حکمت عملی ہے۔ مزید برآں ہم منتقلی (Transfer) اور ترقی (Promotion) جیسے عوامل کا جائزہ لیں گے جو ملازمین کی کارکردگی اور تنظیم کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

اس اکائی کے دوسرے اہم پہلو میں ہم ملازمین کی برقراری (Retention of Employees) کی ضرورت اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔ ایک تنظیم کے لیے نہایت ضروری ہے کہ وہ اپنی بہترین افرادی قوت کو برقرار رکھے کیونکہ باصلاحیت اور تجربہ کار ملازمین کی عدم برقراری (Employee Turnover) تنظیمی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت پر منفی اثر ڈال سکتی ہے۔ اسی لیے ہم ملازمین کی برقراری کی حکمت عملیوں (Strategies of Retention) پر بھی گفتگو کریں گے تاکہ یہ سمجھا جاسکے کہ تنظیمیں کس طرح ملازمین کی اطمینان وابستگی اور کارکردگی کو یقینی بنا سکتی ہیں۔

یہ اکائی طلبہ کو ملازمین کی ترقی تنظیم میں ان کے طویل مدتی استحکام اور پیشہ ورانہ کامیابی کے عوامل کو سمجھنے میں مدد دے گی۔

## 6.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری کے بنیادی تصورات کو سمجھنا
- کیریئر پلاننگ اور ترقی کے عمل کا تجزیہ کرنا
- جانشینی منصوبہ بندی اور اس کی تنظیمی اہمیت کو جاننا
- ملازمین کی برقراری کے مؤثر طریقے اور حکمت عملیوں کا مطالعہ کرنا

## 6.2 کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری ایک تعارف

(Career Planning & Employee Retention an Introduction)

کیریئر پلاننگ (Career Planning) ایک منظم عمل ہے جس کے ذریعے ملازمین اپنے پیشہ ورانہ اہداف (Career Goals) کا تعین کرتے ہیں اور تنظیم ان کی ترقی کے لیے مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ عمل ملازمین کی مہارتوں (Skills) تجربے (Experience) اور ترقی کے امکانات (Growth Opportunities) کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو مؤثر طریقے سے استعمال کر سکیں۔ تنظیمیں کیریئر پلاننگ کے ذریعے ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) وابستگی (Commitment) اور کارکردگی (Performance) میں اضافہ کرتی ہیں۔

ملازمین کی برقراری (Employee Retention) اس بات کو یقینی بنانے کا عمل ہے کہ باصلاحیت اور تجربہ کار ملازمین طویل عرصے تک تنظیم کے ساتھ جڑے رہیں۔ جب تنظیمیں اپنے ملازمین کو بہتر ترقی کے مواقع کام کا مثبت ماحول اور مسابقتی مراعات (Competitive Benefits) فراہم کرتی ہیں تو وہ ملازمین کی عدم برقراری (Employee Turnover) کو کم کر سکتی ہیں۔

ایک مؤثر کیریئر پلاننگ اور برقراری کی حکمت عملی تنظیم کو بہترین انسانی وسائل (Human Capital) کو برقرار رکھنے کارکردگی کو بہتر بنانے اور ملازمین کی اطمینان (Job Satisfaction) میں اضافہ کرنے میں مدد دیتی ہے۔

## 6.3 کیریئر پلاننگ کا مفہوم اور تعارف (Meaning and Definition of Career Planning)

### مفہوم (Meaning of Career Planning)

کیریئر پلاننگ (Career Planning) ایک منظم عمل ہے جس کے ذریعے ملازمین اپنے پیشہ ورانہ مقاصد (Career Goals) کا تعین کرتے ہیں اور ان کی تکمیل کے لیے حکمت عملی تیار کرتے ہیں۔ یہ عمل فرد کو اس کے موجودہ مہارتوں (Skills) صلاحیتوں (Abilities) اور مستقبل کے ترقیاتی مواقع (Growth Opportunities) کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔

کیریئر پلاننگ ایک ایسا طریقہ کار ہے جس کے ذریعے تنظیم اور ملازم دونوں مل کر پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔ اس میں ملازمین اپنی مہارتوں کو بہتر بناتے ہیں اضافی تعلیم یا تربیت حاصل کرتے ہیں اور اپنے طویل مدتی پیشہ ورانہ اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ایک واضح راستہ اختیار کرتے ہیں۔

تنظیمیں کیریئر پلاننگ کے عمل کے ذریعے ملازمین کو ترقی (Promotion) تربیت (Training) اور مہارتوں کے اضافے کے مواقع فراہم کرتی ہیں تاکہ وہ زیادہ مؤثر اور مطمئن طریقے سے کام کر سکیں۔ اس عمل سے نہ صرف ملازمین کی کارکردگی

(Performance)میں بہتری آتی ہے بلکہ یہ تنظیم کو بھی قابل تجربہ کار اور وفادار ملازمین فراہم کرتا ہے جو طویل مدتی ترقی اور کامیابی میں معاون ہوتے ہیں۔

---

## 6.4 کیریئر پلاننگ اور ترقی کا عمل(Process of Career Planning and Development)

---

کیریئر پلاننگ اور ترقی(Career Planning & Development)ایک منظم عمل ہے جو ملازمین کو اپنے پیشہ ورانہ اہداف (Career Goals) کے تعین اور انہیں حاصل کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔اس عمل میں تنظیم اور ملازمین دونوں مل کر پیشہ ورانہ ترقی(Professional Growth)کے مواقع پیدا کرتے ہیں جس سے تنظیم اور فرد دونوں کو فائدہ ہوتا ہے۔

کیریئر پلاننگ کا عمل درج ذیل مراحل پر مشتمل ہوتا ہے:

1۔ خود تشخیص(Self-Assessment): کیریئر پلاننگ کا پہلا مرحلہ ملازمین کی خود تشخیص(Self-Assessment) ہوتا ہے جس میں وہ اپنی صلاحیتوں(Skills)دلچسپیوں(Interests) اقدار(Values)اور کیریئر کے اہداف (Career Objectives)کا تجزیہ کرتے ہیں۔اس عمل کے ذریعے ملازمین کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کن شعبوں میں مہارت رکھتے ہیں اور کن پہلوؤں پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔

2۔ کیریئر کے مواقع کی نشاندہی(Exploring Career Opportunities):اس مرحلے میں فرد اور تنظیم کیریئر کے ممکنہ مواقع(Career Opportunities)اور ترقی کے امکانات(Growth Prospects)کا جائزہ لیتے ہیں۔ملازم اس بات کا تعین کرتا ہے کہ آیا وہ موجودہ تنظیم میں ترقی کرنا چاہتا ہے یا کسی اور شعبے میں نئے مواقع تلاش کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

3۔ کیریئر کے اہداف کا تعین(Setting Career Goals): اس مرحلے میں ملازمین اپنے مختصر مدتی(Short-Term)اور طویل مدتی(Long-Term) کیریئر کے اہداف طے کرتے ہیں۔ مختصر مدتی اہداف میں اگلی ترقی (Next Promotion)یا نئی مہارت سیکھنے جیسے اقدامات شامل ہو سکتے ہیں جبکہ طویل مدتی اہداف میں اعلیٰ عہدے (Higher Position)یا نئی انڈسٹری میں داخلہ (Industry Shift) شامل ہو سکتا ہے۔

4۔ ترقیاتی منصوبہ بندی(Creating a Development Plan): کیریئر کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے ایک منظم منصوبہ (Development Plan)تیار کیا جاتا ہے جس میں ملازم کو یہ طے کرنا ہوتا ہے کہ وہ اپنی ضروری مہارتیں اور قابلیت کیسے حاصل کرے گا۔اس میں تربیت(Training) ورکشاپس(Workshops) اعلیٰ تعلیم(Higher Education) اور تجربہ حاصل کرنے کے اقدامات شامل ہو سکتے ہیں۔

5۔ تربیت اور مہارتوں کی ترقی(Training & Skill Development):اس مرحلے میں ملازمین کو ان کیریئر اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ضروری تربیت اور مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔ تنظیمیں ورکشاپس(Workshops) سیمینارز

(Seminars) آن لائن کورسز (Online Courses) اور کوچنگ (Coaching) فراہم کرتی ہیں تاکہ ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

6۔ ملازمین کی ترقی اور جائزہ (Career Growth & Performance Evaluation): ملازمین کی کارکردگی کا جائزہ (Performance Evaluation) لیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ وہ اپنی کیریئر پلاننگ کے اہداف حاصل کر رہے ہیں یا نہیں۔ اس مرحلے میں تنظیم فیڈبیک (Feedback) کارکردگی کی تشخیص (Performance Appraisal) اور مزید ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے۔

7۔ کیریئر میں بہتری اور تسلسل (Career Advancement & Continuous Improvement): کیریئر پلانگ ایک مسلسل عمل (Continuous Process) ہے جس میں ملازمین اپنے تجربات کی بنیاد پر اپنی حکمت عملی میں بہتری لاتے ہیں اور تنظیم بھی ان کی ترقی کے لیے نئے مواقع فراہم کرتی ہے۔

کیریئر پلانگ اور ترقی ایک ایسا منظم عمل ہے جس میں ملازمین اپنے پیشہ ورانہ اہداف کو طے کرتے ہیں اور تنظیم ان کے سیکھنے اور ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ اس عمل میں خود تشخیص کیریئر کے اہداف کا تعین تربیت مہارتوں کی بہتری اور کارکردگی کا جائزہ شامل ہوتا ہے۔ ایک مؤثر کیریئر پلانگ کا عمل تنظیم اور ملازمین دونوں کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے کیونکہ یہ ملازمین کی کارکردگی اطمینان اور تنظیمی ترقی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 6.5 جانشینی منصوبہ بندی کا مفہوم اور اہمیت

## (Meaning and Definition of Succession Planning)

### مفہوم (Meaning of Succession Planning)

جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) ایک منظم عمل (Systematic Process) ہے جس کے ذریعے تنظیم مستقبل میں اہم عہدوں کے لیے اہل اور موزوں افراد کی شناخت اور تیاری کرتی ہے۔ اس عمل کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی تنظیم میں اعلیٰ عہدے پر فائز کوئی فرد ریٹائر ہو جائے مستعفی ہو جائے یا کسی اور وجہ سے دستیاب نہ ہو تو اس کا متبادل پہلے سے تیار ہو تاکہ تنظیم کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔

یہ ایک مستقبل بین حکمتِ عملی (Forward-Looking Strategy) ہے جو تنظیم کو مستقل قیادت (Leadership Continuity) کام کے تسلسل (Business Continuity) اور تنظیمی ترقی (Organizational Growth) کو یقینی بنانے میں مدد دیتی ہے۔

## 6.6 جانشینی منصوبہ بندی کی اہمیت(Importance of Succession Planning)

1۔ تنظیم میں قیادت کا تسلسل(Leadership Continuity in the Organization): جانشینی منصوبہ بندی تنظیم کو قائدانہ عہدوں (Leadership Positions) کے لیے موزوں امیدوار فراہم کرتی ہے۔اس سے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ اگر کوئی اہم عہدہ خالی ہو جائے تو فوری طور پر اس کا متبادل دستیاب ہو۔اس سے تنظیم میں عدم استحکام (Instability) اور کاروباری نقصان (Business Loss) کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔

2۔ ملازمین کی ترقی اور حوصلہ افزائی(Employee Growth & Motivation): جب ملازمین جانتے ہیں کہ تنظیم میں ان کی ترقی کے مواقع موجود ہیں اور انہیں مستقبل کے لیے تیار کیا جا رہا ہے تو ان کی وفاداری (Loyalty) اور کارکردگی (Performance) بہتر ہوتی ہے۔جانشینی منصوبہ بندی ایک پیشہ ورانہ ترقی (Career Growth) کی راہ ہموار کرتی ہے جو ملازمین کی حوصلہ افزائی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

3۔ تنظیمی تسلسل(Organizational Stability & Business Continuity): اگر کوئی اعلیٰ عہدے پر فائز فرد اچانک ریٹائر(Retire) مستعفی(Resign) یا غیر متوقع طور پر تنظیم چھوڑ دے تو جانشینی منصوبہ بندی کی مدد سے تنظیم کو فوری طور پر ایک تجربہ کار اور تربیت یافتہ فرد دستیاب ہوتا ہے۔اس سے تنظیمی کاموں میں رکاوٹ (Disruptions) پیدا نہیں ہوتی اور کاروبار کا تسلسل برقرار رہتا ہے۔

4۔ ہنگامی صورتحال میں تیاری(Preparedness for Unexpected Situations): کئی بار تنظیموں کو غیر متوقع چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے جیسے کہ اہم عہدوں پر فائز ملازمین کا اچانک استعفیٰ انتقال یا تنظیمی بحران۔اگر تنظیم کے پاس پہلے سے مستقبل کے متبادل افراد کی فہرست (Succession Pipeline) موجود ہو تو وہ ان چیلنجز کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کر سکتی ہے۔

5۔ ہنر مند افرادی قوت کی تیاری(Building a Skilled Workforce): جانشینی منصوبہ بندی کے ذریعے تنظیم باصلاحیت ملازمین کی تربیت(Training) ترقی(Development) اور مہارتوں میں اضافے (Skill Enhancement) پر توجہ دیتی ہے۔اس سے تنظیم کے اندر ہنر مند اور باصلاحیت افراد کی ایک مستقل ٹیم تیار ہوتی ہے جو مستقبل میں قیادت سنبھالنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوتی ہے۔

6۔ تنظیمی ساکھ اور مسابقتی برتری(Organizational Reputation & Competitive Advantage): اگر تنظیم میں مضبوط قیادت (Strong Leadership) اور مستقبل کے لیے ایک مستحکم افرادی قوت موجود ہو تو یہ تنظیم کی ساکھ (Reputation) کو بہتر بنانے اور مسابقتی برتری (Competitive Advantage) حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔ بڑی تنظیمیں ہمیشہ جانشینی منصوبہ بندی کو اپنی طویل مدتی حکمتِ عملی کا حصہ بناتی ہیں تاکہ وہ مارکیٹ میں ایک مستحکم حیثیت برقرار رکھ سکیں۔

جانشینی منصوبہ بندی ایک حکمتِ عملی پر مبنی عمل ہے جو تنظیم میں قیادت کے تسلسل ملازمین کی ترقی اور کاروباری استحکام کو یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے۔ یہ عمل تنظیم کو اہم عہدوں کے لیے بہترین امیدوار تیار کرنے ملازمین کی حوصلہ افزائی بڑھانے اور غیر متوقع صورتحال کے لیے پہلے سے تیار رہنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ایک مؤثر جانشینی منصوبہ بندی نہ صرف تنظیم کو قیادت کے بحران سے محفوظ رکھتی ہے بلکہ مستقبل کی ترقی اور کامیابی کے لیے ایک مضبوط بنیاد بھی فراہم کرتی ہے۔

## 6.7 منتقلی (Transfer)

منتقلی (Transfer) ایک ایسا عمل ہے جس کے تحت کسی ملازم کو ایک محکمہ (Department) مقام (Location) یا عہدے (Position) سے دوسرے پر منتقل کیا جاتا ہے بغیر اس کی تنخواہ یا درجے میں کوئی خاص تبدیلی کیے۔ یہ عمل تنظیم کی ضروریات ملازم کی کارکردگی یا کسی مخصوص وجہ کے تحت کیا جا سکتا ہے۔

اہم نکات:

- منتقلی افقی (Lateral) ہوتی ہے یعنی ملازم کے عہدے میں اضافہ نہیں ہوتا۔
- یہ تنظیم کے مختلف محکموں (Departments) اور برانچز (Branches) میں مہارتوں کے مؤثر استعمال کے لیے کی جاتی ہے۔
- منتقلی کا مقصد ملازمین کو نئے چیلنجز دینا مختلف محکموں کا تجربہ دینا یا تنظیمی ضروریات کو پورا کرنا ہوتا ہے۔
- بعض اوقات کارکردگی میں بہتری (Performance Improvement) کام کے بوجھ کو متوازن کرنے (Workload Balancing) یا ملازمین کی ذاتی وجوہات (Personal Reasons) کے تحت بھی منتقلی کی جاتی ہے۔

## 6.8 ترقی (Promotion)

ترقی (Promotion) ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی ملازم کو بہتر کارکردگی (Performance) تجربے (Experience) اور مہارتوں (Skills) کی بنیاد پر ایک اعلیٰ عہدے (Higher Position) پر فائز کیا جاتا ہے۔اس کے نتیجے میں تنخواہ (Salary) اختیارات (Authority) اور ذمہ داریوں (Responsibilities) میں اضافہ ہوتا ہے۔

اہم نکات:

- ترقی ملازمین کی محنت مہارت اور تنظیم کے ساتھ وابستگی کا اعتراف ہوتا ہے۔
- اس کے ذریعے ملازمین کو زیادہ اختیار (More Authority) اور فیصلہ سازی (Decision-Making) کے مواقع ملتے ہیں۔

- ترقی کا مقصد ملازمین کو حوصلہ دینا (Motivation) اور تنظیم میں قیادت (Leadership) کے لیے تیار کرنا ہوتا ہے۔
- یہ تنظیم کی کارکردگی کو بڑھانے ملازمین کی وابستگی (Commitment) کو مضبوط کرنے اور جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کو مؤثر بنانے میں مدد دیتی ہے۔

منتقلی اور ترقی دونوں تنظیمی ترقی کے اہم عناصر ہیں جو ملازمین کے بہتر استعمال اور ان کی کارکردگی کو بڑھانے میں مدد دیتے ہیں۔ منتقلی کے ذریعے ملازمین کو نئے چیلنجز اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں جبکہ ترقی ملازمین کی محنت اور مہارت کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں زیادہ اختیارات اور مراعات دیتی ہے۔ دونوں طریقے تنظیم کو ملازمین کی کارکردگی اطمینان اور طویل مدتی ترقی میں مدد دیتے ہیں۔

## 6.9 ملازمین کی برقراری مفہوم اور تعارف

## (Meaning and Definition of Retention of Employees)

### مفہوم (Meaning of Employee Retention)

ملازمین کی برقراری (Employee Retention) ایک ایسا منظم عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم باصلاحیت ہنرمند اور تجربہ کار ملازمین کو طویل عرصے تک اپنے ساتھ جوڑے رکھنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرتی ہے۔ اس عمل کا مقصد ملازمین کے عدم استحکام (Employee Turnover) کو کم کرنا اور تنظیم میں مستقل مزاجی اور ترقی کو یقینی بنانا ہوتا ہے۔

ملازمین کی برقراری کسی بھی تنظیم کے لیے ایک بنیادی چیلنج اور ایک اہم ترجیح ہوتی ہے۔ اگر تنظیم بہترین صلاحیتوں (Top Talent) کو برقرار نہیں رکھ پاتی تو اسے نہ صرف نئے ملازمین کی بھرتی (Recruitment) اور تربیت (Training) پر اضافی اخراجات اٹھانے پڑتے ہیں بلکہ اس کی کارکردگی (Productivity) اور کاروباری تسلسل (Business Continuity) پر بھی منفی اثر پڑ سکتا ہے۔

تنظیمیں مختلف مراعات(Incentives) کیریئر ڈیولپمنٹ کے مواقع(Career Growth Opportunities) مثبت کام کے ماحول(Positive Work Environment) اور ملازمین کی اطمینان (Job Satisfaction) کو یقینی بنا کر ان کی برقراری میں بہتری لاتی ہیں۔ ایک مؤثر برقراری کی حکمت عملی تنظیم کو مسابقتی برتری (Competitive Advantage) فراہم کرتی ہے کیونکہ تجربہ کار اور باصلاحیت ملازمین تنظیم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

## 6.10 ملازمین کی برقراری کی اہمیت(Importance of Employee Retention)

ملازمین کی برقراری(Employee Retention) کسی بھی تنظیم کی کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے کیونکہ باصلاحیت اور تجربہ کار ملازمین تنظیم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر تنظیم اپنی اہل اور ہنرمند افرادی قوت کو طویل مدت تک برقرار رکھنے

میں ناکام ہو جائے تو اسے مسلسل بھرتی(Recruitment) تربیت(Training) اور کارکردگی کے مسائل (Performance Issues)کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ملازمین کی برقراری کی اہمیت درج ذیل نکات میں واضح کی جاسکتی ہے:

1۔ بھرتی اور تربیت کے اخراجات میں کمی(Reduction in Recruitment & Training Costs):جب ملازمین جلدی تنظیم چھوڑ دیتے ہیں تو تنظیم کو نئے ملازمین کی بھرتی (Hiring) اور تربیت (Training) کے اخراجات بار بار اٹھانے پڑتے ہیں جو کہ وقت اور وسائل دونوں کا ضیاع ہوتا ہے۔ ایک مضبوط برقراری کی حکمت عملی ان اخراجات کو کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

2۔ تنظیمی استحکام اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ (Organizational Stability & Increased Productivity): جب ملازمین طویل عرصے تک تنظیم میں کام کرتے ہیں تو وہ نہ صرف زیادہ تجربہ حاصل کرتے ہیں بلکہ اپنی مہارتوں میں بھی نکھار لاتے ہیں جس کے نتیجے میں تنظیم کی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت (Productivity) میں اضافہ ہوتا ہے۔

3۔ مثبت کام کا ماحول اور ملازمین کی حوصلہ افزائی (Positive Work Environment & Employee Morale):اگر تنظیم میں ملازمین کا بار بار اخراج (High Employee Turnover) ہوتا ہے تو یہ باقی ملازمین کے لیے عدم استحکام اور عدم تحفظ کا سبب بن سکتا ہے۔ جب تنظیم ملازمین کو برقرار رکھتی ہے تو وہ زیادہ مطمئن (Satisfied) اور پرجوش (Motivated)ہوتے ہیں جس سے تنظیم کا مجموعی ماحول بہتر ہوتا ہے۔

4۔ تنظیم کے برانڈ اور ساکھ کو بہتر بنانا(Enhancing Employer Brand & Reputation):اگر تنظیم ملازمین کو ایک مستحکم اور سازگار ماحول فراہم کرتی ہے تو یہ نہ صرف موجودہ ملازمین کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے بلکہ نئے امیدوار بھی تنظیم کے ساتھ کام کرنے میں دلچسپی لیتے ہیں۔

5۔ گاہکوں اور کاروباری تعلقات کو برقرار رکھنا (Maintaining Customer & Business Relationships): جب تجربہ کار ملازمین تنظیم میں طویل عرصے تک کام کرتے ہیں تو وہ گاہکوں (Customers) اور کاروباری شراکت داروں (Business Partners)کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کر لیتے ہیں جو تنظیم کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔

6۔ قیادت اور جانشینی منصوبہ بندی میں مدد(Leadership & Succession Planning):جب ملازمین تنظیم میں طویل عرصے تک کام کرتے ہیں تو وہ مستقبل میں قائدانہ کردار (Leadership Roles) کے لیے تیار ہو جاتے ہیں جس سے تنظیم میں مضبوط قیادت (Strong Leadership) اور جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کو فروغ ملتا ہے۔

ملازمین کی برقراری ایک مؤثر تنظیمی حکمت عملی کا حصہ ہے جو تنظیم کو استحکام کارکردگی اور طویل مدتی ترقی میں مدد دیتی ہے۔ اگر تنظیم اپنے باصلاحیت ملازمین کو برقرار رکھنے میں کامیاب ہو تو وہ نہ صرف اپنے کاروباری اہداف کو حاصل کر سکتی ہے بلکہ ایک مضبوط مسابقتی اور مستحکم برانڈ کے طور پر بھی پہچانی جاسکتی ہے۔

## 6.11 ملازمین کی برقراری کی حکمتِ عملی(Strategies of Employee Retention)

ملازمین کی برقراری (Employee Retention) کو یقینی بنانے کے لیے تنظیمیں مختلف حکمتِ عملیوں (Strategies)کواپناتی ہیں تاکہ باصلاحیت اور تجربہ کار ملازمین طویل عرصے تک تنظیم کے ساتھ وابستہ رہیں۔ مؤثر برقراری کی حکمتِ عملی تنظیم کو ملازمین کی عدم برقراری (Employee Turnover) کو کم کرنے کام کی کارکردگی (Performance) کو بہتر بنانے اور تنظیمی استحکام (Organizational Stability) کو یقینی بنانے میں مدد دیتی ہے۔

1۔ مسابقتی تنخواہ اور مراعات(Competitive Salary & Benefits)

تنظیمیں اپنے ملازمین کو برقرار رکھنے کے لیے مناسب اور مسابقتی تنخواہ (Competitive Salary) اور مراعات (Benefits)فراہم کرتی ہیں جو مارکیٹ کے معیار کے مطابق ہوں۔

عملی اقدامات:

- تنخواہ کا باقاعدہ جائزہ (Regular Salary Review) لینا اور مارکیٹ کے مطابق اضافہ کرنا۔
- ملازمین کو بونس(Bonuses) کارکردگی پر مبنی ترغیبات(Performance-Based Incentives) اور دیگر مالی فوائد فراہم کرنا۔
- صحت انشورنس(Health Insurance) ریٹائرمنٹ پلانز(Retirement Plans) اور دیگر مراعات دینا۔

2۔ مثبت کام کا ماحول(Positive Work Environment)

ایک سازگار اور مثبت کام کا ماحول (Healthy Work Environment) ملازمین کی برقراری کے لیے نہایت اہم ہے کیونکہ ملازمین ایسے ادارے میں کام کرنا پسند کرتے ہیں جہاں ان کے ساتھ عزت اور برابری کا سلوک ہو۔

عملی اقدامات:

- ٹیم ورک (Teamwork) اور مثبت تعلقات کو فروغ دینا۔
- مقام کار پر عدم تفریق (No Discrimination) اور مساوات (Equality) کو یقینی بنانا۔
- ملازمین کے مسائل کو کھلے دل سے سننا (Open Communication) اور ان کے حل کے لیے اقدامات کرنا۔

3۔ کیریئر ترقی کے مواقع(Career Growth Opportunities)

ملازمین تبھی کسی تنظیم کے ساتھ طویل عرصے تک وابستہ رہتے ہیں جب انہیں ترقی کے مواقع نظر آتے ہیں۔ اگر تنظیم اپنے ملازمین کو کیریئر میں بہتری (Career Progression) اور مہارتیں بڑھانے کے مواقع فراہم کرے تو وہ تنظیم کے ساتھ زیادہ جُڑے رہیں گے۔

عملی اقدامات:

- ترقی (Promotion) کے مواقع پیدا کرنا تاکہ ملازمین کو بہتر عہدے اور زیادہ ذمہ داریاں دی جا سکیں۔
- ملازمین کو تربیت (Training) اور پیشہ ورانہ ترقی (Professional Development) کے مواقع دینا۔
- قیادت کی تربیت (Leadership Training) فراہم کرنا تاکہ ملازمین کو مستقبل میں اعلیٰ عہدوں کے لیے تیار کیا جا سکے۔

4۔ کام اور ذاتی زندگی میں توازن(Work-Life Balance)

اگر ملازمین کو کام کے ساتھ ساتھ اپنی ذاتی زندگی کے لیے بھی وقت ملے تو وہ تنظیم کے ساتھ زیادہ جُڑے رہتے ہیں اور ان کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔

عملی اقدامات:

- لچکدار کام کے اوقات (Flexible Work Hours) فراہم کرنا۔
- گھر سے کام (Work from Home) کی سہولت دینا خاص طور پر ہنگامی حالات میں۔
- چھٹیوں (Paid Leaves) اور فیملی سپورٹ پالیسیز کو بہتر بنانا۔

5۔ ملازمین کی پہچان اور حوصلہ افزائی(Employee Recognition & Motivation)

ملازمین کی محنت اور کامیابیوں کو تسلیم کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ان کی تنظیم سے وفاداری اور وابستگی کو بڑھاتا ہے۔

عملی اقدامات:

- بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کو ایوارڈز (Awards) اور تعریفی اسناد (Appreciation Certificates) دینا۔
- "ملازمِ ماہ "(Employee of the Month) جیسے پروگرامات ترتیب دینا۔
- ملازمین کی محنت کو عوامی طور پر سراہنا (Public Recognition) اور ان کے کام کو سراہنے کے لیے مالی یا غیر مالی انعامات دینا۔

6۔ مؤثر قیادت اور مینجمنٹ(Effective Leadership & Management)

ایک اچھی قیادت اور مینجمنٹ ملازمین کی برقراری میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اگر مینیجرز ملازمین کو سپورٹ(Support) رہنمائی(Guidance) اور ترقی کے مواقع فراہم کریں تو ملازمین تنظیم کے ساتھ جُڑے رہیں گے۔

عملی اقدامات:

- اچھے لیڈرشپ پروگرامز (Leadership Development Programs) ترتیب دینا۔
- ملازمین کی شکایات اور تجاویز کو سننا (Employee Feedback System) اور ان پر عمل کرنا۔
- ملازمین کو کام میں آزادی (Empowerment) اور فیصلے کرنے کا موقع دینا۔

ملازمین کی برقراری ایک مربوط حکمتِ عملی(Comprehensive Strategy)کا تقاضا کرتی ہے جس میں تنظیم کو ملازمین کو بہتر تنخواہ ترقی کے مواقع مثبت کام کا ماحول اور کام و زندگی میں توازن فراہم کرنا ہوتا ہے۔ اگر تنظیمیں درست برقراری کی حکمتِ عملی اپنائیں تو وہ نہ صرف باصلاحیت ملازمین کو برقرار رکھ سکتی ہیں بلکہ تنظیمی کارکردگی استحکام اور ترقی میں بھی اضافہ کر سکتی ہے۔

## 6.12 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری کے بنیادی تصور، مفہوم اور اہمیت سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں۔ طلبہ کیریئر پلاننگ اور ترقی کے مختلف مراحل کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں اور جانشینی منصوبہ بندی کے مفہوم اور تنظیمی استحکام میں اس کی اہمیت کو سمجھ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ، طلبہ منتقلی اور ترقی کے تصورات میں فرق کرتے ہوئے انہیں عملی تناظر میں بیان کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ ملازمین کی برقراری کے مفہوم، اس کی اہمیت اور مؤثر حکمتِ عملیوں کو سمجھ چکے ہیں اور تنظیمی کامیابی کے لیے ان کے کردار کا تجزیہ کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

## 6.13 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ کیریئر پلاننگ (Career Planning) کیا ہے؟

2۔ جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

3۔ کیریئر پلاننگ اور کیریئر ڈیولپمنٹ میں کیا فرق ہے؟

4۔ منتقلی (Transfer) اور ترقی (Promotion) میں بنیادی فرق کیا ہے؟

5۔ ملازمین کی برقراری (Employee Retention) کیوں ضروری ہے؟

6۔ ملازمین کی برقراری میں مثبت کام کے ماحول (Positive Work Environment) کا کیا کردار ہے؟

7۔ تنظیم میں جانشینی منصوبہ بندی کیوں کی جاتی ہے؟

8۔ ملازمین کی برقراری میں مسابقتی تنخواہ (Competitive Salary) کا کیا کردار ہے؟

9۔ ملازمین کو تنظیم کے ساتھ جوڑے رکھنے کے لیے کون سی دو حکمت عملی استعمال کی جاسکتی ہیں؟

10۔ تنظیم میں قیادت کے تسلسل (Leadership Continuity) کو برقرار رکھنے کے لیے کون سا منصوبہ اپنایا جاتا ہے؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ کیریئر پلاننگ اور ترقی (Career Planning & Development) کے عمل کے بنیادی مراحل کی وضاحت کریں۔

2۔ جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کی تنظیمی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

3۔ منتقلی (Transfer) اور ترقی (Promotion) کے درمیان فرق واضح کریں اور دونوں کے فوائد بیان کریں۔

4۔ ملازمین کی برقراری (Employee Retention) کی پانچ اہم وجوہات بیان کریں۔

5۔ ملازمین کو تنظیم کے ساتھ جوڑے رکھنے کے لیے مثبت کام کے ماحول کی اہمیت پر تبصرہ کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ کیریئر پلاننگ اور ترقی (Career Planning & Development) کے پورے عمل کو تفصیل سے بیان کریں اور اس کی تنظیمی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

2۔ جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) کے فوائد اور چیلنجز پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔

3۔ ملازمین کی برقراری (Employee Retention) کی اہمیت اور اس کے فوائد پر تفصیل سے تبصرہ کریں۔

4۔ ملازمین کی برقراری کی حکمت عملیوں (Strategies of Retention) کو تفصیل سے بیان کریں اور ان کے عملی اطلاق کی وضاحت کریں۔

5۔ منتقلی اور ترقی (Transfer & Promotion) کی وضاحت کریں اور تنظیم میں ان کے اثرات پر تفصیلی جائزہ لیں۔

# اکائی 7۔ کارکردگی کے جائزے

(Performance Appraisal)

اکائی کے اجزا


7.0 تمہید(Introduction)

7.1 مقاصد(Objectives)

7.2 کارکردگی کا جائزہ ایک مختصر تعارف(Performance Appraisal a brief Introduction)

7.3 کارکردگی کا جائزہ مفہوم اور تعریف(Meaning and Definition of Performance Appraisal)

7.4 کارکردگی کے جائزے کے مقاصد(Objectives of Performance Appraisal)

7.5 کارکردگی کے جائزے کی اہمیت(Importance of Performance Appraisal)

7.6 کارکردگی کے جائزے کا عمل(Appraisal Process)

7.7 کارکردگی کے جائزے کے طریقے(Methods of Performance Appraisal)

7.8 صلاحیتوں کا جائزہ ایک مختصر جائزہ(Potential Appraisal an Introduction)

7.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

7.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)


---

## 7.0 تمہید(Introduction)

---

اکائی 6" کیریئر پلاننگ اور ملازمین کی برقراری"(Career Planning & Employee Retention) میں ہم نے اس بات کا تفصیلی جائزہ لیا کہ تنظیمیں اپنے ملازمین کو ترقی کے مواقع فراہم کر کے انہیں طویل عرصے تک برقرار رکھنے کے لیے کس طرح مؤثر حکمت عملی اپناتی ہیں۔ کیریئر پلاننگ جانشینی منصوبہ بندی منتقلی اور ترقی اور ملازمین کی برقراری کے اصولوں کو سمجھنے کے بعد اب ہم تنظیم میں کارکردگی کی جانچ(Performance Assessment) کے ایک اہم پہلو یعنی کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) پر توجہ مرکوز کریں گے۔

کارکردگی کا جائزہ(Performance Appraisal) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم اپنے ملازمین کی کام کی کارکردگی(Job Performance) مہارتوں(Skills) اور ذمہ داریوں کی تکمیل(Task Completion) کا جائزہ لیتی

ہے۔اس عمل کے ذریعے تنظیم بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کی شناخت کرسکتی ہے ان کی ترقی کے مواقع فراہم کرسکتی ہے اور کمزور کارکردگی کے حامل ملازمین کی بہتری کے لیے مناسب اقدامات کرسکتی ہے۔

اس اکائی میں ہم سب سے پہلے کارکردگی کے جائزے کی تعریف(Definition)اوراس کے مقاصد(Objectives)کو سمجھیں گے تاکہ یہ واضح ہو کہ یہ عمل تنظیم اور ملازمین دونوں کے لیے کیوں ضروری ہے۔اس کے بعد ہم کارکردگی کے جائزے کی اہمیت (Importance of Performance Appraisal)پر روشنی ڈالیں گے جو تنظیم میں ترقی حوصلہ افزائی اور کارکردگی کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے۔مزید برآں ہم کارکردگی کے جائزے کے عمل (Appraisal Process) اوراس کی مختلف طریقوں (Methods of Appraisal)کا تفصیلی مطالعہ کریں گے تاکہ یہ جان سکیں کہ تنظیمیں کن کن طریقوں سے ملازمین کی کارکردگی کا تجزیہ کرتی ہیں۔

آخر میں ہم صلاحیتوں کے جائزے (Potential Appraisal) کے تصور کو بھی سمجھیں گے جو تنظیم کواس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کی مستقبل کی قائدانہ صلاحیتوں اور ترقی کے امکانات کا جائزہ لے کرانہیں بہتر مواقع فراہم کرسکے۔

یہ اکائی طلبہ کو کارکردگی کے جائزے کے بنیادی اصولوں اس کے طریقہ کار اور تنظیم میں اس کے عملی اطلاق کو سمجھنے میں مدد دے گی تاکہ وہ جان سکیں کہ کس طرح ایک مؤثر کارکردگی کا جائزہ تنظیم کی ترقی اور ملازمین کی حوصلہ افزائی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 7.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- کارکردگی کے جائزے کے بنیادی اصولوں کو سمجھنا
- کارکردگی کے جائزے کے عمل اوراس کے طریقوں کا تجزیہ کرنا
- صلاحیتوں کے جائزے کی اہمیت کو سمجھنا
- کارکردگی کے جائزے کی تنظیمی اہمیت اوراثرات پر غور کرنا

## 7.2 کارکردگی کا جائزہ ایک مختصر تعارف(Performance Appraisal a brief Introduction)

کارکردگی کا جائزہ(Performance Appraisal)ایک ایسا منظم عمل(Systematic Process)ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کام کی کارکردگی مہارتوں(Skills) اور ذمہ داریوں کی تکمیل(Task Completion)کا جائزہ لیتی ہے۔ اس عمل کے ذریعے تنظیم یہ تجزیہ کرتی ہے کہ آیاملازمین اپنے متعین اہداف(Goals)اور کارکردگی کے معیار(Performance Standards)پر پورا اتر رہے ہیں یا نہیں۔

کارکردگی کاجائزہ نہ صرف ملازمین کی کامیابیوں(Achievements)اور بہتری کے پہلوؤں (Areas of Improvement)کواجاگر کرتاہے بلکہ ان کی ترقی مراعات(Incentives)اور تربیت(Training)کے فیصلوں میں بھی مدد دیتاہے۔اس کے ذریعے تنظیم بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کی شناخت کر سکتی ہے اور کمزور کارکردگی رکھنے والے ملازمین کی بہتری کے لیےاقدامات کر سکتی ہے۔

یہ عمل تنظیم کے لیےملازمین کی ترقی(Employee Development)کام کے معیار کو بڑھانے (Quality Improvement)اور تنظیمی کارکردگی (Organizational Performance) میں اضافے کاایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔

---

## 7.3 کارکردگی کاجائزہ مفہوم اور تعریف

## (Meaning and Definition of Performance Appraisal)

---

**مفہوم(Meaning of Performance Appraisal)**

کارکردگی کاجائزہ (Performance Appraisal) ایک ایسامنظم عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کام کی کارکردگی مہارتوں(Skills) اورذمہ داریوں کی تکمیل (Task Completion) کاتجزیہ کرتی ہے۔اس عمل کامقصد ملازمین کی موجودہ کارکردگی کو جانچناان کی ترقی (Promotion) اور مراعات (Incentives) کے فیصلے کرنااور کارکردگی میں بہتری کے لیےضروری اقدامات تجویز کرناہے۔

یہ عمل نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) میں اضافہ کرتاہے بلکہ تنظیم کو بھی کارکردگی کے معیار (Performance Standards)اور مستقبل کی ترقی کے امکانات کااندازہ لگانے میں مدد دیتاہے۔

**تعریف(Definition of Performance Appraisal)**

"کارکردگی کاجائزہ ایک ایساعمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کام کے دوران کارکردگی مہارتوں اوراہلیتوں کاتجزیہ کرتی ہے تاکہ ان کی ترقی تربیت اور مراعات کے متعلق فیصلے کیے جاسکیں۔"

یا

"کارکردگی کاجائزہ ایک باضابطہ نظام ہے جو ملازمین کی صلاحیتوں اور کارکردگی کو جانچنے ان کی ترقی کے لیے مواقع فراہم کرنے اور تنظیمی مقاصد کے حصول میں ان کے کردار کو بہتر بنانے کے لیےاپنایاجاتاہے۔"

یہ عمل تنظیموں میں ملازمین کی ترقی(Employee Development) کارکردگی میں تسلسل (Performance Consistency)اور تنظیمی اہداف (Organizational Goals) کوحاصل کرنے کے لیےنہایت اہمیت رکھتاہے۔

## 7.4 کارکردگی کے جائزے کے مقاصد(Objectives of Performance Appraisal)

کارکردگی کا جائزہ (Performance Appraisal) تنظیم میں ملازمین کی کارکردگی مہارتوں اور ترقی کے امکانات کا اندازہ لگانے کے لیے ایک منظم اور باضابطہ عمل ہے۔اس کا مقصد نہ صرف ملازمین کی موجودہ کارکردگی کا تجزیہ کرنا ہے بلکہ مستقبل کی ترقی مراعات اور تربیت کے لیے بھی منصوبہ بندی کرنا ہے۔

کارکردگی کے جائزے کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

1۔ ملازمین کی کارکردگی کا تجزیہ(Evaluating Employee Performance)

کارکردگی کے جائزے کا سب سے اہم مقصد ملازمین کی کام کے دوران کارکردگی مہارتوں اور صلاحیتوں کا جائزہ لینا ہے۔اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آیا ملازم اپنے کام کو مؤثر طریقے سے انجام دے رہا ہے یا نہیں۔مثال :ایک سیلز ایگزیکٹو کے کارکردگی کے جائزے میں یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ آیا اس نے دیے گئے سیلز ٹارگٹس مکمل کیے ہیں یا نہیں۔

2۔ ترقی (Promotion) اور مراعات (Incentives) کے فیصلے کرنا

تنظیمیں ترقی(Promotion) تنخواہ میں اضافہ(Salary Increment) اور کارکردگی پر مبنی مراعات (Performance-Based Incentives)کے فیصلے کارکردگی کے جائزے کی بنیاد پر کرتی ہیں۔مثال :اگر ایک ملازم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے تو اسے اعلیٰ عہدے پر ترقی دی جاسکتی ہے۔

3۔ ملازمین کی کمزوریوں اور بہتری کے پہلوؤں کی نشاندہی (Identifying Weaknesses & Areas for Improvement)

کارکردگی کے جائزے کے ذریعے تنظیم ان شعبوں کی نشاندہی کرتی ہے جہاں ملازمین کو مزید تربیت اور مہارتوں کی بہتری کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثال :اگر کسی ملازم کو نئے سافٹ ویئر استعمال کرنے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں تو تنظیم اسے تربیتی پروگرام (Training Program)فراہم کرسکتی ہے۔

4۔ تربیت اور ترقی (Training & Development) کے مواقع فراہم کرنا

ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی (Career Growth) کے لیے ضروری ہے کہ انہیں بہترین تربیت اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔کارکردگی کا جائزہ ان ملازمین کی شناخت میں مدد دیتا ہے جنہیں اضافی تربیت (Additional Training) یا مہارتوں میں بہتری (Skill Enhancement) کی ضرورت ہوتی ہے۔مثال :ایک مارکیٹنگ مینیجر کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ میں نئی مہارتیں سکھانے کے لیے خصوصی ورکشاپس دی جاسکتی ہیں۔

5۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور وابستگی میں اضافہ (Enhancing Employee Motivation & Engagement)

جب ملازمین کو ان کی کارکردگی پر مثبت فیڈ بیک اور مناسب انعامات دیے جاتے ہیں تو وہ زیادہ پرجوش اور متحرک ہو جاتے ہیں جس سے ان کی وابستگی (Commitment) اور کارکردگی میں بہتری آتی ہے۔ مثال :ایک ملازم جو ہر سال بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے اگر اسے "بہترین ملازم کا ایوارڈ" دیا جائے تو وہ زیادہ محنت اور جوش کے ساتھ کام کرے گا۔

6۔ تنظیمی اہداف اور کارکردگی کو بہتر بنانا(Aligning Individual & Organizational Goals)

کارکردگی کے جائزے کا ایک اور مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ ملازمین کے انفرادی اہداف اور تنظیمی مقاصد کو ایک ہی سمت میں لے کر آیا جائے۔ مثال :اگر تنظیم اپنی فروخت (Sales) میں 20%اضافہ کرنا چاہتی ہے تو ملازمین کو بھی اس مقصد کے مطابق اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے ہدایات دی جاسکتی ہیں۔

7۔ ملازمین اور مینجمنٹ کے درمیان مؤثر رابطہ (Improving Communication Between Employees & Management)

کارکردگی کا جائزہ ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے جہاں ملازمین اور مینیجرز کھل کر بات چیت کر سکتے ہیں۔ اس کے ذریعے ملازمین اپنی کارکردگی چیلنجز اور ترقی کے امکانات پر تبادلہ خیال کر سکتے ہیں۔ مثال :ایک ملازم اپنی کارکردگی کے جائزے کے دوران اپنی رائے اور تجاویز پیش کر سکتا ہے جس سے تنظیم اور ملازم کے درمیان مثبت تعلق قائم ہوتا ہے۔

کارکردگی کے جائزے کا مقصد صرف ملازمین کی کارکردگی کو جانچنا نہیں بلکہ ان کی ترقی تنظیمی اہداف کے حصول اور تنظیمی استحکام کو یقینی بنانا بھی ہے۔ **ایک** مؤثر کارکردگی کا جائزہ تنظیم کو باصلاحیت ملازمین کو ترقی دینے کمزور کارکردگی کو بہتر بنانے اور تنظیمی کامیابی کو فروغ دینے میں مدد دیتا ہے۔

---

## 7.5 کارکردگی کے جائزے کی اہمیت(Importance of Performance Appraisal)

---

کارکردگی کا جائزہ (Performance Appraisal) کسی بھی تنظیم کے لیے ایک بنیادی مینجمنٹ ٹول ہے جو ملازمین کی کارکردگی مہارتوں اور پیشہ ورانہ ترقی کو جانچنے میں مدد دیتا ہے۔ اس عمل کے ذریعے تنظیم ملازمین کی قابلیتوں کمزوریوں ترقی کے مواقع اور مراعات کے فیصلوں کو مؤثر انداز میں منظم کر سکتی ہے۔

کارکردگی کے جائزے کی اہمیت درج ذیل نکات میں واضح کی جاسکتی ہے:

1۔ ملازمین کی کارکردگی کا تجزیہ(Evaluation of Employee Performance):کارکردگی کے جائزے کا سب سے بنیادی مقصد ملازمین کی مجموعی کارکردگی کا تجزیہ کرنا ہوتا ہے تاکہ تنظیم کو یہ معلوم ہو سکے کہ آیا وہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے انجام دے رہے ہیں یا نہیں۔

مثال: ایک ٹیچر کے کارکردگی کے جائزے میں اس کے طلبہ کی کامیابی کی شرح تدریسی مہارت اور کلاس روم مینجمنٹ کا تجزیہ کیا جاسکتا ہے۔

2۔ ترقی اور مراعات کے فیصلے(Decisions on Promotions & Incentives): ملازمین کی ترقی (Promotion) سالانہ تنخواہ میں اضافہ (Salary Increment) اور مراعات (Incentives) کا انحصار ان کے کارکردگی کے جائزے پر ہوتا ہے۔ جو ملازمین بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں انہیں تنظیم ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرتی ہے۔
مثال: اگر ایک سیلز ایگزیکٹو ہر مہینے ٹارگٹ سے زیادہ سیلز کرتا ہے تو کارکردگی کے جائزے کے ذریعے اس کی ترقی اور اضافی بونس کی سفارش کی جا سکتی ہے۔

3۔ ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی(Career Growth & Skill Development): کارکردگی کے جائزے کے ذریعے تنظیم ملازمین کی مہارتوں میں بہتری (Skill Enhancement) اور تربیت (Training) کے مواقع فراہم کر سکتی ہے تاکہ وہ زیادہ مؤثر طریقے سے کام کر سکیں۔
مثال: اگر کسی پروجیکٹ مینیجر کو قیادت (Leadership) میں مشکلات کا سامنا ہے تو کارکردگی کے جائزے کے بعد تنظیم لیڈرشپ ٹریننگ پروگرام فراہم کر سکتی ہے۔

4۔ حوصلہ افزائی اور اطمینان(Employee Motivation & Job Satisfaction): جب ملازمین کو ان کی اچھی کارکردگی پر سراہا جاتا ہے ترقی دی جاتی ہے یا بونس ملتا ہے تو ان کی حوصلہ افزائی میں اضافہ ہوتا ہے جس سے وہ زیادہ محنت سے کام کرتے ہیں۔
مثال: اگر کسی تنظیم میں "بہترین ملازم کا ایوارڈ (Best Employee Award)" دیا جاتا ہے تو اس سے ملازمین کے اندر بہتر کام کرنے کی تحریک پیدا ہوتی ہے۔

5۔ کمزور کارکردگی کی نشاندہی اور بہتری(Identifying & Improving Weak Performance): کارکردگی کا جائزہ تنظیم کو یہ جاننے میں مدد دیتا ہے کہ کون سے ملازمین بہتر کارکردگی نہیں دکھا رہے اور کن شعبوں میں بہتری کی ضرورت ہے۔
مثال: اگر ایک کال سینٹر ایجنٹ کے کارکردگی کے جائزے میں یہ معلوم ہو کہ اس کی مواصلاتی مہارت کمزور ہے تو اسے کمیونیکیشن اسکلز کی تربیت دی جا سکتی ہے۔

6۔ تنظیمی مقاصد اور ملازمین کے اہداف میں ہم آہنگی(Aligning Individual & Organizational Goals): کارکردگی کا جائزہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ملازمین کی انفرادی کارکردگی تنظیم کے مجموعی اہداف کے مطابق ہو۔
مثال: اگر ایک کمپنی کا ہدف سالانہ 30% منافع میں اضافہ کرنا ہے تو کارکردگی کے جائزے کے ذریعے ملازمین کی کام کی حکمت عملی کو اس مقصد کے مطابق بنایا جا سکتا ہے۔

7۔ بہتر ابلاغ اور تنظیمی تعلقات(Improved Communication & Employee Relations): یہ عمل ملازمین اور مینیجرز کے درمیان بہتر تعلقات اور دو طرفہ بات چیت کو فروغ دیتا ہے جہاں ملازمین اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں اور مینیجرز ان کے خدشات کو سن سکتے ہیں۔

مثال: کارکردگی کے جائزے کے دوران ملازم اپنی ترقی تنظیم کی توقعات اور کسی بھی ممکنہ مسائل پر تبادلہ خیال کر سکتا ہے۔

8۔ تنظیم میں استحکام اور کارکردگی میں تسلسل(Stability & Consistency in Performance): کارکردگی کے جائزے کے ذریعے تنظیم اپنی مجموعی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت (Productivity) کو مستحکم رکھ سکتی ہے کیونکہ یہ ملازمین کو مسلسل بہتر کارکردگی کے لیے متحرک رکھتا ہے۔

مثال: اگر ایک فیکٹری ورکر کی پیداواری شرح میں کمی ہو رہی ہے تو کارکردگی کے جائزے میں اس مسئلے کو پہچان کر اسے درست کرنے کے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔

کارکردگی کے جائزے کی تنظیم میں نہایت اہمیت ہے کیونکہ یہ ملازمین کی کارکردگی کو جانچنے ان کی ترقی کے فیصلے کرنے اور تنظیمی اہداف کے حصول کو یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی حوصلہ افزائی کارکردگی میں تسلسل اور پیشہ ورانہ ترقی کو فروغ دے سکتی ہے جو مجموعی طور پر تنظیم کی کامیابی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 7.6 کارکردگی کے جائزے کا عمل(Appraisal Process)

کارکردگی کا جائزہ(Performance Appraisal) ایک منظم اور مرحلہ وار عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کام کی کارکردگی مہارتوں(Skills) اور تنظیمی اہداف کے حصول میں ان کے کردار کا جائزہ لیتی ہے۔ اس عمل کے ذریعے تنظیم بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو ترقی انعامات اور اضافی مراعات فراہم کرتی ہے جبکہ کمزور کارکردگی کے حامل ملازمین کی بہتری کے لیے ضروری اقدامات کرتی ہے۔

کارکردگی کے جائزے کا عمل عام طور پر درج ذیل مراحل پر مشتمل ہوتا ہے:

1۔ کارکردگی کے معیارات کا تعین(Setting Performance Standards)

سب سے پہلے تنظیم کارکردگی کے ایسے واضح معیارات(Performance Standards) طے کرتی ہے جن کے ذریعہ ملازمین کی کارکردگی کو جانچا جائے گا۔ یہ معیارات درج ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہو سکتے ہیں:

- کام کے معیار(Quality of Work)
- پیداواری صلاحیت(Productivity & Efficiency)
- وقت کی پابندی(Punctuality & Attendance)
- رویے اور پیشہ ورانہ مہارت(Behavior & Professionalism)

مثال: ایک سیلز ایگزیکٹو کے لیے کارکردگی کا معیار یہ ہو سکتا ہے کہ وہ ماہانہ 50 نئے کلائنٹس سے رابطہ کرے اور کم از کم 10 نئی ڈیلز مکمل کرے۔

2۔ کارکردگی کی پیمائش کے طریقوں کا انتخاب(Choosing the Appraisal Method & Tools)

تنظیم فیصلہ کرتی ہے کہ ملازمین کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے کون سے طریقے اور ٹولز استعمال کیے جائیں گے۔ یہ طریقے درج ذیل ہو سکتے ہیں:

- 360 ڈگری فیڈ بیک(360 Degree Feedback)-جہاں ملازم کی کارکردگی کا تجزیہ مینیجرز ساتھی ملازمین اور کلائنٹس کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
- خود تشخیص (Self-Assessment) جہاں ملازم اپنی کارکردگی کا جائزہ خود لیتا ہے۔
- پرفارمنس ریویو فارمز (Performance Review Forms) جو ملازم کی کامیابیوں مہارتوں اور بہتری کے پہلوؤں پر مشتمل ہوتے ہیں۔

مثال: ایک کمپنی 360 ڈگری فیڈ بیک سسٹم استعمال کر سکتی ہے جس میں ملازم کے ساتھی سینئر مینیجر اور ماتحت ملازمین اس کی کارکردگی پر رائے دیتے ہیں۔

3۔ اصل کارکردگی کا مشاہدہ اور ڈیٹا اکٹھا کرنا(Monitoring & Data Collection)

اس مرحلے میں مینیجرز اور سپروائزرز ملازمین کی کارکردگی کا باقاعدہ مشاہدہ (Observation) کرتے ہیں اور ان کے کام کے اعداد و شمار (Performance Data) کو اکٹھا کرتے ہیں تاکہ جائزے کے دوران ان کا تجزیہ کیا جا سکے۔ مثال : اگر کسی ٹیچر کا کارکردگی کا جائزہ لیا جا رہا ہو تو اسکول انتظامیہ اس کے طلبہ کی کامیابی کی شرح کلاس میں حاضری اور تدریسی مہارت کا جائزہ لے سکتی ہے۔

4۔ کارکردگی کا تجزیہ اور موازنہ(Evaluating & Comparing Performance)

اب تنظیم ملازم کی اصل کارکردگی (Actual Performance) کو متعین کردہ معیارات (Pre-Set Standards) سے موازنہ کرتی ہے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آیا ملازم اپنی ذمہ داریوں کو مطلوبہ معیار کے مطابق ادا کر رہا ہے یا نہیں۔

مثال : اگر کسی بینک کے کسٹمر سروس آفیسر کو روزانہ 50 کسٹمرز کو سنبھالنے کا ہدف دیا گیا تھا لیکن وہ صرف 30 کسٹمرز ہی سنبھال سکا تو اس کی کارکردگی کو کمزور تصور کیا جائے گا۔

5۔ ملازم سے کارکردگی کے بارے میں بات چیت (Providing Feedback & Performance Review Meeting)

یہ ایک اہم مرحلہ ہوتا ہے جہاں منیجر اور ملازم آمنے سامنے بیٹھ کر کارکردگی کے جائزے پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ اس میں ملازم کو بتایا جاتا ہے کہ:

- اس کی کامیابیاں (Achievements) کیا ہیں؟
- کن شعبوں میں بہتری کی ضرورت ہے؟
- آئندہ ترقی کے کیا مواقع ہو سکتے ہیں؟

مثال: اگر کسی ملازم کی وقت کی پابندی کمزور ہے تو مینیجر اسے مشورہ دے سکتا ہے کہ وہ اپنے وقت کی مینجمنٹ کو بہتر بنائے تاکہ کارکردگی میں بہتری آئے۔

6۔ ترقی مراعات اور بہتری کے فیصلے (Deciding Promotions, Rewards & Training Needs)

فیڈبیک کے بعد تنظیم ملازمین کے لیے ترقی (Promotion) بونس (Bonus) یا اضافی تربیت (Training Needs) کا فیصلہ کرتی ہے۔

مثال:

- اگر کسی ملازم نے بہترین کارکردگی دکھائی ہو تو اسے تنخواہ میں اضافہ (Salary Increment) یا ترقی (Promotion) دی جاسکتی ہے۔
- اگر کسی ملازم کی کارکردگی کمزور ہو تو اسے اضافی تربیت (Additional Training) یا مشاورت (Counseling) فراہم کی جاسکتی ہے۔

7۔ فالواپ اور مستقل جائزہ (Follow-up & Continuous Monitoring)

کارکردگی کا جائزہ ایک مسلسل عمل (Continuous Process) ہے۔ ایک بار جائزہ مکمل ہونے کے بعد تنظیم مستقل بنیادوں پر ملازمین کی کارکردگی کا جائزہ لیتی رہتی ہے اور انہیں بہتری کے لیے ضروری رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ مثال: اگر کسی ملازم کو کارکردگی کے جائزے میں بہتری کے لیے مخصوص اہداف دیے گئے ہیں تو اگلے چھ ماہ بعد دوبارہ جائزہ لیا جاسکتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آیا اس نے بہتری حاصل کی ہے یا نہیں۔

کارکردگی کے جائزے کا عمل ایک مرحلہ وار طریقہ ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کام کی کارکردگی کا جائزہ لے کر ان کی ترقی تربیت اور مراعات کے فیصلے کرتی ہے۔ ایک مؤثر جائزہ تنظیم کے اہداف اور ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے جس سے نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) ہوتی ہے بلکہ تنظیم کی مجموعی کارکردگی (Overall Performance) میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

## 7.7 کارکردگی کے جائزے کے طریقے (Methods of Performance Appraisal)

کارکردگی کا جائزہ (Performance Appraisal) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی کارکردگی مہارتوں اور کام کے نتائج کا تجزیہ کرتی ہے۔ اس جائزے کے مختلف طریقے موجود ہیں جنہیں تنظیم اپنی ضروریات کے مطابق منتخب کرتی ہے۔ یہ طریقے عمومی طور پر دو اقسام میں تقسیم کیے جاسکتے ہیں:

1۔ روایتی طریقے (Traditional Methods)

2۔ جدید طریقے (Modern Methods)

1۔ روایتی طریقے(Traditional Methods of Performance Appraisal)

(i) سیدھا درجہ بندی کا طریقہ(Straight Ranking Method):اس طریقے میں ملازمین کو ان کی کارکردگی کی بنیاد پر بہتر سے کمزور کی ترتیب میں درجہ دیا جاتا ہے۔

مثال:اگر ایک کمپنی میں 10 سیلز ایگزیکٹوز کام کر رہے ہیں تو ان کی سیلز کے مطابق سب سے زیادہ فروخت کرنے والے ملازم کو پہلے نمبر پر اور سب سے کم فروخت کرنے والے ملازم کو آخری نمبر پر رکھا جائے گا۔

(ii) درجہ بندی کے پیمانے کا طریقہ(Graphic Rating Scale Method):اس طریقے میں ملازمین کی کارکردگی کو مخصوص پہلوؤں (Attributes) جیسے ایمانداری تخلیقی صلاحیت اور کام کی رفتار کے مطابق نمبر دیے جاتے ہیں۔

مثال:ایک ملازم کی کارکردگی کو 1 سے 5 کے اسکیل پر جانچا جا سکتا ہے جہاں 1 کمزور کارکردگی اور 5 بہترین کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے۔

(iii) زبانی وضاحتی رپورٹ کا طریقہ(Essay Appraisal Method):اس طریقے میں مینیجر ہر ملازم کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی رپورٹ لکھتا ہے جس میں اس کی کامیابیاں مہارتیں اور بہتری کے پہلو شامل ہوتے ہیں۔

مثال:ایک اسکول میں پرنسپل ہر استاد کے تدریسی طریقے طلبہ کے ساتھ رویے اور کلاس مینجمنٹ کی رپورٹ تیار کر سکتا ہے۔

(iv) تنقیدی واقعہ کا طریقہ(Critical Incident Method):اس طریقے میں ملازمین کی کارکردگی کا جائزہ غیر معمولی یا اہم واقعات کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔

مثال:اگر ایک ملازم نے مشکل حالات میں بھی بہترین خدمات فراہم کیں تو اس کی تعریف کی جائے گی جبکہ اگر کسی نے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا تو اس کی نشاندہی کی جائے گی۔

(v) موازنہ کا طریقہ(Paired Comparison Method):اس طریقے میں ہر ملازم کو دوسرے ملازمین کے ساتھ جوڑ کر ان کی کارکردگی کا موازنہ کیا جاتا ہے۔

مثال:ایک کمپنی میں دو ملازمین کی سیلز وقت کی پابندی اور تخلیقی سوچ کو آپس میں موازنہ کر کے بہتر ملازم کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

2۔ جدید طریقے(Modern Methods of Performance Appraisal)

(i) 360 ڈگری فیڈبیک(Degree Feedback Method-360):اس طریقے میں ملازم کی کارکردگی کا اس کے مینیجر ساتھی ملازمین ماتحتوں اور حتیٰ کہ کلائنٹس سے حاصل کردہ فیڈبیک کی بنیاد پر جائزہ لیا جاتا ہے۔

مثال:اگر ایک بینک میں برانچ مینیجر کا جائزہ لینا ہو تو اس کے کسٹمرز ساتھی ملازمین اور سینئر مینیجرز کی آراء کو اکٹھا کر کے تجزیہ کیا جائے گا۔

(ii) مینجمنٹ بائی آبجیکٹیوز(Management by Objectives - MBO):اس طریقے میں ملازمین کے اہداف (Goals) پہلے سے طے کیے جاتے ہیں اور بعد میں کارکردگی کا جائزہ اس بات پر لیا جاتا ہے کہ آیا ان اہداف کو حاصل کیا گیا یا نہیں۔

مثال:ایک سافٹ ویئر ڈویلپر کو 6 مہینوں میں 5 نئے فیچرز تیار کرنے کا ہدف دیا جائے اور کارکردگی کا جائزہ اسی بنیاد پر لیا جائے۔

(iii) بیہیو یئر اینکرڈ ریٹنگ اسکیل(Behaviorally Anchored Rating Scale - BARS):اس طریقے میں ملازمین کی مخصوص رویوں اور طرزِ عمل کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاتی ہے۔

مثال: کسی کسٹمر سروس ایجنٹ کی درجہ بندی کی جاسکتی ہے کہ وہ کس طرح سے کسٹمر کی شکایات کو ہینڈل کرتا ہے—بہترین اوسط یا کمزور؟

(iv) نفسیاتی جانچ(Psychological Appraisal): اس طریقے میں ملازم کی تخلیقی سوچ(Creativity) قیادت کی صلاحیت(Leadership Skills) اور دباؤ میں کام کرنے کی صلاحیت (Stress Management) کو ماہرین نفسیات کے ذریعے جانچا جاتا ہے۔

مثال: ایک تنظیم مستقبل کے قیادت کے عہدے (Leadership Roles) کے لیے موزوں امیدواروں کی شناخت کے لیے اس طریقے کا استعمال کرسکتی ہے۔

(v) انسانی وسائل کی اکاؤنٹنگ کا طریقہ(Human Resource Accounting Method): یہ طریقہ ملازم کی کارکردگی کو مالی لحاظ سے جانچتا ہے یعنی وہ تنظیم کے لیے کتنا منافع بخش یا فائدہ مند ثابت ہو رہا ہے۔

مثال: اگر ایک ملازم کو سالانہ 10 لاکھ روپے تنخواہ دی جارہی ہے اور وہ 50 لاکھ روپے کی سیلز کر رہا ہے تو اس کی کارکردگی مثبت سمجھی جائے گی۔

کارکردگی کے جائزے کے مختلف طریقے تنظیم کو ملازمین کی کارکردگی کا مؤثر تجزیہ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ہر طریقہ اپنے مقاصد اور استعمال کے مطابق مختلف ہوتا ہے اور تنظیمیں اپنی ضروریات کے مطابق روایتی یا جدید طریقے منتخب کرتی ہیں۔ ایک مؤثر کارکردگی کا جائزہ ملازمین کی ترقی حوصلہ افزائی اور تنظیمی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

## 7.8 صلاحیتوں کا جائزہ ایک مختصر جائزہ(Potential Appraisal an Introduction)

صلاحیتوں کا جائزہ (Potential Appraisal) ایک ایسا منظم عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم ملازمین کی مستقبل کی ترقی قیادت کی صلاحیتوں(Leadership Abilities) اور مزید ذمہ داریاں سنبھالنے کی اہلیت کا جائزہ لیتی ہے۔ یہ طریقہ عام طور پر ترقی(Promotion) جانشینی منصوبہ بندی(Succession Planning) اور قیادت کے عہدوں کے لیے موزوں امیدواروں کی شناخت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

اہم نکات:

1۔ مستقبل کے امکانات کا تجزیہ —اس میں صرف موجودہ کارکردگی نہیں دیکھی جاتی بلکہ ملازم میں مزید ترقی اور نئی مہارتیں سیکھنے کی صلاحیت کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔

2۔ قیادت کے عہدوں کے لیے تیاری —ایسے ملازمین کی شناخت کی جاتی ہے جو مستقبل میں منیجریل یا قیادت کے کردار ادا کرسکتے ہیں۔

3۔ اضافی تربیت اور ترقی کے مواقع – تنظیم ملازمین کو ضروری مہارتوں میں بہتری کے لیے تربیت (Training) اور ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے۔

4۔ کارکردگی سے زیادہ مہارتوں پر توجہ –جہاں کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) میں موجودہ کارکردگی کا تجزیہ کیا جاتا ہے وہیں صلاحیتوں کے جائزے میں مستقبل کی ترقی کے امکانات کو پرکھا جاتا ہے۔

صلاحیتوں کے جائزے کا مقصد ملازمین کے طویل مدتی کیریئر میں ترقی کے امکانات کو جانچنا اور تنظیم کے مستقبل کے رہنما تیار کرنا ہے۔اس عمل سے تنظیم باصلاحیت ملازمین کو صحیح وقت پر صحیح مواقع فراہم کر سکتی ہے جو نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ تنظیم کی مستقبل کی ترقی اور استحکام میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 7.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد طلبہ کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کے تصور، مفہوم اور تعریف کو واضح طور پر سمجھ چکے ہیں۔ طلبہ کارکردگی کے جائزے کے مقاصد اور تنظیمی و انفرادی سطح پر اس کی اہمیت کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ کارکردگی کے جائزے کے مختلف مراحل اور طریقوں کا تجزیہ کر سکتے ہیں اور ان کے عملی اطلاق کو بیان کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ، طلبہ صلاحیتوں کے جائزے (Potential Appraisal) کے بنیادی تصور سے واقف ہو چکے ہیں اور مستقبل کی افرادی قوت کی منصوبہ بندی میں اس کے کردار کو سمجھنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

## 7.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

2۔ کارکردگی کے جائزے کے کتنے بنیادی طریقے ہیں؟

3۔ سیدھا درجہ بندی (Straight Ranking) کا طریقہ کس قسم کے جائزے میں استعمال ہوتا ہے؟

4۔ 360 ڈگری فیڈبیک(360 -Degree Feedback) میں کس کس کی رائے شامل ہوتی ہے؟

5۔ ملازمین کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے "Management by Objectives (MBO)" طریقہ کس پر توجہ دیتا ہے؟

6۔ صلاحیتوں کے جائزے (Potential Appraisal) کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

7۔ تنقیدی واقعہ (Critical Incident) کے طریقے میں کن چیزوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے؟

8۔ کارکردگی کے جائزے میں "بیہیویئر اینکرڈ ریٹنگ اسکیل "(BARS) کا استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟

9۔ روایتی اور جدید کارکردگی کے جائزے میں بنیادی فرق کیا ہے؟

10۔ ملازمین کی ترقی اور مراعات کے فیصلے میں کارکردگی کے جائزے کا کیا کردار ہے؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کے پانچ اہم مقاصد پر روشنی ڈالیں۔

2۔ سیدھا درجہ بندی (Straight Ranking) اور درجہ بندی کے پیمانے (Graphic Rating Scale) کے طریقوں کے درمیان فرق بیان کریں۔

3۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) میں کارکردگی کے جائزے کی اہمیت پر تبصرہ کریں۔

4۔ 360 ڈگری فیڈبیک(360 Degree Feedback)-اور MBO (Management by Objectives) کے طریقے میں کیا فرق ہے؟

5۔ صلاحیتوں کے جائزے (Potential Appraisal) کی وضاحت کریں اور تنظیم میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ کارکردگی کے جائزے کے عمل (Appraisal Process) کے تمام مراحل کو تفصیل سے بیان کریں۔

2۔ روایتی اور جدید طریقوں (Traditional & Modern Methods) کا تفصیلی موازنہ کریں اور ہر ایک کے فوائد و نقصانات بیان کریں۔

3۔ 360 ڈگری فیڈبیک(360 Degree Feedback)-اور بیہیویئر اینکرڈ ریٹنگ اسکیل (BARS) کے طریقوں کو تفصیل سے بیان کریں اور ان کے فوائد و نقصانات پر روشنی ڈالیں۔

4۔ کارکردگی کے جائزے کے تنظیمی فوائد اور ملازمین کی ترقی پر اس کے اثرات کو تفصیل سے بیان کریں۔

5۔ صلاحیتوں کے جائزے (Potential Appraisal) کا مکمل تجزیہ کریں اور وضاحت کریں کہ یہ جانشینی منصوبہ بندی (Succession Planning) میں کیسے مددگار ثابت ہوتا ہے۔

# اکائی 8۔ تربیت اور ترقی-I

(Training and Development)

اکائی کے اجزا


8.0 تمہید(Introduction)

8.1 مقاصد(Objectives)

8.2 تربیت اور ترقی ایک مختصر تعارف(Training & Development)

8.3 تربیت اور ترقی کا دائرہ کار(Scope of Training & Development)

8.4 تربیت اور ترقی کے مقاصد(Objectives of Training & Development)

8.5 تنظیموں میں تربیت کا کردار(Role of Training in Organizations)

8.6 تربیتی ضروریات کا تجزیہ(Training Need Assessment - TNA)

8.7 تربیتی ضروریات کے تجزیے کے مراحل(Stages of Training Need Assessment)

8.8 تربیت اور ترقی کے طریقے(Methods of Training & Development)

8.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

8.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)


## 8.0 تمہید(Introduction)

اکائی 7 میں ہم نے کارکردگی کے جائزے(Performance Appraisal)کے تصور کو تفصیل سے سمجھا جہاں تنظیمیں ملازمین کی موجودہ کارکردگی کا تجزیہ کرتی ہیں اور ان کی بہتری کے لیے مختلف اقدامات کرتی ہیں۔ کارکردگی کے جائزے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ وہ ملازمین کی مہارتوں میں موجود خلا(Skill Gaps)کی نشاندہی کرتا ہے اور ان کی ترقی کے لیے ضروری اقدامات کی راہ ہموار کرتا ہے۔ اسی تسلسل کو آگے بڑھاتے ہوئے اکائی 8 میں ہم تربیت اور ترقی(Training & Development)پر توجہ دیں گے جو ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ایک بنیادی ذریعہ ہے۔

تربیت اور ترقی کسی بھی تنظیم کے لیے ایک اہم حکمت عملی ہے جو نہ صرف ملازمین کی مہارتوں اور علم میں اضافہ کرتی ہے بلکہ تنظیم کی مجموعی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت(Productivity)کو بھی بڑھاتی ہے۔ تربیت کا مقصد صرف یہ نہیں ہوتا کہ ملازمین کو ان

کے موجودہ کام کے لیے تیار کیا جائے بلکہ ان کی طویل مدتی پیشہ ورانہ ترقی(Career Growth) کو بھی یقینی بنایا جائے۔ تنظیمیں اپنے ملازمین کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے اور انہیں نئی مہارتوں سے روشناس کرانے کے لیے مختلف تربیتی پروگرامز متعارف کراتی ہیں تاکہ وہ زیادہ مؤثر اور پیداواری ثابت ہو سکیں۔

موجودہ دور میں جہاں کاروباری ماحول مسلسل بدل رہا ہے وہاں تنظیموں کو اپنے ملازمین کو جدید ٹیکنالوجی نئی حکمت عملیوں اور مسابقتی مارکیٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہوتا ہے۔اسی لیے تربیت اور ترقی کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ تنظیمیں مختلف سطحوں پر ملازمین کی مہارتوں کا جائزہ لیتی ہیں اور ان کے لیے موزوں تربیتی پروگرامز ترتیب دیتی ہیں تاکہ وہ اپنے پیشہ ورانہ اہداف کو بہتر طور پر حاصل کر سکیں۔

اس اکائی میں ہم تربیت اور ترقی کے بنیادی تصورات کو سمجھیں گے ان کے دائرہ کار اور تنظیم میں ان کے کردار کا جائزہ لیں گے۔ ہم یہ بھی دیکھیں گے کہ تربیت کے مقاصد کیا ہوتے ہیں اور تنظیمیں کس طرح تربیتی ضروریات کا تجزیہ (Training Need Assessment - TNA) کرتی ہیں تاکہ ملازمین کے لیے بہترین تربیتی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔اس کے علاوہ ہم مختلف تربیتی طریقوں پر بھی بات کریں گے جن میں آن جاب ٹریننگ(On-the-Job Training) آف جاب ٹریننگ (Off-the-Job Training) سیمینارز ورکشاپس اور ای-لرننگ (E-Learning) شامل ہیں۔

یہ اکائی طلبہ کو اس بات کی گہری سمجھ دے گی کہ تربیت اور ترقی تنظیموں کے لیے کیوں ضروری ہے اور کس طرح ایک مؤثر تربیتی نظام ملازمین کی استعداد کار میں اضافہ کر کے تنظیم کی کامیابی میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔

## 8.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- تربیت اور ترقی کے بنیادی تصورات کو سمجھنا
- تربیت کی تنظیمی اہمیت اور اس کے اثرات کا تجزیہ کرنا
- تربیتی ضروریات کے تجزیے کی تکنیکوں کو سمجھنا
- تربیت اور ترقی کے مختلف طریقوں کے عملی اطلاق کو جانچنا

## 8.2 تربیت اور ترقی ایک مختصر تعارف(Training & Development)

تربیت اور ترقی (Training & Development) ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے تنظیمیں ملازمین کی مہارتوں علم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری لاتی ہیں تاکہ وہ اپنے کام کو زیادہ مؤثر اور نتیجہ خیز طریقے سے انجام دے سکیں۔اس عمل کا مقصد نہ صرف موجودہ ملازمت کی ضروریات کو پورا کرنا ہے بلکہ ملازمین کو مستقبل کے چیلنجز کے لیے بھی تیار کرنا ہوتا ہے۔

تربیت (Training) عام طور پر ملازمین کو مخصوص مہارتیں (Specific Skills) سکھانے پر مرکوز ہوتی ہے جو ان کے موجودہ کام کے تقاضوں کو پورا کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ عمل زیادہ تر مختصر مدت (Short-Term) کا ہوتا ہے اور مخصوص عملی پہلوؤں پر توجہ دیتا ہے۔

ترقی (Development) ایک وسیع تر تصور ہے جو ملازمین کی پیشہ ورانہ اور ذاتی نشوونما (Professional & Personal Growth) پر مرکوز ہوتا ہے۔ یہ عمل طویل المدتی ہوتا ہے اور ملازمین کو مستقبل کے قائدانہ کرداروں (Leadership Roles) کے لیے تیار کرتا ہے۔

موجودہ کاروباری ماحول میں جہاں مسابقت اور ٹیکنالوجی تیزی سے بدل رہی ہیں تنظیموں کے لیے تربیت اور ترقی ایک اہم حکمت عملی بن چکی ہے۔ اس سے نہ صرف ملازمین کی کارکردگی (Performance) اور پیداواری صلاحیت (Productivity) میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ تنظیم کو بھی اپنی مسابقتی برتری (Competitive Advantage) برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

## 8.3 تربیت اور ترقی کا دائرہ کار (Scope of Training & Development)

تربیت اور ترقی (Training & Development) کا دائرہ کار وسیع اور متنوع ہے کیونکہ یہ نہ صرف ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ اور ان کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ تنظیم کی مجموعی ترقی اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کے لیے بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ کسی بھی تنظیم کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی افرادی قوت کو جدید مہارتوں اور تکنیکی ترقیات سے ہم آہنگ کرے تاکہ وہ مسابقتی کاروباری ماحول میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے۔ اس کا اثر نہ صرف انفرادی سطح پر بلکہ تنظیمی اور صنعتی سطح پر بھی نظر آتا ہے۔

### 1۔ انفرادی سطح (Individual Level)

تربیت اور ترقی کا سب سے پہلا دائرہ کار انفرادی سطح پر اثر انداز ہوتا ہے جہاں ملازمین کو ان کی موجودہ مہارتوں میں بہتری لانے کے لیے تربیت دی جاتی ہے۔ اس عمل سے ان کے پیشہ ورانہ اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں نبھانے کے قابل ہوتے ہیں۔ تربیت نہ صرف ملازمین کو اپنی مخصوص ملازمت کے تقاضوں کو پورا کرنے میں مدد دیتی ہے بلکہ انہیں مستقبل میں ترقی کے مواقع کے لیے بھی تیار کرتی ہے۔ مہارتوں میں بہتری کے ساتھ ملازمین کی خوداعتمادی بڑھتی ہے اور ان کی کارکردگی کے معیار میں نمایاں بہتری آتی ہے جس سے وہ تنظیم کے لیے ایک قیمتی اثاثہ بن جاتے ہیں۔

### 2۔ تنظیمی سطح (Organizational Level)

تنظیم کی ترقی کا انحصار اس کے ملازمین کی کارکردگی پر ہوتا ہے اور ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم کو اس بات کی یقین دہانی کراتا ہے کہ اس کے ملازمین بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ تربیت اور ترقی تنظیم کی مجموعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرتی ہے اور ملازمین کی کارکردگی کے معیار کو بلند کرتی ہے۔ ایک تربیت یافتہ افرادی قوت نہ صرف اپنے اہداف کو مؤثر طریقے سے حاصل کرتی ہے بلکہ

تنظیم کے طویل مدتی وژن میں بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے۔اس کے علاوہ ملازمین کی بہتر کارکردگی تنظیم میں کام کے معیار کو بڑھاتی ہے اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے جس سے ادارے کی ترقی کی راہ ہموار ہوتی ہے۔

3۔ صنعتی سطح(Industry Level)

تربیت اور ترقی کا دائرہ صرف ایک مخصوص تنظیم تک محدود نہیں ہوتا بلکہ یہ وسیع پیمانے پر کسی بھی صنعت کے معیار کو بلند کرنے میں مدد دیتا ہے۔جب مختلف تنظیمیں اپنے ملازمین کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرتی ہیں تو اس سے پوری صنعت میں ایک تربیت یافتہ اور ہنر مند افرادی قوت کا اضافہ ہوتا ہے۔ یہ عمل کسی بھی ملک کی معیشت کو مستحکم بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے کیونکہ ایک ماہر اور تربیت یافتہ افرادی قوت زیادہ پیداوار اور اعلیٰ معیار کے کام کو یقینی بناتی ہے۔اس کے علاوہ تربیت یافتہ ملازمین ٹیکنالوجی میں ہونے والی ترقی سے زیادہ مؤثر طریقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جس سے صنعت میں مسابقتی برتری حاصل کرنے کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔

4۔ مہارتوں کی ترقی(Skill Enhancement)

کسی بھی تنظیم میں تربیت اور ترقی کا ایک اہم پہلو ملازمین کی مہارتوں میں مسلسل بہتری لانا ہوتا ہے۔ یہ مہارتیں مختلف اقسام کی ہو سکتی ہیں جن میں تکنیکی مہارتیں انتظامی صلاحیتیں تخلیقی سوچ اور مواصلاتی مہارتیں شامل ہیں۔ تکنیکی مہارتوں کے ذریعے ملازمین اپنے کام کو زیادہ مؤثر طریقے سے انجام دے سکتے ہیں جبکہ انتظامی مہارتیں انہیں قیادت اور فیصلہ سازی میں مدد دیتی ہیں۔اسی طرح بہتر مواصلاتی مہارتیں ملازمین کو دوسروں کے ساتھ مؤثر انداز میں بات چیت کرنے کے قابل بناتی ہیں جو کہ کسی بھی تنظیم کے کامیاب آپریشن کے لیے ضروری ہے۔ایک مسلسل تربیتی عمل ان تمام مہارتوں کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے جس سے ملازمین زیادہ فعال اور نتیجہ خیز ثابت ہوتے ہیں۔

5۔ تربیت اور ترقی کے طریقے(Methods of Training & Development)

تربیت اور ترقی کے مختلف طریقے تنظیم کی ضروریات اور ملازمین کی نوعیت کے مطابق اپنائے جاتے ہیں۔ آن جاب ٹریننگ (On-the-Job Training)کے ذریعے ملازمین کو عملی طور پر ان کے کام کے دوران تربیت دی جاتی ہے جس سے وہ حقیقی کام کے ماحول میں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔ آف جاب ٹریننگ (Off-the-Job Training) میں سیمینارز ورکشاپس اور آن لائن کورسز شامل ہوتے ہیں جہاں ملازمین مخصوص مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی سیشنز میں شرکت کرتے ہیں۔ ای لرننگ (E-Learning) کے ذریعے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر آن لائن تربیتی مواد فراہم کیا جاتا ہے جو کہ آج کے جدید دور میں ایک مؤثر تربیتی طریقہ بن چکا ہے۔ان مختلف تربیتی طریقوں کی مدد سے تنظیمیں اپنے ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ کرتی ہیں اور انہیں زیادہ مؤثر اور نتیجہ خیز بناتی ہیں۔

تربیت اور ترقی کسی بھی تنظیم کے لیے ایک مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے جو نہ صرف ملازمین کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے ضروری ہے بلکہ تنظیم کی مجموعی ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔اس کا دائرہ انفرادی تنظیمی اور صنعتی سطح پر اثرانداز ہوتا ہے جہاں یہ ملازمین کی مہارتوں کو بہتر بنانے تنظیمی مقاصد کو حاصل کرنے اور صنعتی معیار کو بلند کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم کو نہ صرف داخلی سطح پر مستحکم بناتا ہے بلکہ اسے عالمی مسابقت میں بھی ایک نمایاں مقام دلانے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

## 8.4 تربیت اور ترقی کے مقاصد (Objectives of Training & Development)

تربیت اور ترقی (Training & Development) کا بنیادی مقصد ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانا مہارتوں میں اضافہ کرنا اور تنظیمی اہداف کے حصول میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ ایک مؤثر تربیتی پروگرام نہ صرف ملازمین کو موجودہ کام کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتا ہے بلکہ انہیں مستقبل میں مزید بہتر مواقع کے لیے بھی تیار کرتا ہے۔ یہ عمل تنظیم کی پیداواری صلاحیت مسابقتی برتری اور استحکام کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

1۔ ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ (Enhancing Employee Skills)

تربیت اور ترقی کا بنیادی مقصد ملازمین کو وہ ضروری مہارتیں فراہم کرنا ہے جو انہیں اپنے کام کو بہتر انداز میں انجام دینے کے قابل بناتی ہیں۔ ہر تنظیم میں کچھ مخصوص تکنیکی اور عملی مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے اور ایک مناسب تربیتی پروگرام ملازمین کو ان مہارتوں میں مہارت حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ جب ملازمین اپنی مہارتوں میں بہتری لاتے ہیں تو ان کی کارکردگی اور کام کے معیار میں اضافہ ہوتا ہے جو بالآخر تنظیم کی مجموعی ترقی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔

2۔ پیداواری صلاحیت میں بہتری (Improving Productivity)

ایک تربیت یافتہ ملازم غیر تربیت یافتہ ملازم کے مقابلے میں زیادہ مؤثر اور نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے۔ مناسب تربیت ملازمین کو اپنے کام کے دوران وقت اور وسائل کا بہترین استعمال سکھاتی ہے جس سے تنظیم کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ جب ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ مؤثر طریقے سے نبھاتے ہیں تو وہ نہ صرف اپنی انفرادی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں بلکہ تنظیمی سطح پر بھی نمایاں بہتری لانے میں مدد کرتے ہیں۔

3۔ تنظیمی ترقی اور مسابقتی برتری (Organizational Growth & Competitive Advantage)

کسی بھی تنظیم کی کامیابی اس کی افرادی قوت کی مہارتوں پر منحصر ہوتی ہے۔ تربیت اور ترقی تنظیم کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو جدید کاروباری ماحول کے مطابق تیار کرے جس سے وہ مسابقتی برتری (Competitive Advantage) حاصل کر سکے۔ ایک ایسی تنظیم جہاں ملازمین کو مسلسل سیکھنے اور ترقی کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں وہ زیادہ مستحکم اور ترقی پسند ثابت ہوتی ہے۔

4۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور اطمینان (Employee Motivation & Job Satisfaction)

جب ملازمین کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ تنظیم ان کی ترقی میں سرمایہ کاری کر رہی ہے تو ان کی حوصلہ افزائی اور تنظیم سے وابستگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک مؤثر تربیتی پروگرام ملازمین کو اپنے کام میں مزید دلچسپی لینے اور بہتر نتائج فراہم کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ جب ملازمین اپنی مہارتوں میں بہتری محسوس کرتے ہیں تو ان کا اعتماد بڑھتا ہے اور وہ اپنی ملازمت سے زیادہ مطمئن ہوتے ہیں۔

5۔ کارکردگی کے معیار کو بہتر بنانا(Enhancing Performance Standards)

تربیت ملازمین کو ان کے کام کے دوران غلطیوں کو کم کرنے اور زیادہ درستگی کے ساتھ کام کرنے میں مدد دیتی ہے۔ جدید طریقوں تکنیکی آلات اور کاروباری حکمت عملیوں کی تربیت سے ملازمین کی کارکردگی کے معیار میں نمایاں بہتری آتی ہے۔ تنظیمیں اپنے کسٹمر سروس پروڈکٹ ڈیلیوری اور اندرونی عمل میں بہتری کے لیے بھی تربیتی پروگرامز کا انعقاد کرتی ہیں تاکہ کارکردگی کے مجموعی معیار کو بلند کیا جاسکے۔

6۔ قیادت کی صلاحیتوں کی نشوونما(Developing Leadership Skills)

تربیت اور ترقی کا ایک اور اہم مقصد تنظیم میں مستقبل کے قائدین (Future Leaders) تیار کرنا ہے۔ تنظیمیں اپنے ہنر مند اور قابل ملازمین کی شناخت کرتی ہیں اور انہیں مینجمنٹ اور قیادت کے کرداروں (Managerial & Leadership Roles) کے لیے تیار کرتی ہیں۔ قیادت کی مہارتوں میں اضافہ تنظیم کو ایک مضبوط قیادت فراہم کرتا ہے جو اس کے طویل مدتی استحکام اور ترقی کے لیے ضروری ہے۔

7۔ تبدیلیوں کے مطابق ڈھالنے کی صلاحیت(Adaptability to Change)

آج کے کاروباری ماحول میں تبدیلیاں مسلسل رونما ہو رہی ہیں اور تنظیموں کو اس تبدیلی کے مطابق اپنے ملازمین کو تیار کرنا ضروری ہے۔ تربیت ملازمین کو نئی ٹیکنالوجیز مارکیٹ کے رجحانات اور جدید کاروباری طریقوں سے آگاہ کرتی ہے جس سے وہ جدید چیلنجز کا سامنا کرنے اور ان سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے قابل ہوتے ہیں۔

8۔ ملازمین کے مابین بہتر ہم آہنگی(Improving Teamwork & Collaboration)

تربیتی پروگرامز ملازمین کو ایک دوسرے کے ساتھ بہتر رابطے اور تعاون کے اصول سکھاتے ہیں جس سے تنظیم میں ٹیم ورک کو فروغ ملتا ہے۔ جب ملازمین ایک ساتھ مؤثر طریقے سے کام کرتے ہیں تو وہ زیادہ بہتر نتائج فراہم کرتے ہیں اور تنظیم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

9۔ مقام کار پر حادثات اور غلطیوں میں کمی(Reducing Workplace Accidents & Errors)

خاص طور پر صنعتی شعبے میں تربیت ملازمین کو محفوظ کام کے اصولوں اور حفاظتی اقدامات سے آگاہ کرتی ہے جس سے مقام کار پر حادثات کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ تکنیکی اور حفاظتی تربیت ملازمین کو یہ سکھاتی ہے کہ وہ مشینوں اور آلات کو صحیح طریقے سے استعمال کریں تاکہ مقام کار پر کسی بھی قسم کی پریشانی یا نقصان سے بچا جاسکے۔

10۔ تنظیم میں ملازمین کی برقراری(Enhancing Employee Retention)

اگر تنظیمیں اپنے ملازمین کی ترقی پر توجہ نہ دیں تو وہ بہتر مواقع کی تلاش میں دوسری کمپنیوں کی طرف راغب ہو سکتے ہیں۔ تربیت اور ترقی ایک ایسا ذریعہ ہے جس کے ذریعے تنظیمیں اپنے ملازمین کو تنظیم کے ساتھ طویل مدتی وابستگی کے لیے آمادہ کر سکتی ہیں۔ جب ملازمین کو ترقی کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تو وہ تنظیم کے ساتھ زیادہ وفادار اور جُڑے رہتے ہیں جس سے تنظیم کو بار بار نئی بھرتیاں کرنے کی ضرورت کم پڑتی ہے۔

تربیت اور ترقی کے مقاصد کا دائرہ صرف ملازمین کی مہارتوں میں اضافے تک محدود نہیں بلکہ یہ تنظیم کی مجموعی ترقی پیداواری صلاحیت اور استحکام کو بھی یقینی بناتے ہیں۔ایک مؤثر تربیتی نظام نہ صرف ملازمین کو ان کے روزمرہ کے کام کے لیے تیار کرتا ہے بلکہ انہیں مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے قابل بھی بناتا ہے۔جب ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ ہوتا ہے توان کی کارکردگی حوصلہ افزائی اور تنظیم کے ساتھ وفاداری بھی بڑھتی ہے جو کسی بھی تنظیم کی کامیابی کے لیے ایک ضروری عنصر ہے۔

## 8.5 تنظیموں میں تربیت کا کردار(Role of Training in Organizations)

تربیت کسی بھی تنظیم کے لیے ایک بنیادی عنصر کی حیثیت رکھتی ہے جو ملازمین کو ان کی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے نبھانے کے قابل بناتی ہے۔ایک مؤثر تربیتی نظام نہ صرف ملازمین کی کارکردگی میں بہتری لاتا ہے بلکہ تنظیم کو بھی ایک مستحکم مسابقتی اور ترقی پذیر ادارہ بننے میں مدد دیتا ہے۔جدید کاروباری ماحول میں جہاں مسابقت اور تکنیکی ترقی مسلسل بڑھ رہی ہے وہاں تنظیموں کے لیے یہ لازمی ہو چکا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو جدید مہارتوں اور کاروباری تقاضوں سے ہم آہنگ کریں تاکہ وہ زیادہ پیداواری(Productive) مؤثر (Efficient)اور نتیجہ خیز (Result-Oriented) ثابت ہو سکیں۔

1۔ کارکردگی اور پیداواری صلاحیت میں بہتری(Enhancing Performance & Productivity)

تربیت تنظیم میں ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانے کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔جب ملازمین کو ان کے کام کے مطابق مؤثر تربیت فراہم کی جاتی ہے تو وہ زیادہ خود اعتمادی (Confidence) کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے ہیں اور ان کی غلطیوں میں کمی واقع ہوتی ہے۔ایک مؤثر تربیتی پروگرام ملازمین کو جدید تکنیکی مہارتیں مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتیں اور بہتر فیصلہ سازی کے اصول سکھاتا ہے جو بالآخر تنظیم کی مجموعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے۔جب ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ مؤثر طریقے سے انجام دیتے ہیں تو تنظیم کے مقاصد تیزی سے حاصل ہوتے ہیں اور کاروبار میں ترقی کی راہیں ہموار ہوتی ہیں۔

2۔ ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ(Skill Development & Enhancement)

کسی بھی تنظیم میں کامیابی کی بنیاد اس کے ملازمین کی مہارتوں پر ہوتی ہے۔تربیت کا ایک اہم کردار یہ ہے کہ یہ ملازمین کو نئی مہارتیں (New Skills) سیکھنے موجودہ مہارتوں میں بہتری(Skill Enhancement) اور جدید تکنیکوں (Advanced Techniques)سے روشناس ہونے کا موقع فراہم کرتی ہے۔تربیت یافتہ ملازمین زیادہ تخلیقی (Creative) ہوتے ہیں اور وہ تنظیم میں مسائل کے بہتر حل (Problem-Solving) فراہم کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ جب ملازمین کی مہارتیں مسلسل اپ ڈیٹ ہوتی رہتی ہیں تو وہ تنظیم کے بدلتے ہوئے تقاضوں سے مؤثر طریقے سے ہم آہنگ رہتے ہیں۔

3۔ قیادت اور فیصلہ سازی میں بہتری(Leadership & Decision-Making Improvement)

ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم میں موجودہ اور ممکنہ قائدین (Leaders) کو تیار کرنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ قیادت کی تربیت ملازمین کو بہتر فیصلہ سازی (Decision-Making) ٹیم مینجمنٹ (Team Management) اور کاروباری حکمت عملیوں (Business Strategies) کی مہارتیں سکھاتی ہے جو انہیں مستقبل کے قائدانہ کرداروں کے لیے تیار کرتی ہیں۔ ایک مضبوط قیادت تنظیم کی کامیابی کے لیے نہایت ضروری ہے کیونکہ یہ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور تنظیم کے طویل مدتی استحکام کو یقینی بناتی ہے۔

4۔ مسابقتی برتری کا حصول (Gaining Competitive Advantage)

آج کے دور میں جہاں کاروباری مسابقت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے تنظیموں کے لیے یہ ضروری ہو چکا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو ایسی تربیت فراہم کریں جو انہیں مسابقتی مارکیٹ میں آگے بڑھنے کے قابل بنائے۔ ایک تربیت یافتہ افرادی قوت تنظیم کو زیادہ اختراعی (Innovative) بہتر کارکردگی کا حامل (High-Performing) اور تیزی سے بدلتے ہوئے کاروباری رجحانات سے ہم آہنگ بناتی ہے۔ تربیت کی بدولت تنظیمیں اپنے ملازمین کو مارکیٹ کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے میں کامیاب ہوتی ہیں جس سے انہیں طویل مدتی کامیابی حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔

5۔ ملازمین کی اطمینان اور وابستگی میں اضافہ (Employee Satisfaction & Retention)

ملازمین کو اگر ترقی کے مواقع اور بہتر مہارتیں سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ تنظیم کے ساتھ زیادہ عرصے تک جڑے رہتے ہیں۔ تربیت ایک ایسا ذریعہ ہے جو ملازمین کو یہ احساس دلاتا ہے کہ تنظیم ان کی ترقی میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ جب ملازمین کو لگتا ہے کہ انہیں تنظیم میں سیکھنے اور آگے بڑھنے کے مواقع مل رہے ہیں تو ان کا تنظیم سے وفاداری اور وابستگی (Commitment) بڑھ جاتی ہے۔ اس سے نہ صرف ملازمین کی برقراری (Employee Retention) میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ تنظیم کو بار بار نئی بھرتیاں کرنے کے چیلنج کا بھی سامنا نہیں کرنا پڑتا جس سے اخراجات میں بھی کمی آتی ہے۔

6۔ کاروباری ترقی اور تنظیمی استحکام (Business Growth & Organizational Stability)

کسی بھی تنظیم کی ترقی اور استحکام اس کے ملازمین کی کارکردگی پر منحصر ہوتا ہے۔ جب ملازمین کی مہارتیں مسلسل بہتر ہوتی رہتی ہیں تو وہ تنظیم کے مقاصد کے مطابق اپنی کارکردگی کو ڈھالنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ تربیت کے ذریعے تنظیمیں نہ صرف موجودہ چیلنجز کا سامنا کر سکتی ہیں بلکہ مستقبل میں بھی کاروباری ترقی کی راہ ہموار کر سکتی ہیں۔ ایک مستحکم تربیتی نظام تنظیم کو مارکیٹ میں اپنی جگہ برقرار رکھنے اور مزید ترقی کی طرف گامزن ہونے میں مدد دیتا ہے۔

7۔ ٹیکنالوجی اور جدید رجحانات سے ہم آہنگی (Adaptation to Technology & Market Trends)

دنیا میں تیزی سے ٹیکنالوجی کے فروغ اور کاروباری رجحانات میں تبدیلی کے باعث تنظیموں کو اپنے ملازمین کو جدید ٹیکنالوجیز اور نئے طریقہ کار سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ تربیت ملازمین کو ڈیجیٹل ٹولز خودکار سسٹمز اور دیگر جدید ٹیکنالوجیز سے متعارف کروانے میں مدد دیتی ہے جس کے ذریعے وہ اپنے کام کو زیادہ مؤثر طریقے سے انجام دے سکتے ہیں۔ جب ملازمین جدید مہارتیں سیکھتے ہیں تو وہ مارکیٹ میں تنظیم کے لیے مسابقتی برتری (Competitive Edge) حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

8۔ مقامِ کار پر حادثات اور غلطیوں میں کمی(Reduction in Workplace Errors & Accidents)

خاص طور پر صنعتی شعبوں میں جہاں مشینری اور دیگر پیچیدہ آلات کا استعمال کیا جاتا ہے وہاں تربیت ملازمین کو حفاظتی اقدامات اور کام کے محفوظ طریقوں سے آگاہ کرتی ہے۔ حفاظتی تربیت ملازمین کو کام کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنے مشینری کے درست استعمال اور ہنگامی صورتحال میں مؤثر ردعمل دینے کی مہارتیں سکھاتی ہے۔اس کے نتیجے میں مقامِ کار پر حادثات میں کمی واقع ہوتی ہے اور تنظیم کے وسائل کا زیادہ بہتر استعمال ممکن ہوتا ہے۔

تربیت تنظیم میں ایک لازمی کردار ادا کرتی ہے جو نہ صرف ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے بلکہ تنظیم کو مسابقتی مارکیٹ میں آگے بڑھنے کے قابل بھی بناتی ہے۔یہ ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ پیداواری صلاحیت میں بہتری قیادت کی تیاری اور تنظیمی استحکام کے لیے ایک مؤثر حکمت عملی ہے۔ جب تنظیمیں اپنے ملازمین کو جدید ٹیکنالوجیز مارکیٹ کے بدلتے ہوئے رجحانات اور بہترین کاروباری طریقوں سے روشناس کرواتی ہیں تو وہ ایک مضبوط مستحکم اور ترقی یافتہ ادارے کے طور پر ابھرتی ہیں۔ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم کے لیے مسلسل ترقی کامیابی اور مارکیٹ میں ایک نمایاں مقام حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔

## 8.6 تربیتی ضروریات کا تجزیہ(Training Need Assessment - TNA)

تربیتی ضروریات کا تجزیہ (Training Need Assessment - TNA) ایک منظم عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم یہ طے کرتی ہے کہ ملازمین کو کن مخصوص مہارتوں معلومات اور صلاحیتوں میں بہتری کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے نبھا سکیں۔اس تجزیے کا مقصد تنظیم کی کارکردگی کے موجودہ معیار اور مطلوبہ معیار کے درمیان فرق (Performance Gap) کی شناخت کرنا اور اس فرق کو کم کرنے کے لیے مناسب تربیتی پروگرامز تیار کرنا ہوتا ہے۔ایک مؤثر TNA تنظیم کو تربیتی وسائل کا بہترین استعمال ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ اور تنظیم کی مجموعی کارکردگی میں بہتری لانے میں مدد دیتا ہے۔

کسی بھی تنظیم کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ بغیر کسی واضح ضرورت کے غیر ضروری تربیتی پروگرامز میں سرمایہ کاری نہ کرے۔ تربیتی ضروریات کے تجزیے کے ذریعے تنظیمیں یہ یقینی بناتی ہیں کہ تربیت مخصوص مہارتوں کی بہتری پیداوار میں اضافے اور ملازمین کی کارکردگی میں مؤثر تبدیلی کا باعث بنے۔اس کے علاوہ یہ تجزیہ ملازمین کی کمزوریوں اور بہتری کے امکانات کو واضح کرتا ہے جس سے تنظیم کے اہداف کے مطابق تربیتی اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔

## 8.7 تربیتی ضروریات کے تجزیے کے مراحل(Stages of Training Need Assessment)

1۔ موجودہ کارکردگی کا تجزیہ(Assessing Current Performance)

تربیتی ضروریات کے تجزیے کا پہلا مرحلہ یہ جاننا ہوتا ہے کہ موجودہ حالات میں ملازمین کی کارکردگی کس سطح پر ہے۔اس کے لیے تنظیم کارکردگی کے ڈیٹا فیڈبیک اور کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کے نتائج کا تجزیہ کرتی ہے تاکہ اس بات کی شناخت کی جاسکے کہ ملازمین کہاں بہتری کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں۔

2۔ کارکردگی کے فرق کی شناخت(Identifying Performance Gap)

موجودہ کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد اگلا مرحلہ مطلوبہ کارکردگی (Desired Performance) اور موجودہ کارکردگی (Current Performance) کے درمیان فرق کو سمجھنا ہوتا ہے۔اگر ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے انجام نہیں دے رہے تو تنظیم یہ جانچتی ہے کہ آیا یہ مہارتوں کی کمی تکنیکی مسائل یا دیگر عوامل کی وجہ سے ہو رہا ہے۔

3۔ تربیتی اہداف کا تعین(Setting Training Objectives)

جب تنظیم یہ شناخت کر لیتی ہے کہ ملازمین کو کن مخصوص مہارتوں میں تربیت کی ضرورت ہے تو اس کے بعد تربیتی اہداف کو واضح کیا جاتا ہے۔ان اہداف میں مخصوص مہارتوں کی بہتری کارکردگی میں بہتری اور ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی شامل ہو سکتی ہے۔تربیتی اہداف کو واضح طور پر طے کرنا ضروری ہے تاکہ تربیتی پروگرام کے اثرات کو جانچنا ممکن ہو۔

4۔ ملازمین اور تنظیم کی ضروریات کا موازنہ (Aligning Training Needs with Organizational Goals)

یہ مرحلہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تربیتی پروگرام صرف انفرادی سطح پر مہارتوں میں بہتری لانے تک محدود نہ ہو بلکہ تنظیم کے مجموعی مقاصد کے حصول میں بھی مددگار ثابت ہو۔اس تجزیے کے دوران تنظیم یہ طے کرتی ہے کہ کون سے ملازمین کو کس نوعیت کی تربیت کی ضرورت ہے اور یہ تربیت تنظیم کے کاروباری مقاصد سے کتنی مطابقت رکھتی ہے۔

5۔ مناسب تربیتی طریقہ کار کا انتخاب(Selecting the Right Training Method)

تربیتی ضروریات کا تجزیہ مکمل ہونے کے بعد تنظیم اس بات کا فیصلہ کرتی ہے کہ کون سا تربیتی طریقہ سب سے زیادہ مؤثر ثابت ہوگا۔کچھ ملازمین کے لیے آن جاب ٹریننگ (On-the-Job Training) موزوں ہو سکتی ہے جبکہ کچھ کو ورکشاپس سیمینارز ای لرننگ یا کلاس روم ٹریننگ کی ضرورت ہو سکتی ہے۔تربیتی طریقہ کار کا انتخاب تنظیم کے وسائل اور ملازمین کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔

6۔ تربیت کے اثرات کا جائزہ(Evaluating the Impact of Training)

ایک مؤثر TNA کا آخری مرحلہ یہ ہوتا ہے کہ تربیت کے اثرات کو جانچا جائے اور دیکھا جائے کہ آیا ملازمین کی کارکردگی میں واقعی بہتری آئی ہے یا نہیں۔اس مقصد کے لیے تنظیم کارکردگی کے نئے ڈیٹا ملازمین کے فیڈبیک اور کارکردگی کے جائزے کے نتائج کا تجزیہ کرتی ہے۔اگر تربیت کے بعد ملازمین کی مہارتوں میں واضح بہتری نظر آرہی ہو تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ تربیتی ضروریات کے تجزیے نے اپنا مقصد حاصل کر لیا ہے۔

تربیتی ضروریات کا تجزیہ تنظیم کے لیے ایک نہایت اہم حکمت عملی ہے جو ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ کرنے تنظیمی مقاصد کے حصول کو یقینی بنانے اور کاروباری کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد دیتی ہے۔ یہ ایک ایسا منظم عمل ہے جو ملازمین کی موجودہ صلاحیتوں اور مستقبل کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے تربیتی پروگرامز کی منصوبہ بندی کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔جب تنظیم ایک مؤثر TNA کو اپناتی ہے تو وہ اپنے ملازمین کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے اور کاروباری ترقی میں ایک نمایاں مقام حاصل کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔

---

## 8.8 تربیت اور ترقی کے طریقے(Methods of Training & Development)

---

تربیت اور ترقی کسی بھی تنظیم کی ترقی اور کامیابی کے لیے ایک بنیادی ستون کی حیثیت رکھتی ہے۔ مختلف تنظیمیں اپنے ملازمین کی مہارتوں میں بہتری لانے کے لیے مختلف تربیتی طریقے استعمال کرتی ہیں جو تنظیم کی ضروریات ملازمین کی نوعیت اور دستیاب وسائل پر منحصر ہوتے ہیں۔ عمومی طور پر تربیت کے دو بڑے طریقے ہوتے ہیں: آن جاب ٹریننگ(On-the-Job Training)اور آف جاب ٹریننگ(Off-the-Job Training) جن کے تحت مختلف طریقہ کار اپنائے جاتے ہیں تاکہ ملازمین کو عملی مہارتیں اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں فراہم کی جا سکیں۔

### 1۔ آن جاب ٹریننگ(On-the-Job Training - OJT)

آن جاب ٹریننگ ایک ایسا طریقہ ہے جس میں ملازمین کو ان کی موجودہ ملازمت کے دوران حقیقی کام کے ماحول میں تربیت دی جاتی ہے۔اس تربیت میں عملی تجربے پر زور دیا جاتا ہے جس سے ملازمین جلدی سیکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں اور فوری طور پر اپنی مہارتوں کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

(i) کام کے دوران تربیت(Job Instruction Training - JIT):اس طریقے میں ملازمین کو قدم بہ قدم ہدایات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ وہ کام کے مختلف مراحل کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں۔ تربیت دہندہ ایک خاص عمل کی وضاحت کرتا ہے اسے عملی طور پر دکھاتا ہے اور پھر ملازم سے کہتا ہے کہ وہ اسے دہرائے جس سے وہ کام کی مہارتیں سیکھتا ہے۔

(ii) رہنمائی اور نگرانی(Coaching & Mentoring):اس طریقہ کار میں ایک سینئر ملازم یا مینیجر کسی نئے یا کم تجربہ کار ملازم کی ذاتی رہنمائی کرتا ہے اسے مشورے دیتا ہے اور عملی طور پر سکھاتا ہے کہ کیسے کام کیا جائے۔ رہنمائی کا یہ عمل ایک طویل مدتی تعلق پر مبنی ہوتا ہے جہاں تجربہ کار رہنما (Mentor) ایک خاص ملازم (Mentee) کی مسلسل نگرانی اور تربیت کرتا ہے۔

(iii) کام کی گردش(Job Rotation):اس طریقے میں ملازمین کو مختلف محکموں یا مختلف ذمہ داریوں میں عارضی طور پر منتقل کیا جاتا ہے تاکہ وہ مختلف مہارتیں حاصل کر سکیں اور تنظیم کے مجموعی کام کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں۔اس سے ملازمین میں نئی مہارتیں سیکھنے کام میں دلچسپی برقرار رکھنے اور تنظیم میں مختلف کرداروں کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

(iv) اپرنٹس شپ ٹریننگ(Apprenticeship Training): یہ طریقہ خاص طور پر تکنیکی اور ہنر مند پیشوں جیسے کہ مکینکس الیکٹریشنز انجینئرز اور دیگر مہارتوں پر مبنی شعبوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔اس تربیت میں ایک مخصوص مدت تک ماہرانہ نگرانی میں عملی تربیت دی جاتی ہے جس کے بعد ملازم مستقل طور پر کام کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔

(v) پروجیکٹ پر مبنی تربیت(Project-Based Training):اس طریقے میں ملازمین کو کسی مخصوص پروجیکٹ یا کام پر کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے جہاں وہ حقیقی دنیا کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں۔ یہ تربیت خاص طور پر ریسرچ اور ڈیولپمنٹ(R&D)انجینئرنگ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں زیادہ عام ہے۔

**2۔ آف جاب ٹریننگ(Off-the-Job Training)**

آف جاب ٹریننگ ایک ایسا طریقہ ہے جس میں ملازمین کو ان کے مقام کار سے باہر تربیت دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے مخصوص کام یا مستقبل کے عہدوں کے لیے نئی مہارتیں سیکھ سکیں۔ یہ طریقہ عام طور پر زیادہ رسمی اور نظریاتی ہوتا ہے اور ملازمین کو مختلف سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

(i) لیکچرز اور سیمینارز(Lectures & Seminars): یہ سب سے عام طریقہ ہے جس میں ماہرین کسی خاص موضوع پر لیکچر دیتے ہیں اور ملازمین کو نئی مہارتیں اور تکنیکی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ سیمینارز میں ملازمین کو بحث و مباحثہ(Discussion) سوالات و جوابات(Q&A)اور نیٹ ورکنگ کے مواقع بھی ملتے ہیں جس سے ان کی معلومات اور تجربہ بڑھتا ہے۔

(ii) ورکشاپس اور سیمولیشن ٹریننگ(Workshops & Simulation Training):ورکشاپس ایک ایسی عملی تربیت ہیں جن میں ملازمین کو کسی خاص مہارت پر تجربہ کرنے کا موقع دیا جاتا ہے جیسے کہ سیلز ٹیکنیکس مارکیٹنگ یا ڈیٹا اینالیسس۔ دوسری جانب سیمولیشن ٹریننگ میں ملازمین کو حقیقی کام کے ماحول جیسا مصنوعی تجربہ دیا جاتا ہے جیسے کہ فلائٹ سیمولیٹر جہاں پائلٹس کو تربیت دی جاتی ہے یا میڈیکل سیمولیشن جہاں ڈاکٹرز کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی مشق کرائی جاتی ہے۔

(iii) کیس اسٹڈی طریقہ(Case Study Method):اس طریقے میں ملازمین کو حقیقی زندگی کے کاروباری یا تنظیمی مسائل پر کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ وہ مختلف کیس اسٹڈیز کا تجزیہ کرتے ہیں مسائل کو سمجھتے ہیں اور ممکنہ حل پیش کرتے ہیں۔ یہ طریقہ مسئلہ حل کرنے کی مہارت (Problem-Solving Skills) اور تنقیدی سوچ (Critical Thinking) کو فروغ دیتا ہے۔

(iv) ویبینارز اور ای لرننگ(Webinars & E-Learning):ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ تنظیمیں اپنے ملازمین کو آن لائن تربیت بھی فراہم کر رہی ہیں جسے ویبینارز (Webinars) اور ای لرننگ (E-Learning) کہا جاتا ہے۔اس طریقے

میں ملازمین کو آن لائن لیکچرز انٹرایکٹو ویڈیوز اور آن لائن اسیسمنٹس کے ذریعے تربیت دی جاتی ہے۔ یہ طریقہ دور دراز (Remote)ملازمین کے لیے زیادہ مؤثر ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی وقت سیکھ سکتے ہیں۔

(v) میجک گروپ ڈسکشن(Management Games & Group Discussion): یہ طریقہ تنظیموں میں ٹیم ورک اور قیادت کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مینجمنٹ گیمز رول پلے اور گروپ ڈسکشن ملازمین کو فیصلہ سازی مؤثرابلاغ(Effective Communication) اور دباؤ میں کام کرنے کی صلاحیت فراہم کرتے ہیں۔

مختلف تنظیمیں اپنے ملازمین کی تربیت اور ترقی کے لیے مختلف طریقے استعمال کرتی ہیں جو ان کے مخصوص کاروباری مقاصد ملازمین کی ضروریات اور وسائل پر منحصر ہوتے ہیں۔ آن جاب ٹریننگ ملازمین کو عملی تجربہ فراہم کرتی ہے اور فوری سیکھنے کا موقع دیتی ہے جبکہ آف جاب ٹریننگ انہیں نظریاتی معلومات تکنیکی مہارتیں اور مستقبل کی ترقی کے لیے ضروری لیڈرشپ کی صلاحیتیں فراہم کرتی ہے۔ ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم کو مسابقتی برتری بہتر کارکردگی اور طویل مدتی کامیابی حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔

## 8.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ تربیت اور ترقی (Training & Development) کے تصور اور دائرۂ کار کو بخوبی سمجھ چکے ہیں۔ طلبہ تربیت اور ترقی کے مقاصد اور تنظیموں میں اس کے مؤثر کردار کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ تربیتی ضروریات کے تجزیے (Training Need Assessment) کے مفہوم اور اس کے مختلف مراحل کو سمجھ چکے ہیں اور عملی تناظر میں ان کا اطلاق بیان کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، طلبہ تربیت اور ترقی کے مختلف طریقوں کا تجزیہ کرتے ہوئے افرادی قوت کی بہتری اور تنظیمی کارکردگی میں ان کی اہمیت کو واضح کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

## 8.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ تربیت (Training) اور ترقی (Development) میں بنیادی فرق کیا ہے؟

2۔ تربیت کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

3۔ تربیتی ضروریات کے تجزیے (Training Need Assessment) کا ایک فائدہ کیا ہے؟

4۔ آن جاب ٹریننگ (On-the-Job Training) کیا ہوتی ہے؟

5۔ آف جاب ٹریننگ (Off-the-Job Training) کی ایک مثال دیں۔

6۔ تنظیم میں تربیت کا کیا کردار ہوتا ہے؟

7۔ ورکشاپ اور سیمینار میں بنیادی فرق کیا ہے؟

8۔ ترقی (Development) کی اہمیت کیوں ہوتی ہے؟
9۔ تربیت اور ترقی کا دائرہ کار کن کن سطحوں پر اثر انداز ہوتا ہے؟
10۔ تربیتی ضروریات کے تجزیے کے کتنے مراحل ہوتے ہیں؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ تربیت اور ترقی کے مقاصد کو وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔
2۔ تربیتی ضروریات کے تجزیے (Training Need Assessment - TNA) کے مراحل کی وضاحت کریں۔
3۔ آن جاب ٹریننگ اور آف جاب ٹریننگ کے درمیان فرق بیان کریں اور ان کی مثالیں دیں۔
4۔ تنظیموں میں تربیت کے کردار پر روشنی ڈالیں اور وضاحت کریں کہ یہ تنظیمی کارکردگی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔
5۔ تربیت کے مختلف طریقوں کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ ہر طریقہ کس صورتحال میں مؤثر ثابت ہو سکتا ہے۔

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ تربیت اور ترقی (Training & Development) کی تعریف دائرہ کار اور تنظیم میں ان کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔
2۔ تربیتی ضروریات کے تجزیے (Training Need Assessment - TNA) کے تمام مراحل کو وضاحت کے ساتھ بیان کریں اور ان کی تنظیمی اہمیت پر بحث کریں۔
3۔ آن جاب ٹریننگ اور آف جاب ٹریننگ کے مختلف طریقوں کا تجزیہ کریں اور ان کے فوائد و نقصانات پر تفصیلی تبصرہ کریں۔
4۔ تنظیمی کامیابی میں تربیت کے کردار کو وضاحت کے ساتھ بیان کریں اور یہ واضح کریں کہ کس طرح ایک مؤثر تربیتی نظام تنظیم کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتا ہے۔
5۔ مسابقتی برتری (Competitive Advantage) کے حصول میں تربیت اور ترقی کس طرح مددگار ثابت ہو سکتی ہے؟ تفصیل سے وضاحت کریں۔

# اکائی 9۔ تربیت اور ترقی-II

(Training and Development-II)

اکائی کے اجزا

9.1 تمہید(Introduction)

9.0 مقاصد(Objectives)

9.2 تربیت اور ترقی کے فوائد(Benefits of Training & Development)

9.3 تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ(Evaluation of Training Effectiveness)

9.4 تربیت کی مؤثریت کے تجزیے کے طریقے (Methods of Evaluating Training Effectiveness)

9.5 تربیت کے تجزیے کی اہمیت(Importance of Training Evaluation)

9.6 کرک پیٹرک ماڈل(Kirkpatrick Model)

9.7 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

9.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

## 9.0 تمہید(Introduction)

اکائی 8 میں ہم نے تربیت اور ترقی(Training & Development) کے بنیادی تصورات اس کے دائرہ کار مقاصد اور تنظیم میں اس کے کردار کا تفصیل سے جائزہ لیا۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ کس طرح تنظیمیں تربیتی ضروریات کا تجزیہ (Training Need Assessment - TNA) کرتی ہیں اور ملازمین کی مہارتوں میں اضافے کے لیے مختلف آن جاب (On-the-Job)اور آف جاب (Off-the-Job) تربیتی طریقے اپناتی ہیں۔ تربیت کا بنیادی مقصد ملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانا تنظیمی کارکردگی کو بڑھانااور کاروباری ترقی کو ممکن بنانا ہے۔

اکائی 9 میں ہم تربیت اور ترقی کے فوائد تربیت کی مؤثریت کے تجزیے اور کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) جیسے معیاری ماڈلز کے ذریعے تربیتی عمل کی جانچ پر توجہ مرکوز کریں گے۔ جب تنظیمیں اپنے ملازمین کو تربیت فراہم کرتی ہیں تو وہ اس کے فوائد اور اثرات کو جانچنے کے لیے ایک مناسب تشخیصی عمل(Evaluation Process)اختیار کرتی ہیں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آیا تربیت اپنے مقاصد کو حاصل کر رہی ہے یا نہیں۔ تربیت کے فوائد نہ صرف ملازمین کی مہارتوں میں اضافے کام کی کارکردگی میں

بہتری اور تنظیم میں پیداواریت(Productivity)کے اضافے کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں بلکہ یہ تنظیم کی طویل مدتی ترقی اور مسابقتی برتری میں بھی معاون ثابت ہوتے ہیں۔

تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ (Evaluation of Training Effectiveness) تنظیم کو یہ جانچنے میں مدد دیتا ہے کہ ملازمین کی مہارتوں میں واقعی بہتری آئی ہے یا نہیں اور تربیتی عمل میں مزید بہتری کی کیا گنجائش موجود ہے۔ کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model)ایک ایسا معیاری ماڈل ہے جو تربیت کے اثرات کا تجزیہ کرنے کے لیے چار سطحوں (Reaction, Learning, Behavior, and Results)پر مشتمل ہوتا ہے۔اس ماڈل کی مدد سے تنظیمیں نہ صرف ملازمین کے ردِ عمل کا جائزہ لیتی ہیں بلکہ ان کی کارکردگی میں عملی تبدیلی اور تنظیمی ترقی پر تربیت کے اثرات کو بھی ناپتی ہیں۔

یہ اکائی طلبہ کو تربیت اور ترقی کے عملی فوائد اس کے اثرات کے تجزیے کے طریقوں اور کرک پیٹرک ماڈل جیسے معیاری فریم ورک کے استعمال کو بہتر طریقے سے سمجھنے میں مدد دے گی۔

## 9.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- تربیت اور ترقی کے فوائد کو سمجھنا
- تربیت کی مؤثریت کے تجزیے کے طریقوں کا مطالعہ کرنا
- کرک پیٹرک ماڈل کے عملی اطلاق کو سمجھنا
- تربیتی سرمایہ کاری پر واپسی (ROI) کی اہمیت کو جانچنا

## 9.2 تربیت اور ترقی کے فوائد(Benefits of Training & Development)

تربیت اور ترقی (Training & Development) کسی بھی تنظیم کے لیے ایک بنیادی عنصر ہے جو ملازمین کی کارکردگی میں بہتری پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور تنظیمی ترقی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ایک مؤثر تربیتی پروگرام نہ صرف ملازمین کو نئی مہارتیں سکھاتا ہے بلکہ ان کے اعتماد میں اضافہ اور ان کی پیشہ ورانہ ترقی کو بھی یقینی بناتا ہے۔جدید کاروباری ماحول میں جہاں مسابقت اور تکنیکی ترقی مسلسل بڑھ رہی ہے تنظیموں کے لیے یہ ضروری ہو گیا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کی مسلسل تربیت اور ترقی پر توجہ دیں تاکہ وہ مارکیٹ کے بدلتے ہوئے تقاضوں سے ہم آہنگ رہ سکیں۔

1۔ ملازمین کی کارکردگی میں بہتری(Improved Employee Performance)

تربیت ملازمین کو ان کی ملازمت سے متعلق جدید تکنیکی اور عملی مہارتیں فراہم کرتی ہے جس سے وہ اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ مؤثر اور بہتر طریقے سے انجام دے سکتے ہیں۔جب ملازمین جدید مہارتوں سے لیس ہوتے ہیں تو ان کی پیداواری صلاحیت (Productivity)

میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ کم وقت میں زیادہ کام کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔اس کے علاوہ جب ملازمین کو نئے چیلنجز کے مطابق تیار کیا جاتا ہے تو وہ خود کو زیادہ پراعتماد محسوس کرتے ہیں اور ان کی فیصلہ سازی کی صلاحیت میں بہتری آتی ہے۔

2۔ پیداواری صلاحیت اور کارکردگی میں اضافہ (Increased Productivity & Efficiency)

تربیت یافتہ ملازمین زیادہ ماہرانہ انداز میں کام کرتے ہیں غلطیوں کی شرح کم ہوتی ہے اور وسائل کا بہتر استعمال کرتے ہیں۔ایک مؤثر تربیتی نظام ملازمین کو کام کے جدید طریقے سکھاتا ہے جس سے وہ زیادہ تیزی اور درستگی کے ساتھ اپنے کام کو مکمل کر سکتے ہیں۔جب ملازمین کام کو مؤثر انداز میں انجام دیتے ہیں تو تنظیم کی مجموعی کارکردگی میں بہتری آتی ہے اور وقت کا ضیاع کم ہوتا ہے۔

3۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور اطمینان (Higher Employee Motivation & Satisfaction)

جب ملازمین کو تنظیم کی طرف سے نئے سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تو وہ اپنے کیریئر میں مزید بہتری لانے کے لیے زیادہ پرجوش ہو جاتے ہیں۔ایک مؤثر تربیتی نظام ملازمین کو یہ احساس دلاتا ہے کہ تنظیم ان کی ترقی میں دلچسپی لے رہی ہے جس سے ان کی تنظیم سے وابستگی (Commitment) اور وفاداری میں اضافہ ہوتا ہے۔اس کے علاوہ جب ملازمین کی مہارتیں بہتر ہوتی ہیں تو وہ اپنی ملازمت سے زیادہ مطمئن ہوتے ہیں جس سے تنظیم میں استحکام آتا ہے اور ملازمین کی برقراری (Retention) میں بہتری آتی ہے۔

4۔ تنظیم میں ملازمین کی برقراری (Higher Employee Retention & Reduced Turnover)

بہت سی تنظیمیں اپنے ملازمین کو برقرار رکھنے کے لیے مراعات (Incentives) اور ترقی (Promotion) کی پیشکش کرتی ہیں لیکن ایک بہترین حکمت عملی مؤثر تربیت بھی ہے۔جب ملازمین کو تربیتی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تو وہ اپنے کیریئر میں ترقی کی راہ دیکھتے ہیں اور تنظیم کو چھوڑنے کے بجائے مزید محنت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ایک ایسا ماحول جہاں ملازمین مسلسل سیکھ رہے ہوں اور ترقی کر رہے ہوں انہیں طویل مدت تک تنظیم کے ساتھ جوڑے رکھتا ہے۔

5۔ مسابقتی برتری (Competitive Advantage)

ایک ایسا ادارہ جو اپنے ملازمین کو جدید مہارتوں اور نئی تکنیکی صلاحیتوں سے آراستہ رکھتا ہے وہ ہمیشہ اپنی مسابقتی پوزیشن (Competitive Position) کو برقرار رکھنے میں کامیاب ہوتا ہے۔مارکیٹ میں وہ تنظیمیں کامیاب ہوتی ہیں جو اپنے ملازمین کی مہارتوں کو مسلسل اپ گریڈ کرتی ہیں تاکہ وہ جدید کاروباری تقاضوں سے ہم آہنگ رہ سکیں۔اس طرح تربیت اور ترقی کسی بھی تنظیم کے لیے مسابقتی برتری حاصل کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوتی ہے۔

6۔ ملازمین کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ (Enhanced Creativity & Innovation)

جب ملازمین کو مختلف تربیتی سیشنز اور ترقیاتی پروگرامز میں شامل کیا جاتا ہے تو ان میں نئے خیالات اور اختراعی حل پیش کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔تربیت ملازمین کو نئے مسائل کے حل تلاش کرنے تخلیقی سوچنے اور تنظیم میں جدید تبدیلیاں متعارف کرانے میں مدد دیتی ہے۔ایک تربیت یافتہ افرادی قوت ہمیشہ زیادہ تخلیقی مؤثر اور جدید کاروباری حکمت عملیوں کو اپنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

7۔ تنظیم میں قیادت کی ترقی(Leadership Development)

ایک مضبوط اور مؤثر قیادت کسی بھی تنظیم کے استحکام اور ترقی کے لیے ضروری ہے۔ تربیت اور ترقی ملازمین کو انتظامی اور قائدانہ صلاحیتیں سیکھنے کا موقع فراہم کرتی ہے جس سے وہ مستقبل میں قیادت کے عہدوں کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ بہت سی تنظیمیں مینیجمنٹ ٹریننگ پروگرامز کے ذریعے اپنے باصلاحیت ملازمین کو قیادت کے لیے تیار کرتی ہیں جس سے مستقبل کے قائدین پیدا ہوتے ہیں اور تنظیم میں قیادت کا تسلسل برقرار رہتا ہے۔

8۔ کارکردگی کے معیار کو بہتر بنانا(Improved Quality of Work)

تربیت یافتہ ملازمین کام کو زیادہ احتیاط مہارت اور درستگی کے ساتھ انجام دیتے ہیں جس کے نتیجے میں کام کے معیار میں بہتری آتی ہے۔ جب ملازمین کو مؤثر تربیت دی جاتی ہے تو ان کی غلطیوں میں کمی آتی ہے اور وہ تنظیم کے معیارات کے مطابق بہتر کام کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

9۔ مقامِ کار پر حادثات اور غلطیوں میں کمی(Reduced Workplace Accidents & Errors)

خاص طور پر صنعتی شعبوں میں جہاں مشینری اور دیگر پیچیدہ آلات کا استعمال کیا جاتا ہے وہاں تربیت ملازمین کو حفاظتی اصولوں اور ہنگامی صورتحال میں مناسب ردعمل کے بارے میں آگاہی فراہم کرتی ہے۔ جب ملازمین مقامِ کار پر حفاظتی پروٹوکول پر مکمل عبور رکھتے ہیں تو حادثات اور غلطیوں کی شرح کم ہو جاتی ہے جس سے تنظیم کو نقصان سے بچایا جا سکتا ہے۔

10۔ تنظیمی استحکام اور کاروباری ترقی(Organizational Stability & Business Growth)

جب ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے نبھاتے ہیں تو تنظیم مضبوط مستحکم اور ترقی پذیر بن جاتی ہے۔ تربیت اور ترقی تنظیم کو نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرتی ہے اور اسے طویل مدتی کامیابی اور ترقی کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔

تربیت اور ترقی کے فوائد صرف ملازمین تک محدود نہیں رہتے بلکہ یہ پوری تنظیم کو مستحکم کرنے اور کاروباری ترقی کو ممکن بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک مؤثر تربیتی نظام ملازمین کی کارکردگی مہارت حوصلہ افزائی اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دیتا ہے جس سے تنظیمی کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ جب تنظیمیں اپنے ملازمین میں سرمایہ کاری کرتی ہیں تو وہ نہ صرف مسابقتی برتری حاصل کرتی ہیں بلکہ ایک ایسا مثبت اور ترقی پذیر کام کا ماحول بھی قائم کرتی ہیں جہاں ملازمین خود کو تنظیم کا اہم حصہ سمجھتے ہیں اور بہترین کارکردگی دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

## 9.3 تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ(Evaluation of Training Effectiveness)

تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ (Evaluation of Training Effectiveness) ایک منظم عمل ہے جس کے ذریعے تنظیم یہ جانچتی ہے کہ آیا فراہم کردہ تربیت مطلوبہ نتائج حاصل کر رہی ہے یا نہیں۔ اس عمل کے ذریعے تنظیمیں یہ معلوم کرتی ہیں کہ

تربیت سے ملازمین کی مہارتوں رویوں اور کارکردگی میں کیا تبدیلی آئی ہے اور آیا اس تبدیلی نے تنظیمی مقاصد کو پورا کرنے میں کوئی کردار ادا کیا ہے۔

**تربیت کی مؤثریت کے تجزیے کے مراحل(Stages of Training Effectiveness Evaluation)**

1۔ تربیت سے پہلے کا تجزیہ(Pre-Training Assessment): یہ مرحلہ تربیت کے آغاز سے پہلے کیا جاتا ہے تاکہ ملازمین کی موجودہ مہارتوں علم اور صلاحیتوں کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اس مرحلے میں تنظیم کارکردگی کے معیار (Performance Standards)اور مہارتوں کی کمی (Skill Gaps) کا تجزیہ کرتی ہے تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ کس طرح کی تربیت درکار ہے۔

2۔ تربیت کے دوران کا تجزیہ(During Training Evaluation): تربیت کے دوران تنظیم ملازمین کے سیکھنے کے انداز اور تربیتی پروگرام میں ان کی دلچسپی کا مشاہدہ کرتی ہے۔ یہ تجزیہ مختلف طریقوں جیسے فیڈبیک فارم سوال و جواب کے سیشنز اور انٹرایکٹو سرگرمیوں کے ذریعے کیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ تربیت کتنی مؤثر ہو رہی ہے۔

3۔ تربیت کے بعد کا تجزیہ(Post-Training Evaluation): یہ سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے جہاں تنظیم یہ جانچتی ہے کہ تربیت کے بعد ملازمین کی کارکردگی میں کیا بہتری آئی ہے۔اس مرحلے میں کارکردگی کے ڈیٹا سپروائزرز کے مشاہدات اور ملازمین کے خود تشخیصی جائزوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ تربیت کا عملی فائدہ ہوا یا نہیں۔

4۔ کارکردگی کے عملی اطلاق کا تجزیہ(On-the-Job Application Evaluation):اس مرحلے میں تنظیم یہ دیکھتی ہے کہ تربیت کے دوران حاصل کردہ مہارتیں ملازمین نے عملی طور پر کتنی مؤثر طریقے سے استعمال کی ہیں۔اس کا تجزیہ سپروائزرز مینیجرز اور کلائنٹس کے فیڈبیک کے ذریعے کیا جا سکتا ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ آیا ملازمین اپنے سیکھے ہوئے اسباق کو کام میں مؤثر انداز میں لاگو کر رہے ہیں یا نہیں۔

5۔ تربیت کی سرمایہ کاری پر واپسی(Return on Investment - ROI Analysis): تنظیم یہ جانچتی ہے کہ تربیت پر ہونے والے اخراجات کے مقابلے میں کاروباری نتائج میں کتنا اضافہ ہوا ہے۔اگر تربیت ملازمین کی کارکردگی کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہو رہی ہے اور کاروباری اہداف حاصل ہو رہے ہیں تو اسے کامیاب تصور کیا جاتا ہے۔

## 9.4 تربیت کی مؤثریت کے تجزیے کے طریقے

(Methods of Evaluating Training Effectiveness)

1۔ فیڈبیک فارم اور سروے(Feedback Forms & Surveys): تربیت کے بعد ملازمین اور ٹرینرز سے فیڈبیک فارم اور سروے کے ذریعے ان کے خیالات لیے جاتے ہیں۔اس طریقے سے تنظیم جانچ سکتی ہے کہ تربیت کتنی مفید رہی اور اس میں مزید بہتری کی کیا گنجائش موجود ہے۔

2۔ کارکردگی کے جائزے(Performance Appraisal Reports): تربیت سے پہلے اور بعد میں ملازمین کی کارکردگی کے ڈیٹا کا موازنہ کیا جاتا ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ آیا تربیت کے بعد ان کی پیداواری صلاحیت اور کام کے معیار میں اضافہ ہوا ہے یا نہیں۔

3۔ سپروائزرز اور مینیجرز کا مشاہدہ(Supervisor & Manager Observation): سپروائزرز اور مینیجرز ملازمین کی روزمرہ کارکردگی کا مشاہدہ کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ تربیت سے ملازمین کے رویے مہارتوں اور کام کے طریقوں میں کوئی مثبت تبدیلی آئی ہے یا نہیں۔

4۔ ٹیسٹ اور عملی اسیسمنٹس(Tests & Practical Assessments): ملازمین کی مہارتوں اور علم کا تحریری ٹیسٹ عملی مشق یا کسی خاص پروجیکٹ کے ذریعے جانچ کی جاتی ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ تربیت کے دوران سیکھے گئے اسباق کو ملازمین نے کس حد تک سمجھا اور اپنایا ہے۔

5۔ کارکردگی کے اعداد و شمار کا تجزیہ(Business Performance Metrics Analysis): تربیت کے اثرات کو جانچنے کے لیے تنظیم کارکردگی کے کلیدی اشاریے (Key Performance Indicators - KPIs) جیسے پیداواری شرح سیلز کے اعداد و شمار اور صارفین کی اطمینان کی سطح کا تجزیہ کرتی ہے تاکہ معلوم ہو سکے کہ آیا تربیت کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ تنظیموں کے لیے ایک ضروری عمل ہے جو نہ صرف یہ جانچنے میں مدد دیتا ہے کہ ملازمین نے کیا سیکھا بلکہ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ تربیتی پروگرام تنظیم کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کتنا کامیاب رہا۔ ایک مؤثر تجزیاتی طریقہ تنظیم کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنے تربیتی عمل میں ضروری بہتری لا کر ملازمین کی مہارتوں کارکردگی اور تنظیمی ترقی کو مزید مؤثر بنا سکے۔

---

## 9.5 تربیت کے تجزیے کی اہمیت(Importance of Training Evaluation)

---

تربیت کے تجزیے (Training Evaluation) کی اہمیت اس حقیقت سے جڑی ہوئی ہے کہ تنظیمیں وسائل وقت اور بجٹ خرچ کر کے ملازمین کو مہارتیں فراہم کرتی ہیں اور انہیں یہ جانچنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ آیا یہ سرمایہ کاری واقعی مفید ثابت ہو رہی ہے یا نہیں۔ اگر تربیت مؤثر نہیں ہے تو تنظیم کو اس میں ضروری بہتری لا کر ملازمین کی کارکردگی کو زیادہ نتیجہ خیز بنانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

1۔ تربیتی سرمایہ کاری کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانا(Ensuring Effective Use of Training Investment)

ہر تنظیم تربیت کے لیے وسائل وقت اور بجٹ مختص کرتی ہے اور اس کی کامیابی کا انحصار اس پر ہے کہ آیا تربیت نے مطلوبہ نتائج حاصل کیے یا نہیں۔ تربیت کے تجزیے کے بغیر تنظیم یہ معلوم نہیں کر سکتی کہ آیا ملازمین نے واقعی نئی مہارتیں سیکھیں اور انہیں عملی طور پر اپنایا یا نہیں۔

2۔ کارکردگی میں بہتری اوراہداف کے حصول میں مدد (Improving Performance & Achieving Organizational Goals)

تربیت کے تجزیے سے تنظیم یہ جان سکتی ہے کہ ملازمین کی کارکردگی میں کیا بہتری آئی ہے اور تنظیمی اہداف کتنے مؤثر طریقے سے حاصل ہو رہے ہیں۔ اگر تربیت کامیاب ہو تو ملازمین زیادہ پیداواری(Productive) مؤثر(Efficient) اور ماہر (Skilled) بن جاتے ہیں جس سے تنظیم کی مجموعی ترقی ممکن ہوتی ہے۔

3۔ کمزور پہلوؤں کی نشاندہی اور تربیتی پروگرام میں بہتری (Identifying Weaknesses & Improving Training Programs)

تربیت کے تجزیے کا ایک اہم فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ تنظیم کو تربیتی پروگرام کے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کرنے اور مستقبل میں ان میں بہتری لانے میں مدد دیتا ہے۔ اگر کوئی مخصوص تربیتی طریقہ غیر مؤثر ثابت ہو رہا ہو تو تنظیم بہتر حکمت عملی اختیار کر سکتی ہے۔

4۔ ملازمین کی مہارتوں کے عملی اطلاق کو جانچنا(Assessing Practical Application of Skills)

صرف تھیوری پر مبنی تربیت کافی نہیں ہوتی بلکہ یہ دیکھنا بھی ضروری ہوتا ہے کہ آیا ملازمین سیکھے گئے اسباق کو حقیقی کام میں اپلائی کر رہے ہیں یا نہیں۔ تربیت کے تجزیے کے ذریعے تنظیم یہ معلوم کر سکتی ہے کہ ملازمین نے کتنی مہارتیں حاصل کی ہیں اور وہ اپنے کام میں انہیں کتنی کامیابی سے استعمال کر رہے ہیں۔

5۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور اعتماد میں اضافہ (Boosting Employee Motivation & Confidence)

جب ملازمین محسوس کرتے ہیں کہ تربیت سے ان کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے تو ان کا اعتماد (Confidence) اور حوصلہ افزائی (Motivation) بڑھتی ہے۔ مؤثر تربیتی پروگرامز کے تجزیے کے بعد تنظیم یہ یقینی بنا سکتی ہے کہ ملازمین کو بہترین مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں جس سے ان کی تنظیم سے وابستگی (Commitment) میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

6۔ تربیت کے سرمایہ کاری پر واپسی(Measuring Return on Investment - ROI)

ہر تنظیم کو یہ جاننے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کیا تربیتی پروگرام میں کی گئی سرمایہ کاری واقعی فائدہ مند ثابت ہو رہی ہے یا نہیں۔ تربیت کے تجزیے کے بغیر تنظیم یہ معلوم نہیں کر سکتی کہ آیا اس پر خرچ کیا گیا بجٹ ملازمین کی مہارتوں پیداواریت اور کاروباری ترقی میں بہتری کا باعث بنا یا نہیں۔ اگر تربیت مؤثر ثابت نہیں ہو رہی تو تنظیم کو متبادل طریقے اختیار کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔

7۔ مسابقتی برتری (Competitive Advantage) حاصل کرنا

آج کے تیزی سے بدلتے ہوئے کاروباری ماحول میں تنظیموں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی افرادی قوت کو جدید مہارتوں اور تکنیکی قابلیتوں سے آراستہ کریں۔ اگر تربیت مؤثر ہو تو تنظیم مارکیٹ میں اپنی مسابقتی برتری برقرار رکھ سکتی ہے کیونکہ اس کے ملازمین بہتر طریقے سے کام کرنے اور بدلتے ہوئے کاروباری تقاضوں کا سامنا کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

8۔ تنظیمی ترقی اور استحکام(Organizational Growth & Stability)

ایک کامیاب تربیتی پروگرام کا مقصد صرف ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانا نہیں بلکہ تنظیم کو مستحکم اور ترقی یافتہ بنانا بھی ہوتا ہے۔ جب تنظیمیں اپنی افرادی قوت کو مستقل بنیادوں پر سیکھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں تو وہ زیادہ مستحکم مؤثر اور ترقی پذیر بن جاتی ہیں۔

تربیت کے تجزیے کی اہمیت اس حقیقت سے جڑی ہے کہ یہ تنظیم کو اپنے تربیتی پروگرامز کو بہتر بنانے سرمایہ کاری کا صحیح استعمال کرنے اور ملازمین کی کارکردگی کو زیادہ مؤثر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ جب تنظیمیں تربیتی نتائج کا مسلسل جائزہ لیتی ہیں تو وہ نہ صرف اپنے ملازمین کی مہارتوں کو نکھارنے میں کامیاب ہوتی ہیں بلکہ اپنی کاروباری کامیابی اور ترقی کو بھی یقینی بناتی ہیں۔

---

## 9.6 کرک پیٹرک ماڈل(Kirkpatrick Model)

---

کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تربیتی تجزیاتی ماڈل ہے جسے ڈونلڈ کرک پیٹرک (Donald Kirkpatrick) نے 1959 میں متعارف کرایا تھا۔ یہ ماڈل تربیت کے اثرات اور اس کی مؤثریت کا تجزیہ کرنے کے لیے چار سطحوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس ماڈل کا بنیادی مقصد یہ جانچنا ہوتا ہے کہ ملازمین نے تربیتی پروگرام سے کیا سیکھا اس سیکھنے کا ان کے رویے اور کارکردگی پر کیا اثر پڑا اور یہ تنظیم کے مجموعی نتائج میں کس حد تک معاون ثابت ہوا۔

یہ چار سطحیں درج ذیل ہیں:

1۔ ردِ عمل - (Reaction) تربیت کے فوری تاثرات

تربیت کی سب سے پہلی سطح ردِ عمل (Reaction) ہے جس میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ ملازمین نے تربیتی پروگرام کے بارے میں کیا محسوس کیا۔ یہ مرحلہ یہ جاننے میں مدد دیتا ہے کہ کیا تربیت ملازمین کے لیے مؤثر دلچسپ اور ان کی توقعات پر پوری اتری یا نہیں۔

**تجزیے کے طریقے:**

- تربیت کے بعد فیڈبیک فارم اور سروے کے ذریعے ملازمین کی رائے لی جاتی ہے۔
- ملازمین سے انٹرویوز کے ذریعے پوچھا جاتا ہے کہ انہیں تربیتی مواد اور اس کی فراہمی (Delivery) کیسی لگی؟
- ملازمین کی شکایات اور تجاویز کو مدنظر رکھا جاتا ہے تاکہ آئندہ تربیتی پروگرام میں بہتری لائی جا سکے۔

2۔ سیکھنا - (Learning) مہارتوں اور علم کا اضافہ

دوسری سطح سیکھنے (Learning) پر مرکوز ہے جہاں یہ جانچنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ ملازمین نے تربیت کے دوران کیا نیا سیکھا۔ اس کا مطلب ہے کہ کیا ملازمین کے علم(Knowledge) مہارتوں(Skills) اور رویے (Attitude) میں بہتری آئی ہے یا نہیں۔

**تجزیے کے طریقے:**

- پری ٹیسٹ اور پوسٹ ٹیسٹ (Pre & Post Training Tests) کے ذریعے سیکھنے کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔
- پریکٹیکل اسیسمنٹس اور کیس اسٹڈیز کے ذریعے ملازمین کی نئی مہارتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔
- ٹرینرز اور سپروائزرز ملازمین کی ترقی اور ان کے نئے سیکھنے کی صلاحیت کو جانچتے ہیں۔

3۔ رویے میں تبدیلی - (Behavior) عملی اطلاق اور کارکردگی میں بہتری

تیسری سطح رویے (Behavior) پر مرکوز ہوتی ہے جہاں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ ملازمین نے تربیت میں سیکھی گئی مہارتوں کو حقیقی کام کے ماحول میں کیسے لاگو کیا۔

**تجزیے کے طریقے:**

- سپروائزرز اور مینیجرز ملازمین کے رویے کا مشاہدہ کرتے ہیں۔
- کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal Reports) کے ذریعے تربیت کے بعد ملازمین کی بہتری کو جانچا جاتا ہے۔
- مقام کار پر عملی مشاہدہ (On-the-Job Observation) کیا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو کہ ملازمین نے سیکھے گئے اسباق کو کس حد تک اپنایا ہے۔

4۔ نتائج - (Results) تنظیمی کامیابی پر تربیت کے اثرات

چوتھی اور سب سے اہم سطح نتائج (Results) ہیں جس میں تربیت کے کاروباری نتائج پر اثرات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس سطح پر تنظیم یہ جانچتی ہے کہ کیا تربیت نے مجموعی کاروباری اہداف میں بہتری پیدا کی؟

**تجزیے کے طریقے:**

- تنظیمی اہداف (Organizational Goals) کا تجزیہ کیا جاتا ہے تاکہ دیکھا جاسکے کہ تربیت نے پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا یا نہیں۔
- کارکردگی کے کلیدی اشاریے (Key Performance Indicators - KPIs) جیسے سیلز میں اضافہ کسٹمر سروس میں بہتری اور پیداواری کارکردگی کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔
- ROI (Return on Investment) کا تجزیہ کیا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو سکے کہ آیا تربیت پر خرچ ہونے والی رقم تنظیم کے لیے فائدہ مند رہی یا نہیں۔

### کرک پیٹرک ماڈل کی اہمیت (Significance of the Kirkpatrick Model)

- یہ ایک معیاری اور مؤثر طریقہ فراہم کرتا ہے جو تنظیموں کو تربیتی پروگرامز کے اثرات کو ناپنے میں مدد دیتا ہے۔
- یہ صرف تربیت کے دوران سیکھنے پر توجہ نہیں دیتا بلکہ عملی اطلاق اور کاروباری نتائج پر بھی توجہ مرکوز کرتا ہے۔

- یہ تنظیم کو تربیت کے معیار اور اس میں مزید بہتری کے پہلوؤں کو جانچنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

کرک پیٹرک ماڈل تربیت کی مؤثریت کا جائزہ لینے کے لیے ایک مربوط اور عملی فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ یہ تنظیموں کو ملازمین کے سیکھنے رویے میں تبدیلی اور تنظیمی ترقی پر تربیت کے اثرات کو ناپنے میں مدد دیتا ہے۔ اگر تنظیم اس ماڈل کو مؤثر طریقے سے استعمال کرے تو وہ اپنے تربیتی پروگرامز کو زیادہ نتیجہ خیز اور مؤثر بنا سکتی ہے جس سے نہ صرف ملازمین کی کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ تنظیم کی مجموعی کامیابی میں بھی اضافہ ہوگا۔

## 9.7 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ تربیت اور ترقی کے فوائد کو انفرادی اور تنظیمی سطح پر واضح طور پر سمجھ چکے ہیں۔ طلبہ تربیت کی مؤثریت کے تجزیے (Evaluation of Training Effectiveness) کے تصور اور اس کی ضرورت سے واقف ہو گئے ہیں اور تربیتی پروگراموں کی جانچ کے مختلف طریقوں کی وضاحت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ تربیت کے تجزیے کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تربیتی سرمایہ کاری اور کارکردگی کے درمیان تعلق کا تجزیہ کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، طلبہ کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) کے مختلف مراحل کو سمجھ چکے ہیں اور تربیتی پروگراموں کی مؤثر جانچ کے لیے اس کے عملی اطلاق کی وضاحت کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکے ہیں۔

## 9.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ تربیت کی مؤثریت کا تجزیہ (Training Effectiveness Evaluation) کیوں ضروری ہوتا ہے؟

2۔ کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) میں کتنی سطحیں ہوتی ہیں؟

3۔ تربیت کے تجزیے میں فیڈبیک فارم کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

4۔ ROI (Return on Investment) کا مطلب کیا ہے؟

5۔ رویے میں تبدیلی (Behavior Change) کا تجزیہ تربیت کے کون سے مرحلے میں کیا جاتا ہے؟

6۔ کرک پیٹرک ماڈل کی پہلی سطح کیا کہلاتی ہے؟

7۔ تنظیم میں تربیت کے نتیجے میں کارکردگی کے جائزے (Performance Appraisal) کا کیا کردار ہوتا ہے؟

8۔ سیکھنے (Learning) کے تجزیے کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

9۔ ملازمین کی پیداواری صلاحیت (Productivity) پر تربیت کا کیا اثر ہوتا ہے؟

10۔ تنظیمی ترقی (Organizational Growth) میں تربیت کا کیا کردار ہوتا ہے؟

## مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ تربیت کے مؤثر تجزیے کے لیے کون کون سے اہم مراحل ہوتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

2۔ کرک پیٹرک ماڈل کی چار سطحوں کو مختصراً بیان کریں۔

3۔ تنظیم میں تربیتی سرمایہ کاری پر واپسی (ROI) کا تجزیہ کیوں ضروری ہوتا ہے؟

4۔ تربیت کے فوائد میں ملازمین کی مہارتوں اور پیداواری صلاحیت میں اضافے پر روشنی ڈالیں۔

5۔ فیڈبیک اور سروے کس طرح تربیت کے معیار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں؟

## طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ کرک پیٹرک ماڈل (Kirkpatrick Model) کے چار مراحل کو تفصیل سے بیان کریں اور ان کے عملی اطلاق پر روشنی ڈالیں۔

2۔ تنظیم میں تربیت اور ترقی کے فوائد کو وضاحت کے ساتھ بیان کریں اور اس کے تنظیمی ترقی پر اثرات پر تبصرہ کریں۔

3۔ تربیت کی مؤثریت کے تجزیے کے مختلف طریقوں کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ تنظیم کی کارکردگی پر کس طرح اثرانداز ہوتے ہیں۔

4۔ سرمایہ کاری پر واپسی (ROI) کا تفصیل سے تجزیہ کریں اور وضاحت کریں کہ یہ تربیت کے مالیاتی فوائد کا جائزہ لینے میں کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے۔

5۔ رویے میں تبدیلی (Behavior Change) اور کاروباری نتائج (Business Results) کے تجزیے کے عمل کو تفصیل سے بیان کریں اور یہ وضاحت کریں کہ یہ تنظیم میں تربیت کی کامیابی کو کس طرح ظاہر کرتے ہیں۔

6۔ یہ سوالات طلبہ کو تربیت کے تجزیے اس کے فوائد اور کرک پیٹرک ماڈل کے عملی اطلاق کو گہرائی سے سمجھنے میں مدد دیں گے۔

# اکائی 10۔ معاوضہ مینجمنٹ-I

(Compensation Management-I)

اکائی کے اجزا


10.0 تمہید(Introduction)

10.1 مقاصد(Objectives)

10.2 معاوضہ مینجمنٹ کا تعارف(Introduction of Compensation Management)

10.3 معاوضہ کا مطلب(Meaning of Compensation)

10.4 معاوضہ مینجمنٹ کا مطلب(Meaning of Compensation Management)

10.5 معاوضہ مینجمنٹ کے مقاصد(Objectives of Compensation Management)

10.6 معاوضہ مینجمنٹ کی اہمیت(Importance of Compensation Management)

10.7 معاوضہ منصوبے کے عوامل(Factors in a Compensation Plan)

10.8 معاوضہ مینجمنٹ کے موجودہ رجحانات(Trends in Compensation Management)

10.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

10.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)


## 10.0 تمہید(Introduction)

پچھلی اکائی میں ہم نے تربیت اور ترقی(Training and Development)کی اہمیت کو دریافت کیا جو ملازمین کی مہارتوں کو بڑھانے کارکردگی کو بہتر بنانے اور تنظیمی کامیابی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ہم نے تربیتی پروگراموں کی موثریت کا جائزہ لینے کے طریقوں پر بھی غور کیا جن میں وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والا کرک پیٹرک ماڈل(Kirkpatrick Model)شامل ہے تاہم جہاں تربیت اور ترقی ملازمین کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں وہیں ایک منظم معاوضہ مینجمنٹ نظام (Compensation Management System)کی ضرورت بھی ہوتی ہے تاکہ ملازمین کی حوصلہ افزائی ملازمت سے اطمینان اور تنظیم کے ساتھ وابستگی کو برقرار رکھا جاسکے۔

یہ اکائی معاوضہ مینجمنٹ(Compensation Management)پر روشنی ڈالتی ہے جوانسانی وسائل کے انتظام (Human Resource Management)کاایک کلیدی پہلوہےاور ملازمین کی حوصلہ افزائی اور تنظیمی کارکردگی پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ معاوضہ محض تنخواہوں تک محدود نہیں ہوتابلکہ یہ ایک حکمتِ عملی پر مبنی طریقہ ہے جس کے ذریعے ملازمین کو منصفانہ اور مسابقتی طریقے سے انعام دیا جاتا ہے۔ ہم معاوضہ مینجمنٹ کے تصور مقاصد اور اہمیت معاوضے کی منصوبہ بندی پر اثر انداز ہونے والے کلیدی عوامل اور معاوضے کے ڈھانچے میں موجودہ رجحانات کو دریافت کریں گے۔

ایک منظم معاوضہ منصوبہ (Compensation Plan) ملازمین کواہمیت کااحساس دلاتا ہے جس سے پیداواری صلاحیت اور وابستگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ جیسے جیسے کاروباری دنیا ترقی کر رہی ہے تنظیموں کو چاہیے کہ وہ اپنی معاوضہ حکمتِ عملیوں (Compensation Strategies) کو صنعت کے معیارات اور ملازمین کی توقعات کے مطابق ڈھالیں۔ یہ اکائی معاوضہ مینجمنٹ کے متحرک پہلوؤں اور تنظیمی کامیابی پر اس کے اثرات کے بارے میں بصیرت فراہم کرے گی

## 10.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- معاوضہ مینجمنٹ کا تصور سمجھنا
- معاوضہ منصوبے کو متاثر کرنے والے عوامل کا تجزیہ
- معاوضہ مینجمنٹ کی اہمیت اور مقاصد کا جائزہ
- معاوضہ کے جدید رجحانات کا جائزہ

## 10.2 معاوضہ مینجمنٹ کا تعارف(Introduction of Compensation Management)

معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) انسانی وسائل کے انتظام (Human Resource Management - HRM)کاایک اہم پہلو ہے جو کسی تنظیم میں منصفانہ مسابقتی اور حکمت عملی کے مطابق معاوضہ ڈھانچے کو ڈیزائن اور نافذ کرنے پر مرکوز ہوتا ہے۔ یہ ملازمین کو اپنی طرف متوجہ کرنے برقرار رکھنے اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے جو بالآخر تنظیمی کامیابی پر اثرانداز ہوتا ہے۔

آج کے متحرک کاروباری ماحول میں تنظیموں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مؤثر معاوضہ نظام تیار کریں جو نہ صرف قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضوں کو پورا کرے بلکہ مساوات(Equity) کارکردگی پر مبنی انعامات (Performance-based Rewards)اور ملازمین کی اطمینان (Employee Satisfaction) کو بھی یقینی بنائے۔ معاوضہ صرف تنخواہوں تک محدود نہیں بلکہ اس میں مالی اور غیر مالی فوائد (Financial and Non-Financial Benefits) شامل ہوتے ہیں جو ملازم کی

مجموعی آمدنی اور کام کے تجربے کو بہتر بناتے ہیں۔ایک مؤثر طور پر منظم معاوضہ نظام ملازمین کی کوششوں کو تنظیمی مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ کرنے پیداواریت کو فروغ دینے اور لیبر مارکیٹ میں مسابقتی برتری کو برقرار رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

## 10.3 معاوضہ کا مطلب(Meaning of Compensation)

معاوضہ(Compensation)سے مراد وہ مالی اور غیر مالی فوائد ہیں جو کسی تنظیم کی جانب سے ملازمین کو ان کی خدمات کے بدلے دیے جاتے ہیں۔ یہ نہ صرف بنیادی تنخواہ(Basic Salary)پر مشتمل ہوتا ہے بلکہ دیگر مراعات جیسے کہ بونس(Bonus) انسینٹیوز (Incentives)الاونسز(Allowances)پنشن(Pension)بیمہ(Insurance)اور دیگر فلاحی فوائد (Welfare Benefits)کو بھی شامل کرتا ہے۔

معاوضہ کا بنیادی مقصد ملازمین کی حوصلہ افزائی کارکردگی کو بہتر بنانا اور تنظیم کے اندر ان کی وابستگی کو مضبوط کرنا ہوتا ہے۔ایک مؤثر معاوضہ نظام تنظیموں کو بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے جبکہ ملازمین کی مجموعی اطمینان اور کارکردگی کو بھی بڑھاتا ہے۔

## 10.4 معاوضہ مینجمنٹ کا مطلب(Meaning of Compensation Management)

معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) سے مراد ملازمین کی اجرت (Remuneration) کے مختلف طریقوں کی منصوبہ بندی تنظیم اور نگرانی کا عمل ہے تاکہ منصفانہ مسابقتی اور حوصلہ افزا معاوضہ نظام کو یقینی بنایا جاسکے۔اس میں وہ تمام مالی اور غیر مالی انعامات شامل ہوتے ہیں جو تنظیم کی طرف سے ملازمین کو ان کی خدمات کے بدلے فراہم کیے جاتے ہیں۔

**معاوضہ کی اقسام:**

1۔ **براہ راست معاوضہ(Direct Compensation):** مالی فوائد جیسے کہ تنخواہیں(Salaries) اجرتیں(Wages) بونس (Bonuses)اور انسینٹیوز(Incentives) ۔

2۔ **بالواسطہ معاوضہ(Indirect Compensation):** غیر مالی انعامات جیسے کہ صحت کے فوائد(Health Benefits) ریٹائرمنٹ منصوبے(Retirement Plans) تنخواہ کے ساتھ چھٹیاں(Paid Leave) اور کمپنی کی فراہم کردہ سہولیات (Company-Provided Perks)۔

معاوضہ مینجمنٹ کا بنیادی مقصد ایک متوازن اور منصفانہ نظام قائم کرنا ہے جو اندرونی مساوات (Internal Equity) یعنی تنظیم کے اندر انصاف بیرونی مسابقت (External Competitiveness) یعنی صنعت کے معیارات کے مطابق ہونا اور انفرادی کارکردگی (Individual Performance) کو مدنظر رکھے۔تنظیموں کو معاوضہ کی حکمت عملیوں کو احتیاط سے ڈیزائن کرنا چاہیے تاکہ وہ ملازمین کی توقعات پر پورا اتر سکیں اور ساتھ ہی مالیاتی استحکام (Financial Sustainability) کو برقرار رکھ سکیں۔

معاوضہ مینجمنٹ(Compensation Management)ایک حکمت عملی پر مبنی طریقہ کار ہے جس کے تحت ایسے انعامی نظام کو ڈیزائن اور نافذ کیا جاتا ہے جو ملازمین کو تنظیم میں ان کی خدمات کے بدلے فراہم کیے جاتے ہیں۔ یہ یقینی بناتا ہے کہ ملازمین کو ان کی مہارتوں(Skills) محنت(Efforts)اور کارکردگی (Performance) کے مطابق منصفانہ معاوضہ دیا جائے جبکہ تنظیم کے اجرتی ڈھانچے(Pay Structure) کو اس کے کاروباری مقاصد(Business Goals)صنعتی معیارات (Industry Standards)اور قانونی تقاضوں (Legal Requirements) کے ساتھ ہم آہنگ رکھا جائے۔

معاوضہ مینجمنٹ صرف ملازمین کو ادائیگی کرنے کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک منظم اور متوازن انعامی طریقہ کار ہے جو حوصلہ افزائی (Motivation)کو بڑھاتا ہے ملازمت سے اطمینان(Job Satisfaction)کو بہتر بناتا ہے اور ملازمین کو برقرار رکھنے (Employee Retention)میں مدد دیتا ہے۔ تنظیمیں معاوضہ کی حکمت عملیوں کو اس انداز میں اپناتی ہیں تاکہ وہ بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کر سکیں اعلیٰ کارکردگی(High Performance)کی حوصلہ افزائی کر سکیں اور تنظیم کے اندرونی و بیرونی اجرتی مساوات (Internal and External Pay Equity) کو برقرار رکھ سکیں۔

## 10.5 معاوضہ مینجمنٹ کے مقاصد(Objectives of Compensation Management)

معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) تنظیم کے لیے ایک اہم کردار ادا کرتا ہے تاکہ وہ بہترین ملازمین کو اپنی طرف متوجہ کرے انہیں برقرار رکھے اور ان کی حوصلہ افزائی کرے جبکہ مالی استحکام (Financial Sustainability)اور قانونی تقاضوں (Legal Compliance) کو بھی یقینی بنایا جائے۔ معاوضہ مینجمنٹ کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

1۔ بہترین ٹیلنٹ کو متوجہ کرنا اور برقرار رکھنا(Attracting and Retaining Talent)

ایک منظم اور متوازن معاوضہ نظام تنظیموں کو قابل اور ہنر مند پیشہ ور افراد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور موجودہ ملازمین کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ مسابقتی تنخواہوں (Competitive Pay Packages) اور فوائد (Benefits) کی پیشکش ملازمین کو تنظیم سے وابستہ رہنے کی ترغیب دیتی ہے جس سے ملازمین کے اخراج (Turnover Rate) اور بھرتی کے اخراجات (Recruitment Costs)میں کمی آتی ہے۔

2۔ اندرونی اور بیرونی مساوات کو یقینی بنانا(Ensuring Internal and External Equity)

- اندرونی مساوات(Internal Equity): معاوضہ مینجمنٹ تنظیم کے اندر یکساں اور منصفانہ اجرت کو یقینی بناتا ہے۔ جو ملازمین ایک جیسے کردار ادا کرتے ہیں اور یکساں مہارت (Skills) اور تجربہ (Experience) رکھتے ہیں انہیں مساوی معاوضہ ملنا چاہیے۔
- بیرونی مساوات(External Equity): تنظیموں کو صنعت کے معیارات (Industry Standards) کے مطابق مسابقتی تنخواہیں اور فوائد فراہم کرنے چاہئیں تاکہ ملازمین بہتر مواقع کی تلاش میں دوسری کمپنیوں کی طرف نہ جائیں۔

3۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی اور کارکردگی میں اضافہ (Motivating and Enhancing Employee Performance)

معاوضہ ملازمین کے لیے ایک اہم محرک (Motivator) ہے۔ ایک منظم معاوضہ نظام ملازمین کی پیداواری صلاحیت (Productivity) اور اعلیٰ کارکردگی (High Performance) کو فروغ دیتا ہے کیونکہ اس میں مہارت تجربے اور خدمات کی بنیاد پر انعامات (Rewards) دیے جاتے ہیں۔ کارکردگی پر مبنی انسینٹیوز (Performance-Based Incentives) جیسے بونس (Bonuses) اور کمیشنز (Commissions) مزید حوصلہ افزائی پیدا کرتے ہیں۔

4۔ معاوضہ کو تنظیمی اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کرنا (Aligning Compensation with Organizational Goals)

ایک مؤثر معاوضہ نظام یہ یقینی بناتا ہے کہ ملازمین کو ملنے والے انعامات تنظیم کے کاروباری مقاصد (Business Objectives) سے ہم آہنگ ہوں۔ جب معاوضہ کو کمپنی کی کارکردگی (Company Performance) اور حکمت عملی کے اہداف (Strategic Goals) کے ساتھ جوڑا جاتا ہے تو تنظیم میں ایک اعلیٰ کارکردگی پر مبنی ثقافت (High-Performance Culture) پروان چڑھتی ہے اور کاروباری کامیابی کو فروغ ملتا ہے۔

5۔ قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضوں کی پابندی (Ensuring Compliance with Legal and Regulatory Requirements)

تنظیموں کے لیے ضروری ہے کہ وہ محنت کش قوانین (Labor Laws) کم از کم اجرت کے ضوابط (Minimum Wage Regulations) مساوی اجرت کی پالیسیاں (Equal Pay Policies) اور ٹیکس قوانین (Tax Laws) کی پابندی کریں۔ معاوضہ مینجمنٹ ان قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بناتا ہے تاکہ قانونی مسائل جرمانوں اور ساکھ کے نقصان (Reputational Damage) سے بچا جا سکے۔

6۔ اخراجات کو قابو میں رکھنا اور مالی استحکام کو یقینی بنانا (Controlling Costs and Ensuring Financial Sustainability)

معاوضہ مینجمنٹ تنظیموں کو ملازمین کی اجرت اور منافع (Profitability) کے درمیان توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ تنظیموں کو مسابقتی تنخواہیں پیش کرتے ہوئے اس بات کو بھی یقینی بنانا چاہیے کہ اخراجات موثر طریقے سے کنٹرول کیے جائیں تاکہ مالی استحکام برقرار رہے۔

7۔ ملازمت سے اطمینان اور ملازمین کی وابستگی کو فروغ دینا (Promoting Job Satisfaction and Employee Engagement)

منصفانہ اور شفاف معاوضہ نظام ملازمین کے اطمینان (Job Satisfaction) میں اضافہ کرتا ہے اور اجرت سے متعلق شکایات کو کم کرتا ہے۔ جب ملازمین خود کو تنظیم میں قابل قدر محسوس کرتے ہیں اور منصفانہ معاوضہ حاصل کرتے ہیں تو وہ اپنی ملازمت سے زیادہ مطمئن ہوتے ہیں اور کام میں بھرپور دلچسپی لیتے ہیں۔

8۔ مہارتوں کے فروغ اور پیشہ ورانہ ترقی کی حوصلہ افزائی (Encouraging Skill Development and Career Growth)

تنظیمیں اکثر معاوضہ کو مہارتوں کی ترقی(Skill Development) سرٹیفکیشنز(Certifications) اور پیشہ ورانہ ترقی (Career Progression) سے منسلک کرتی ہیں۔ میرٹ پر مبنی تنخواہ میں اضافہ (Merit-Based Pay Increases)ملازمین کو اپنی مہارتوں میں بہتری لانے اور تنظیم میں مزید مؤثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

9۔ تنخواہ میں شفافیت اور انصاف کو فروغ دینا(Supporting Pay Transparency and Fairness)

ایک مؤثر معاوضہ مینجمنٹ نظام یہ یقینی بناتا ہے کہ تنخواہ کے ڈھانچے (Salary Structures) اور اجرتی فیصلے (Pay Decisions)شفاف ہوں۔ جب معاوضہ پالیسیاں واضح ہوتی ہیں تو ملازمین تنظیم پر زیادہ اعتماد کرتے ہیں اور اجرت سے متعلق تنازعات (Workplace Conflicts)میں کمی آتی ہے۔

10۔ ملازمین کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانا (Enhancing Employee Well-Being through Benefits and Perks)

تنخواہوں کے علاوہ تنظیمیں ملازمین کی فلاح و بہبود (Employee Well-Being) کو بہتر بنانے کے لیے مختلف فوائد (Benefits)پیش کرتی ہیں جیسے کہ صحت بیمہ(Health Insurance) ریٹائرمنٹ منصوبے(Retirement Plans) تنخواہ کے ساتھ چھٹیاں(Paid Leave) اور فلاحی پروگرامز(Wellness Programs) ۔ یہ فوائد ملازمین کے لیے ایک معاون کام کا ماحول (Supportive Work Environment) فراہم کرتے ہیں۔

معاوضہ مینجمنٹ انسانی وسائل کے انتظام (HR) کا ایک اہم شعبہ ہے جو ملازمین کی توقعات اور تنظیمی مقاصد کے درمیان توازن قائم کرتا ہے۔ منصفانہ حوصلہ افزا اور قانونی تقاضوں کے مطابق ایک مؤثر معاوضہ نظام تنظیموں کو ایک پیداواری اور مطمئن ورک فورس بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے جبکہ مالی کارکردگی (Financial Efficiency) کو بھی یقینی بناتا ہے۔

## 10.6 معاوضہ مینجمنٹ کی اہمیت (Importance of Compensation Management)

معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) ملازمین اور تنظیموں دونوں کے لیے انتہائی اہم ہے کیونکہ یہ ملازمت کے اطمینان (Job Satisfaction) تنظیمی کارکردگی (Organizational Performance) اور مالی استحکام (Financial Stability) پر براہ راست اثرانداز ہوتا ہے۔ ذیل میں معاوضہ مینجمنٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنے والے چند منفرد نکات درج ہیں:

1۔ آجر کی برانڈنگ اور مارکیٹ میں ساکھ کو بہتر بناتا ہے (Enhances Employer Branding and Market Reputation): ایک مؤثر معاوضہ نظام تنظیم کی ساکھ (Reputation) کو ایک مثالی آجر (Employer of Choice) کے طور پر مضبوط کرتا ہے۔ وہ کمپنیاں جو مسابقتی تنخواہیں اور فوائد فراہم کرتی ہیں بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور ایک مضبوط آجر برانڈ (Employer Brand) بنانے میں کامیاب رہتی ہیں۔

2۔ تنظیمی ثقافت اور کام کے اخلاقیات کی حمایت کرتا ہے (Supports Organizational Culture and Work Ethics): معاوضہ مینجمنٹ کمپنی کی ثقافت (Company Culture) کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ کارکردگی پر مبنی انسینٹیوز (Performance-Based Incentives) ملازمین میں جوابدہی (Accountability) جدت (Innovation) اور نتائج پر مبنی کام کے اصول (Results-Driven Work Ethic) کو فروغ دیتے ہیں۔

3۔ مقامِ کار پر تنازعات اور اجرتی اختلافات کو کم کرتا ہے (Reduces Workplace Conflicts and Pay Disputes): شفاف اور منظم معاوضہ پالیسیاں تنخواہ سے متعلق تنازعات (Salary-Related Conflicts) کو کم کرتی ہیں۔ جب اجرتی ڈھانچے (Pay Structures) واضح اور منصفانہ ہوتے ہیں تو ملازمین خود کو کم تر محسوس نہیں کرتے اور نہ ہی اجرتی فرق پر تنازعات میں ملوث ہوتے ہیں۔

4۔ ملازمین کے استحکام کو یقینی بناتا اور غیر حاضری کو کم کرتا ہے (Encourages Workforce Stability and Reduces Absenteeism): مسابقتی معاوضہ پیکیج (Competitive Compensation Package) ملازمت سے اطمینان کو بہتر بناتا ہے جس سے ملازمین تنظیم کے ساتھ طویل مدت تک وابستہ رہتے ہیں اور غیر حاضری (Absenteeism) کی شرح میں کمی آتی ہے۔ جو ملازمین مالی طور پر محفوظ اور خود کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں وہ زیادہ وفادار اور محنتی ہوتے ہیں۔

5۔ متنوع اور مساوی مقامِ کار کو فروغ دیتا ہے(Facilitates Workforce Diversity and Inclusion): منصفانہ اور غیر جانبدار معاوضہ نظام مساوی کام کے لیے مساوی اجرت (Equal Pay for Equal Work) کو یقینی بناتا ہے جس سے تنظیم میں تنوع (Diversity) اور شمولیت (Inclusion) کو فروغ ملتا ہے۔ یہ ایک ایسا ماحول بنانے میں مدد کرتا ہے جہاں تمام ملازمین خود کو قدر کے قابل محسوس کریں۔

6۔ جانشینی منصوبہ بندی اور قیادت کی ترقی کی حمایت کرتا ہے (Supports Succession Planning and Leadership Development): تنظیمیں منظم معاوضہ منصوبوں (Structured Compensation Plans) کو استعمال کرتے ہوئے مستقبل کے رہنما (Future Leaders) تیار کرتی ہیں۔ مسابقتی تنخواہیں اور طویل مدتی انسینٹیوز (Long-Term Incentives) ہنر مند ملازمین کو برقرار رکھنے اور قیادت کے استحکام کو یقینی بنانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

7۔ انسینٹیوز کے ذریعے پیداواریت میں اضافہ کرتا ہے (Enhances Workforce Productivity through Incentives): انسینٹیو پر مبنی معاوضہ ڈھانچے(Incentive-Based Compensation Structures) جیسے کمیشن پلان (Commission Plans) اور منافع میں شراکت(Profit-Sharing Schemes) ملازمین کی پیداواریت (Productivity) پر براہ راست اثر ڈالتے ہیں۔ جب ملازمین کو کارکردگی کی بنیاد پر انعام دیا جاتا ہے تو وہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے زیادہ محنت کرتے ہیں۔

8۔ بدلتے ہوئے معاشی حالات کے مطابق تنظیم کو ڈھالنے میں مدد دیتا ہے (Helps Organizations Adapt to Changing Economic Conditions): ایک لچکدار معاوضہ مینجمنٹ نظام (Flexible Compensation Management System) تنظیموں کو تنخواہوں بونس اور فوائد کو معاشی حالات (Economic Conditions) مہنگائی(Inflation) اور صنعت کے رجحانات (Industry Trends) کے مطابق ایڈجسٹ کرنے کی سہولت دیتا ہے جس سے مالی استحکام برقرار رہتا ہے۔

9۔ ملازمین اور آجر کے درمیان تعلقات کو مضبوط کرتا ہے (Strengthens Employee-Employer Relationships): جب ملازمین محسوس کرتے ہیں کہ انہیں منصفانہ معاوضہ دیا جارہا ہے تو وہ تنظیم پر زیادہ اعتماد (Trust) اور وفاداری (Loyalty) ظاہر کرتے ہیں۔ اس سے ایک مثبت کام کا ماحول (Positive Work Environment) پروان چڑھتا ہے اور ملازمین اور آجر کے درمیان مضبوط تعلقات قائم ہوتے ہیں۔

10۔ تنظیمی ترقی اور توسیع کی حمایت کرتا ہے(Supports Organizational Growth and Expansion): جب کمپنیاں ترقی کرتی ہیں تو معاوضہ مینجمنٹ یہ یقینی بناتا ہے کہ اجرتی ڈھانچے نئے کرداروں مارکیٹ کی ضروریات اور عالمی توسیع (Global Expansion) کے مطابق ڈھالے جا سکیں جس سے تنظیم مختلف خطوں میں مسابقتی برتری برقرار رکھ سکے۔

معاوضہ مینجمنٹ صرف ملازمین کو ادائیگی کرنے کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک حکمت عملی پر مبنی فنکشن (Strategic Function) ہے جو ملازمت کے اطمینان (Job Satisfaction) تنظیمی ثقافت (Organizational Culture) اور کاروباری کامیابی (Business Success) پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ایک بہتر ڈیزائن شدہ معاوضہ نظام تنظیم کو بہترین ٹیلنٹ حاصل کرنے پیداواریت کو بڑھانے اور طویل مدتی مالی استحکام (Long-Term Financial Stability) کو برقرار رکھنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

## 10.7 معاوضہ منصوبے کے عوامل (Factors in a Compensation Plan)

ایک مؤثر معاوضہ منصوبہ (Compensation Plan) یہ یقینی بناتا ہے کہ ملازمین کو منصفانہ اور مسابقتی طور پر اجرت دی جائے جبکہ اسے تنظیمی اہداف (Organizational Goals) کے ساتھ ہم آہنگ رکھا جائے۔ مختلف عوامل معاوضہ کے ڈھانچے اور اس کی مؤثریت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ عوامل دو بنیادی اقسام میں تقسیم کیے جا سکتے ہیں: داخلی عوامل (Internal Factors) اور بیرونی عوامل (External Factors) جو تنخواہوں انسینٹیوز اور فوائد کا تعین کرتے ہیں۔

1۔ معاوضہ منصوبے پر اثر انداز ہونے والے داخلی عوام (Internal Factors Affecting Compensation Plan)

(a) تنظیمی حکمت عملی اور اہداف (Organizational Strategy and Goals): ہر تنظیم کی ایک منفرد معاوضہ حکمت عملی (Compensation Strategy) ہوتی ہے جو اس کے کاروباری مقاصد (Business Objectives) پر مبنی ہوتی ہے۔ کچھ کمپنیاں اخراجات میں کمی (Cost-Cutting) پر توجہ دیتی ہیں جبکہ کچھ بہترین ٹیلنٹ کو متوجہ کرنے کے لیے زیادہ اجرت اور فوائد فراہم کرتی ہیں۔ معاوضہ منصوبے کو تنظیم کے قلیل مدتی (Short-Term) اور طویل مدتی (Long-Term) اہداف کے مطابق ڈیزائن کیا جانا چاہیے۔

(b) ملازمت کا کردار اور ذمہ داریاں (Job Role and Responsibilities): ملازمت کی نوعیت (Nature of Job) معاوضہ پر براہ راست اثر ڈالتی ہے۔ اعلیٰ ذمہ داری کے حامل عہدے جیسے کہ مینیجر (Managerial) اور ایگزیکٹو پوزیشنز (Executive Positions) عام طور پر انٹری لیول ملازمتوں (Entry-Level Positions) کے مقابلے میں زیادہ تنخواہ انسینٹیوز اور فوائد حاصل کرتے ہیں۔

(c) ملازمین کی کارکردگی اور پیداواری صلاحیت (Employee Performance and Productivity): بہت سی تنظیمیں کارکردگی پر مبنی معاوضہ (Performance-Based Compensation) کو اپناتی ہیں جہاں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو اضافی اجرت دی جاتی ہے۔ انسینٹیوز جیسے بونس (Bonuses)

کمیشنز(Commissions) اور اسٹاک آپشنز (Stock Options) ملازمین کی پیداواری صلاحیت (Productivity)اور تنظیمی کامیابی (Business Success) کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرتے ہیں۔

(d)مہارت تجربہ اور تعلیمی قابلیت(Skills, Experience, and Education): وہ ملازمین جو خصوصی مہارت (Specialized Skills)اعلیٰ تعلیمی قابلیت(Higher Education Qualifications) اور وسیع تجربہ (Extensive Experience)رکھتے ہیں عام طور پر زیادہ تنخواہ کے مستحق ہوتے ہیں۔ معاوضہ منصوبے کو ملازم کی مہارت اور تنظیم میں اس کی قدر (Value) کے مطابق ڈیزائن کیا جاتا ہے۔

(e)اندرونی مساوات اور اجرتی ڈھانچہ(Internal Equity and Pay Structure): تنظیم میں منصفانہ اجرت (Fair Compensation)کو برقرار رکھنے کے لیے اندرونی مساوات (Internal Equity) کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک جیسے کردار ادا کرنے والے ملازمین کو مساوی معاوضہ دیا جائے۔ ایک مؤثر معاوضہ منصوبہ تنخواہوں کے تفاوت (Wage Disparities) سے پیدا ہونے والی بے اطمینانی اور تنازعات کو کم کرتا ہے۔

(f) تنظیم کی مالی حیثیت(Financial Position of the Organization) : کسی تنظیم کی ادائیگی کی صلاحیت (Ability to Pay)معاوضہ پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ اسٹارٹ اپس (Startups) اور چھوٹے کاروبار محدود بجٹ رکھتے ہیں جبکہ بڑی کارپوریشنز مسابقتی تنخواہیں اور پرکشش فوائد فراہم کر سکتی ہیں۔

(g)ملازمتی فوائد اور مراعات(Employee Benefits and Perks): تنخواہ کے علاوہ تنظیمیں مختلف فوائد(Benefits)بھی فراہم کرتی ہیں جیسے کہ صحت بیمہ(Health Insurance) ریٹائرمنٹ منصوبے (Retirement Plans)تنخواہ کے ساتھ چھٹیاں(Paid Leaves)اور لچکدار کام کے طریقے (Flexible Work Arrangements)۔ فوائد کا دائرہ کار تنظیم کی پالیسیوں اور مالی وسائل پر منحصر ہوتا ہے۔

2۔ معاوضہ منصوبے پر اثر انداز ہونے والے بیرونی عوامل( External Factors Affecting Compensation Plan)

(a)مارکیٹ اور صنعتی معیارات(Market and Industry Standards): تنظیمیں مسابقتی برتری(Competitive Advantage)برقرار رکھنے کے لیے اپنی تنخواہیں صنعت کے معیارات (Industry Standards)کے مطابق رکھتی ہیں۔ ایسی کمپنیاں جو ہائی ڈیمانڈ سیکٹرز(High-Demand Sectors)جیسے کہ ٹیکنالوجی(Technology) یا فنانس (Finance) میں کام کرتی ہیں بہترین ہنر مند افراد کو متوجہ کرنے کے لیے زیادہ معاوضہ فراہم کرتی ہیں۔

(b)معاشی حالات اور مہنگائی(Economic Conditions and Inflation): مجموعی معاشی ماحول (Economic Environment)مہنگائی کی شرح(Inflation Rate) اور رہن سہن کے اخراجات (Cost

(Cost of Living) معاوضہ منصوبہ بندی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ تنظیمیں ملازمین کی قوت خرید (Purchasing Power) کو برقرار رکھنے کے لیے وقتاً فوقتاً تنخواہوں کو ایڈجسٹ کرتی ہیں۔

(c) حکومتی ضوابط اور مزدوری قوانین(Government Regulations and Labor Laws): حکومتیں کم از کم اجرت کے قوانین(Minimum Wage Laws) مساوی اجرت کی پالیسیوں (Equal Pay Regulations) ٹیکس پالیسیوں(Tax Policies) اور ملازمتی فوائد (Employee Benefits)سے متعلق قوانین نافذ کرتی ہیں جو معاوضہ منصوبہ بندی پر براہ راست اثر ڈالتے ہیں۔ تنظیموں کو قانونی جرمانوں اور تنازعات سے بچنے کے لیے ان قوانین کی پابندی کرنی چاہیے۔

(d) ہنر مند ملازمین کی طلب اور رسد(Demand and Supply of Talent): جب کسی صنعت میں ہنر مند پیشہ ور افراد کی قلت (Shortage of Skilled Professionals)ہوتی ہے تو کمپنیاں انہیں متوجہ کرنے کے لیے زیادہ تنخواہیں پیش کرتی ہیں۔اس کے برعکس جن صنعتوں میں ملازمین کی سپلائی زیادہ ہوتی ہے وہاں تنخواہیں نسبتاً کم رکھی جاتی ہیں۔

(e) حریفوں کے معاوضہ کے طریقے(Competitor Compensation Practices): کمپنیاں مارکیٹ میں مسابقتی رہنے کے لیے اجرتی سروے(Salary Surveys)اور حریفوں کے معاوضہ ڈھانچوں (Competitor Compensation Structures)کا تجزیہ کرتی ہیں۔پرکشش تنخواہیں اور فوائد فراہم کرنا تنظیموں کو بہترین ٹیلنٹ برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

(f) رہن سہن کی لاگت اور جغرافیائی محل وقوع(Cost of Living and Geographic Location): بڑے شہروں (Metropolitan Cities) اور مہنگے علاقوں میں ملازمین کو زیادہ تنخواہیں دی جاتی ہیں جبکہ چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں میں اجرت نسبتاً کم ہو سکتی ہے۔ تنظیمیں معاوضہ ڈھانچے کو رہن سہن کے اخراجات (Cost of Living Differences)کے مطابق ترتیب دیتی ہیں۔

(g) گلوبلائزیشن اور بین الاقوامی اجرت کے رجحانات(Globalization and International Pay Trends): کثیر القومی کمپنیاں (Multinational Companies) مختلف ممالک میں کام کرتے وقت کرنسی کی شرح تبادلہ (Currency Exchange Rates)مقامی لیبر قوانین(Local Labor Laws) اور بین الاقوامی معاوضہ کے رجحانات (International Compensation Trends) کو مد نظر رکھتی ہیں تاکہ عالمی سطح پر مناسب معاوضہ ڈھانچے ترتیب دیے جا سکیں۔

معاوضہ کی منصوبہ بندی (Compensation Planning) ایک پیچیدہ عمل ہے جو مختلف داخلی اور بیرونی عوامل سے متاثر ہوتا ہے۔ایک متوازن معاوضہ منصوبہ تنظیموں کے لیے منصفانہ مسابقتی اور کاروباری مقاصد کے مطابق ہونا ضروری ہے جبکہ قانونی اور

معاشی شرائط (Legal and Economic Conditions) کی بھی تعمیل کرے۔ تنظیموں کو اپنی معاوضہ حکمت عملیوں کا مسلسل جائزہ لینا اور ایڈجسٹ کرنا چاہیے تاکہ وہ ملازمین کے لیے پرکشش اور مارکیٹ میں مسابقتی رہ سکیں۔

## 10.8 معاوضہ مینجمنٹ کے موجودہ رجحانات(Trends in Compensation Management)

معاوضہ مینجمنٹ(Compensation Management)تنظیموں کے لیے ایک اہم پہلو بن چکا ہے جو نہ صرف ملازمین کی اطمینان(Job Satisfaction)بلکہ تنظیمی کامیابی(Organizational Success)پر بھی اثرانداز ہوتا ہے۔ آج کی بدلتی ہوئی معاشی صورتحال ٹیکنالوجی کی ترقی اور ملازمین کی بدلتی توقعات کے باعث معاوضہ کے روایتی ماڈلز تیزی سے جدید اور لچکدار ماڈلز میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ تنظیمیں اب ایک ایسے معاوضہ نظام کو اپنا رہی ہیں جو نہ صرف تنخواہوں پر مرکوز ہو بلکہ کارکردگی مہارت اور ملازمین کی ضروریات کے مطابق ہو۔

جدید دور میں معاوضہ کی شفافیت اور مساوات (Pay Transparency and Equity) ایک اہم رجحان بن چکا ہے۔ بہت سی تنظیمیں تنخواہ کی تفصیلات کو واضح طور پر بیان کرنے کی پالیسی اختیار کر رہی ہیں تاکہ ملازمین میں اعتماد پیدا ہو اور اجرت میں کسی بھی قسم کے امتیاز کو ختم کیا جا سکے۔ خاص طور پر حکومتیں اور کمپنیاں صنفی اجرت کے فرق (Gender Pay Gap) کو کم کرنے اور مساوی کام کے لیے مساوی اجرت (Equal Pay for Equal Work) کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ کئی کمپنیاں اپنی ملازمت کی فہرستوں میں تنخواہ کی حدوں کو عام کرنے لگی ہیں تاکہ امیدواروں کو تنخواہ کے بارے میں پہلے سے معلومات حاصل ہوں۔

کارکردگی پر مبنی اور متغیر اجرت (Performance-Based and Variable Pay) بھی ایک نمایاں رجحان کے طور پر سامنے آیا ہے۔ تنظیمیں اب "کارکردگی کے بدلے اجرت (Pay-for-Performance) "ماڈل کی طرف بڑھ رہی ہیں جہاں ملازمین کو ان کی پیداواری صلاحیت کامیابیوں اور تنظیمی ترقی میں شراکت کے مطابق انعام دیا جاتا ہے۔ انسینٹیو پر مبنی اجرت (Incentive-Based Pay) جیسے کہ بونس کمیشنز اور منافع میں شراکت اب زیادہ مقبول ہو چکے ہیں۔ مزید برآں مہارت پر مبنی اجرت (Skill-Based Pay) کے ذریعے ملازمین کو نئی مہارتیں حاصل کرنے پر انعام دیا جاتا ہے جبکہ اسٹاک آپشنز (Stock Options)اور ایکویٹی معاوضہ (Equity Compensation) خاص طور پر اسٹارٹ اپس اور ٹیکنالوجی کمپنیوں میں ہائی پرفارمنس ملازمین کو متوجہ کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں۔

لچکدار فوائد اور ذاتی نوعیت کے معاوضہ پیکیجز (Flexible Benefits and Personalized Compensation Packages) بھی آج کے دور میں ایک ناگزیر پہلو بن چکے ہیں۔ ملازمین اب اپنی مخصوص ضروریات کے مطابق معاوضہ پیکیجز کو ترجیح دیتے ہیں اس لیے بہت سی تنظیمیں ایسے لچکدار فوائد فراہم کر رہی ہیں جو ملازمین کو انتخاب کی آزادی دیتے ہیں۔ ان میں صحت اور فلاح و بہبود کے فوائد جیسے کہ جم ممبرشپ ذہنی صحت کے پروگرام اور ورچوئل ہیلتھ کیئر شامل ہیں۔ مزید برآں بہت سی تنظیمیں

تنخواہ کے ساتھ چھٹیوں (Paid Time Off - PTO) کی پالیسیاں بھی اپنا رہی ہیں جو ملازمین کو اپنی ضرورت کے مطابق چھٹی لینے کی اجازت دیتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تعلیم اور مہارت کے فروغ کے فوائد بھی معاوضہ پیکج کا حصہ بنتے جا رہے ہیں جیسے ٹیوشن ری ایمبرسمنٹ اور پروفیشنل سرٹیفیکیشنز تاکہ ملازمین کی پیشہ ورانہ ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

ریموٹ ورک (Remote Work) کے بڑھنے کے ساتھ تنظیمیں جغرافیائی بنیاد پر تنخواہ میں ایڈجسٹمنٹ (Geographic-Based Pay Adjustments) کر رہی ہیں۔ کچھ کمپنیاں رہن سہن کے اخراجات کے مطابق مختلف علاقوں میں تنخواہوں کو ایڈجسٹ کر رہی ہیں تاکہ مقامی اقتصادی عوامل کے مطابق معاوضہ دیا جا سکے۔ دوسری طرف کچھ تنظیمیں عالمی سطح پر بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے مقام سے قطع نظر ایک جیسی اجرت (Uniform Pay) کی پالیسی اپنا رہی ہیں۔

مجموعی طور پر معاوضہ مینجمنٹ کے جدید رجحانات ایک زیادہ شفاف کارکردگی پر مبنی اور لچکدار معاوضہ نظام کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ تنظیمیں ان رجحانات کو اپناتے ہوئے بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہیں ملازمین کی کارکردگی میں اضافہ کر سکتی ہیں اور مارکیٹ میں اپنی مسابقت برقرار رکھ سکتی ہیں۔ ایک جدید اور متحرک معاوضہ نظام نہ صرف تنظیم کی مالی کامیابی کو یقینی بناتا ہے بلکہ ملازمین کی مجموعی فلاح و بہبود کو بھی فروغ دیتا ہے۔

## 10.9 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) کے بنیادی تصور اور مفہوم کو واضح طور پر سمجھ چکے ہیں۔ طلبہ معاوضہ اور معاوضہ مینجمنٹ کے معنی میں فرق کرتے ہوئے اس کے مقاصد اور تنظیمی سطح پر اس کی اہمیت بیان کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ معاوضہ منصوبے کو متاثر کرنے والے عوامل کا تجزیہ کر سکتے ہیں اور منصفانہ، مسابقتی اور مؤثر معاوضہ نظام کی تشکیل میں ان کے کردار کو سمجھ چکے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، طلبہ معاوضہ مینجمنٹ کے موجودہ رجحانات سے واقف ہو چکے ہیں اور بدلتے ہوئے کاروباری ماحول میں معاوضہ پالیسیوں کی اہمیت کو واضح کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکے ہیں۔

## 10.10 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

1۔ معاوضہ مینجمنٹ کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

2۔ سادہ الفاظ میں معاوضہ (Compensation) کی تعریف کریں۔

3۔ کسی بھی دو داخلی عوامل (Internal Factors) کے نام بتائیں جو معاوضہ منصوبے کو متاثر کرتے ہیں۔

4۔ معاوضہ مینجمنٹ میں "اجرت میں شفافیت (Pay Transparency) " سے کیا مراد ہے؟

5۔ کارکردگی پر مبنی اجرت (Performance-Based Pay) کی ایک مثال دیں۔

6۔ معاوضہ پیکجز میں "لچکدار فوائد (Flexible Benefits) " سے کیا مراد ہے؟

7۔ کس قسم کا معاوضہ اسٹاک آپشنز (Stock Options) کی صورت میں دیا جاتا ہے؟
8۔ جغرافیائی بنیاد پر اجرت (Geographic-Based Pay) ریموٹ ملازمین کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟
9۔ براہ راست معاوضہ(Direct Compensation)اور بالواسطہ معاوضہ(Indirect Compensation)میں کیا فرق ہے؟
10۔ کسی معاوضہ منصوبے میں بیرونی مساوات (External Equity) کیوں اہم ہے؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1۔ معاوضہ مینجمنٹ کے کلیدی مقاصد کی وضاحت کریں اور مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔
2۔ ان تین داخلی عوامل (Internal Factors) پر بحث کریں جو کسی تنظیم کے معاوضہ منصوبے کو متاثر کرتے ہیں۔
3۔ تنظیمیں کس طرح اندرونی اور بیرونی مساوات (Internal and External Equity) کے ذریعے معاوضہ میں انصاف کو یقینی بناتی ہیں؟
4۔ ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) اور ملازمت کے اطمینان (Job Satisfaction) میں معاوضہ مینجمنٹ کا کردار بیان کریں۔
5۔ کارکردگی پر مبنی اجرتی نظام (Performance-Based Pay System) کو اپنانے کے کیا فوائد ہیں

طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1۔ معاوضہ مینجمنٹ کی تعریف کریں اور جدید تنظیموں میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔
2۔ معاوضہ منصوبہ بندی پر اثرانداز ہونے والے داخلی اور خارجی عوامل (Internal and External Factors) پر تفصیل سے تبادلہ خیال کریں اور متعلقہ مثالیں دیں۔
3۔ معاوضہ مینجمنٹ میں موجودہ رجحانات (Current Trends) کیا ہیں؟ تین رجحانات کو تفصیل سے بیان کریں۔
4۔ معاوضہ مینجمنٹ تنظیمی کامیابی(Organizational Success)میں کس طرح معاون ثابت ہوتا ہے؟ایک جامع تجزیہ پیش کریں۔
5۔ روایتی اجرتی ڈھانچوں(Traditional Salary Structures)اور جدید لچکدار معاوضہ ماڈلز (Modern Flexible Compensation Models)کے درمیان فرق واضح کریں۔

# اکائی 11۔ معاوضہ مینجمنٹ-II

(Compensation Management-II)

اکائی کے اجزا

11.0 تمہید (Introduction)
11.1 مقاصد (Objectives)
11.2 اجرت/ تنخواہی تفاوت (Wage/Salary Differentials)
11.3 اجرت/ تنخواہی تفاوت کی اقسام (Types of Wage/Salary Differentials)
11.4 اجرت/ تنخواہی تفاوت کی اہمیت (Importance of Wage/Salary Differentials)
11.5 تنخواہ کے اجزاء (Components of Salary)
11.6 انسینٹیوز اور فوائد (Incentives and Benefits)
11.7 انسینٹیوز کی اقسام (Types of Incentives)
11.8 ملازمتی فوائد (Employee Benefits)
11.9 ملازمتی فوائد کی اقسام (Types of Employee Benefits)
11.10 فرنج بینیفٹس: ایک مختصر نوٹ (Fringe Benefits: A Brief Note)
11.11 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)
11.12 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

## 11.0 تمہید (Introduction)

یونٹ 10 میں ہم نے معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) کے بنیادی پہلوؤں کا مطالعہ کیا جن میں اس کا تصور مقاصد اہمیت کلیدی اثر انداز ہونے والے عوامل اور ابھرتے ہوئے رجحانات شامل تھے۔ ایک منظم معاوضہ نظام ملازمین کو متوجہ (Attract) برقرار رکھنے (Retain) اوران کی حوصلہ افزائی (Motivate) کے لیے نہایت اہم ہے جبکہ روزگار کی منڈی میں انصاف (Fairness) اور مسابقت (Competitiveness) کو بھی یقینی بناتا ہے۔

انہی اصولوں کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے یونٹ 11 معاوضہ کے مخصوص اجزاء پر توجہ مرکوز کرتا ہے جن میں اجرت اور تنخواہی تفاوت(Wage and Salary Differentials) تنخواہ کے ڈھانچے(Salary Structures) اور ملازمین کو دی جانے والی مختلف مراعات اور فوائد (Incentives and Benefits) شامل ہیں۔ تنظیمیں صرف بنیادی تنخواہوں (Basic Salaries)پر انحصار نہیں کرتیں بلکہ جامع معاوضہ پیکجز (Comprehensive Compensation Packages) ڈیزائن کرتی ہیں جن میں مالی اور غیر مالی انسینٹیوز (Financial and Non-Financial Incentives) شامل ہوتے ہیں تاکہ ملازمین کے ملازمت سے اطمینان (Job Satisfaction) اور کارکردگی (Performance) کو بہتر بنایا جاسکے۔

## 11.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- اجرت اور تنخواہی تفاوت کو سمجھنا
- تنخواہ کے اجزاء کا تجزیہ کرنا
- مالی اور غیر مالی انسینٹیوز میں فرق
- فرینج بینیفٹس کی اہمیت کی وضاحت

## 11.2 اجرت/ تنخواہی تفاوت(Wage/Salary Differentials)

### اجرت/ تنخواہی تفاوت کا مفہوم(Meaning of Wage/Salary Differentials)

اجرت یا تنخواہی تفاوت (Wage or Salary Differentials) سے مراد وہ فرق ہے جو ملازمین کو ان کی ملازمت کے کردار(Job Role) صنعت(Industry) مہارت کی سطح(Skill Level) تجربہ(Experience) مقام (Location)اور تنظیمی پالیسیوں (Company Policies) کی بنیاد پر دی جانے والی اجرت یا تنخواہ میں پایا جاتا ہے۔ یہ فرق اقتصادی تنظیمی اور مارکیٹ سے متعلق عوامل کی وجہ سے موجود ہوتے ہیں جو مختلف شعبوں اور ملازمتوں میں معاوضہ ڈھانچے (Compensation Structures)کو متاثر کرتے ہیں۔

سادہ الفاظ میں اجرت/ تنخواہی تفاوت کی وضاحت کرتی ہے کہ کیوں کچھ ملازمین دوسروں کے مقابلے میں زیادہ تنخواہ حاصل کرتے ہیں چاہے وہ ایک ہی تنظیم (Organization) یا صنعت (Industry) میں کام کررہے ہوں۔ یہ فرق انصاف (Fairness) کو برقرار رکھنے بہترین ٹیلنٹ کو متوجہ (Attract) کرنے اور ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) کے لیے ضروری ہے۔

## 11.3 اجرت/تنخواہی تفاوت کی اقسام(Types of Wage/Salary Differentials)

a) جغرافیائی یاعلاقائی تفاوت(Geographical or Regional Differentials)

تنخواہیں مختلف مقامات پر رہن سہن کے اخراجات (Cost of Living) کی بنیاد پر مختلف ہوتی ہیں۔عام طور پر میٹروپولیٹن شہروں میں کام کرنے والے ملازمین کو دیہی علاقوں میں کام کرنے والوں کے مقابلے میں زیادہ تنخواہ دی جاتی ہے۔ مثال :ایک سافٹ ویئر انجینئر (Software Engineer) نیویارک میں کسی چھوٹے شہر کے انجینئر کے مقابلے میں زیادہ کماتا ہے کیونکہ وہاں کے اخراجات زیادہ ہوتے ہیں۔

b) صنعت پر مبنی تفاوت(Industry-Based Differentials)

مختلف صنعتوں میں تنخواہوں کا ڈھانچہ طلب(Demand) منافع بخش ہونے(Profitability) اور لیبر کی ضروریات (Labor Requirements)کے مطابق مختلف ہوتا ہے۔ مثال :آئی ٹی (IT) اور فنانس (Finance) کے شعبے کے ماہرین عام طور پر ہاسپٹیلیٹی (Hospitality) یا ریٹیل (Retail) سیکٹر کے ملازمین کے مقابلے میں زیادہ کماتے ہیں۔

c) مہارت پر مبنی تفاوت(Skill-Based Differentials)

جن ملازمین کے پاس خصوصی مہارتیں (Specialized Skills) یا زیادہ تعلیمی قابلیت (Higher Qualifications)ہوتی ہیں انہیں بنیادی مہارتوں کے حامل افراد سے زیادہ تنخواہ دی جاتی ہے۔ مثال :ایک ڈیٹا سائنٹسٹ (Data Scientist)کسی جنرل آفس کلرک (General Office Clerk) کے مقابلے میں زیادہ کماتا ہے کیونکہ اس کے پاس زیادہ تکنیکی اور تجزیاتی مہارتیں ہوتی ہیں۔

d) تجربے پر مبنی تفاوت(Experience-Based Differentials)

زیادہ تجربہ رکھنے والے ملازمین کو ان کی ماہرانہ صلاحیتوں (Expertise) اور سینیئرٹی (Seniority) کی بنیاد پر زیادہ تنخواہ دی جاتی ہے۔ مثال :ایک 10 سال کے تجربے والا مینیجر کسی نئے گریجویٹ کے مقابلے میں زیادہ کماتا ہے چاہے دونوں ایک ہی عہدے پر کام کر رہے ہوں۔

e) صنفی تفاوت(Gender-Based Differentials - Wage Gap)

کچھ صنعتوں میں مردوں اور عورتوں کے درمیان اجرت میں فرق پایا جاتا ہے حالانکہ وہ ایک جیسے کردار ادا کر رہے ہوتے ہیں۔
نوٹ :اب بہت سی تنظیمیں برابری کی اجرت کی پالیسیاں (Equal Pay Policies) اپنا رہی ہیں تاکہ اس فرق کو ختم کیا جاسکے۔

f) بین الشراکتی تفاوت(Inter-Company Differentials)

مختلف تنظیموں میں ایک ہی صنعت (Same Industry) کے اندر بھی اجرتی تفاوت پایا جا سکتا ہے۔ مثال: ایک کثیر القومی کمپنی (Multinational Corporation - MNC) کسی چھوٹے اسٹارٹ اپ (Small Startup) کے مقابلے میں اسی عہدے کے لیے زیادہ تنخواہ پیش کر سکتی ہے۔

g) یونین اور غیر یونین ملازمین کے درمیان تفاوت(Union vs. Non-Union Differentials)

وہ ملازمین جو لیبر یونینز (Labor Unions) میں شامل ہوتے ہیں عام طور پر غیر یونین ملازمین کے مقابلے میں زیادہ اجرت اور بہتر فوائد حاصل کرتے ہیں۔ مثال: حکومتی اداروں (Government Jobs) یا بڑے مینوفیکچرنگ پلانٹس (Large Manufacturing Plants) میں کام کرنے والے ملازمین عام طور پر زیادہ بہتر تنخواہیں اور مراعات حاصل کرتے ہیں کیونکہ ان کی اجرت یونین مذاکرات (Union Negotiations) کے ذریعے طے کی جاتی ہے۔

اجرت/تنخواہی تفاوت مختلف معاشی(Economic) صنعتی(Industrial) تنظیمی(Organizational) اور جغرافیائی (Geographical) عوامل کی بنیاد پر پیدا ہوتے ہیں۔ تنظیمیں ان تفاوتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے معاوضہ کے ڈھانچے (Compensation Structures) کو اس طرح ڈیزائن کرتی ہیں کہ وہ ملازمین کے لیے پر کشش ہوں جبکہ کاروباری مقاصد اور مارکیٹ کے رجحانات کے مطابق بھی ہوں۔ یہ تفاوت انصاف (Fairness) کو یقینی بنانے مسابقت (Competitiveness) کو برقرار رکھنے اور ملازمین کی حوصلہ افزائی (Employee Motivation) میں معاون ثابت ہوتے ہیں جس سے تنظیمی ترقی (Organizational Growth) اور افرادی قوت کی تسلی (Workforce Satisfaction) میں اضافہ ہوتا ہے۔

## 11.4 اجرت/تنخواہی تفاوت کی اہمیت(Importance of Wage/Salary Differentials)

اجرت/تنخواہی تفاوت (Wage/Salary Differentials) تنظیموں کے معاوضہ مینجمنٹ (Compensation Management) کا ایک اہم حصہ ہیں جو مختلف عوامل کی بنیاد پر ملازمین کی تنخواہوں میں فرق کو منظم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ تفاوت تنظیموں کو مسابقتی (Competitive) اور ملازمین کو مطمئن رکھنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ان کی اہمیت درج ذیل نکات میں بیان کی جا سکتی ہے:

1۔ ہنر مند ملازمین کو متوجہ اور برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے(Attracts and Retains Skilled Employees): مسابقتی تنخواہ (Competitive Pay) ہنر مند اور باصلاحیت ملازمین کو تنظیم میں شامل ہونے اور طویل مدت تک برقرار رہنے کی ترغیب دیتی ہے۔

2۔ تجربہ مہارت اور کارکردگی کے مطابق منصفانہ اجرت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے (Encourages Fair Compensation Based on Experience, Skills, and Performance): اجرتی تفاوت اس بات

کو یقینی بناتے ہیں کہ ملازمین کو ان کی مہارت(Skills) تجربے(Experience) اور کارکردگی (Performance) کے مطابق مناسب معاوضہ دیا جائے جو انصاف (Fairness) کے اصول کو برقرار رکھتا ہے۔

3۔ مارکیٹ اور معاشی حالات کی عکاسی کرتا ہے (Reflects Market and Economic Conditions to Ensure Sustainable Wage Structures): اجرت کے تفاوت مارکیٹ کے رجحانات (Market Trends)اور معیشت کی صورتحال (Economic Conditions) کے مطابق اجرتی ڈھانچوں (Wage Structures)کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں تاکہ تنظیم کے لیے مالیاتی استحکام (Financial Sustainability) کو یقینی بنایا جاسکے۔

4۔ ملازمین کو مہارت اور محنت کا انعام دے کر حوصلہ افزائی کرتا ہے (Motivates Employees by Rewarding Expertise and Hard Work):اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے اور ہنر مند ملازمین کو زیادہ اجرت دینا ان کی حوصلہ افزائی (Motivation) کو بڑھاتا ہے جس سے وہ مزید محنت اور مہارت میں بہتری کے لیے متحرک ہوتے ہیں۔

5۔ کمپنی کو روزگار کی منڈی میں مسابقتی رکھتا ہے (Helps Companies Remain Competitive in the Job Market): تنظیمیں اپنے اجرتی ڈھانچوں کو مارکیٹ کی مسابقت (Market Competitiveness) کے مطابق ڈیزائن کرتی ہیں تاکہ بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کر سکیں اور ملازمین کی بھرتی اور برقرار رکھنے کے عمل کو مضبوط بنا سکیں۔

اجرت/ تنخواہی تفاوت معاوضہ مینجمنٹ کا ایک فطری حصہ ہیں جو یہ یقینی بناتے ہیں کہ ملازمین کو ان کی خدمات (Contribution)مہارت(Skills) اور مارکیٹ کی طلب (Market Demand) کے مطابق منصفانہ ادائیگی کی جائے۔ تنظیموں کو اپنے اجرتی ڈھانچوں (Pay Structures) کو احتیاط سے ڈیزائن کرنا چاہیے تاکہ وہ انصاف(Fairness) ملازمین کی حوصلہ افزائی(Motivation) اور قانونی تقاضوں (Legal Compliance) کو برقرار رکھیں جبکہ مارکیٹ میں اپنی مسابقت (Competitiveness)کو بھی یقینی بنائیں۔

## 11.5 تنخواہ کے اجزاء(Components of Salary)

تنخواہ (Salary) وہ کل معاوضہ ہے جو کسی ملازم کو اس کے کام کے بدلے میں ایک آجر فراہم کرتا ہے۔ یہ مختلف اجزاء پر مشتمل ہوتی ہے جنہیں عام طور پر مستقل اجزاء(Fixed Components)متغیر اجزاء(Variable Components) اور فوائد/مراعات (Benefits/Perks) میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ان اجزاء کو سمجھنا آجر اور ملازمین دونوں کے لیے تنخواہ کے ڈھانچے کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

1۔ مستقل اجزاء(Guaranteed Pay - Fixed Components)

یہ اجزاء کسی ملازم کی بنیادی تنخواہ کا حصہ ہوتے ہیں اور کارکردگی سے قطع نظر باقاعدگی سے ادا کیے جاتے ہیں۔

a) بنیادی تنخواہ(Basic Salary): یہ ملازم کی کل تنخواہ کا بنیادی حصہ ہوتا ہے اور معاوضہ ڈھانچے کی بنیاد بنتا ہے۔ یہ ایک مقررہ رقم ہوتی ہے اور کارکردگی (Performance) کی بنیاد پر تبدیل نہیں ہوتی۔ دیگر اجزاء جیسے الاؤنسز (Allowances) اور پراویڈنٹ فنڈ (PF) بنیادی تنخواہ کے ایک مخصوص فیصد کے طور پر شمار کیے جاتے ہیں۔

b) مہنگائی بھتہ(Dearness Allowance - DA): ملازمین کو مہنگائی اور رہائشی اخراجات (Inflation and Cost of Living) میں اضافے کے مطابق معاوضہ فراہم کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔عام طور پر سرکاری ملازمتوں (Government Jobs)اور عوامی شعبے میں زیادہ عام ہوتا ہے۔یہ بنیادی تنخواہ کے ایک مخصوص فیصد (Percentage) کے طور پر دیا جاتا ہے۔

c) کرایہ بھتہ(House Rent Allowance - HRA): ملازمین کو ان کے رہائشی اخراجات (Rental Expenses)پورا کرنے کے لیے فراہم کیا جاتا ہے۔ اس کا دارومدار اس شہر پر ہوتا ہے جہاں ملازم کام کر رہا ہے اور بڑے شہروں میں اس کی رقم زیادہ ہوتی ہے۔ جو ملازمین اپنے گھروں میں رہتے ہیں وہ HRA کے لیے اہل نہیں ہوتے۔

d) سفری بھتہ(Conveyance Allowance): ملازمین کو سفر کے اخراجات (Daily Travel Expenses) پورا کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔ کچھ کمپنیاں اس کے بجائے ایندھن کی ادائیگی (Fuel Reimbursements) فراہم کرتی ہیں۔

e) دیگر مقررہ الاؤنسز(Other Fixed Allowances): طبّی الاؤنس(Medical Allowance)ملازمین کی طبّی اخراجات پورا کرنے میں مدد دیتا ہے۔ چھٹی کے سفر کا الاؤنس :(Leave Travel Allowance - LTA) ملازمین کو سالانہ چھٹیوں کے دوران سفر کے اخراجات پورا کرنے کے لیے دیا جاتا ہے (کچھ شرائط کے تحت ٹیکس سے مستثنیٰ ہوتا ہے)۔ شہری معاوضہ الاؤنس :(City Compensatory Allowance - CCA) مہنگے شہروں میں رہنے والے ملازمین کو اضافی اخراجات پورا کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔

2۔ متغیر اجزاء(Performance-Linked Pay - Variable Components)

یہ اجزاء ملازم کی کارکردگی(Performance) کمپنی کے منافع(Company Profits) اور کاروباری اہداف (Business Goals)پر منحصر ہوتے ہیں۔

a) بونس(Bonus): ملازمین کو ان کی کمپنی میں کارکردگی اور شراکت کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔ یہ سالانہ(Annual) تہواروں (Festival-Based)یا کارکردگی پر مبنی (Performance-Based) ہو سکتا ہے۔

b) انسینٹیوز اور کمیشنز(Incentives and Commissions): ملازمین کو ان کے اہداف مکمل کرنے یا زیادہ فروخت (Sales Revenue)حاصل کرنے پر انسینٹیوز دیے جاتے ہیں۔عام طور پر سیلز مارکیٹنگ اور فنانس (Sales, Marketing, and Finance)کے شعبوں میں زیادہ عام ہے۔مثال :ایک سیلز ایگزیکٹو اپنی فروخت پر کمیشن کماتا ہے۔

c) منافع میں شراکت(Profit-Sharing): کچھ تنظیمیں ملازمین کو کاروباری کامیابی میں شراکت دار بنانے کے لیے اپنے منافع کا ایک حصہ دیتی ہیں۔اس سے ملازمین کو تنظیم کے مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں مدد ملتی ہے۔

d) اسٹاک آپشنز(Employee Stock Ownership Plans - ESOPs): کچھ کمپنیاں خاص طور پر اسٹارٹ اپس (Startups)اور ملٹی نیشنل کمپنیز(MNCs) ملازمین کو کمپنی کے شیئرز دینے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔اس کے ذریعے ملازمین کمپنی کی ترقی سے براہ راست فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

3۔ فوائد اور مراعات(Non-Salary Components - Benefits and Perks)

یہ وہ اضافی مراعات ہیں جو ملازمین کو ان کی تنخواہ کے علاوہ دی جاتی ہیں۔

a) ریٹائرمنٹ فوائد(Retirement Benefits)

- پراویڈنٹ فنڈ(Provident Fund - PF): ملازم اور آجر دونوں کی طرف سے ریٹائرمنٹ کے لیے بچت میں دیا جانے والا تعاون۔
- گریچوئٹی(Gratuity): ایک مخصوص مدت تک کمپنی کے ساتھ کام کرنے کے بعد ملازم کو دیا جانے والا لمسم (Lump Sum)معاوضہ۔
- پنشن پلانز(Pension Plans): کچھ کمپنیاں ملازمین کے لیے ریٹائرمنٹ کے بعد کی مالی منصوبہ بندی کی پیشکش کرتی ہیں۔

b) انشورنس اور صحت کی سہولیات(Insurance and Healthcare Benefits)

- صحت بیمہ(Health Insurance): ملازمین اور بعض اوقات ان کے خاندان کے لیے طبّی اخراجات کا احاطہ کرتا ہے۔
- زندگی کا بیمہ(Life Insurance): ملازم کے انتقال کی صورت میں خاندان کے مالی تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔

c) دیگر مراعات(Fringe Benefits & Perks)

- کمپنی کی گاڑی (Company Car) اور ایندھن کی ادائیگی(Fuel Reimbursements)
- میڈیکل واؤچرز یا کھانے کے کوپن(Meal Coupons/Food Allowance)
- جم کی رکنیت فلاحی پروگرامز(Gym Memberships, Wellness Programs)
- بچوں کی تعلیم اور ڈے کیئر کی سہولیات(Childcare and Education Assistance)

d) کام اور زندگی میں توازن کے فوائد(Work-Life Balance Benefits)

- تنخواہ کے ساتھ چھٹیاں(Paid Leaves)سالانہ بیمار زچگی پدری چھٹی وغیرہ
- ریموٹ ورک (Remote Work) اور ہائبرڈ ورک ماڈلز(Hybrid Work Models)
- لچکدار کام کے اوقات(Flexible Working Hours)

ایک اچھی طرح سے تیار کردہ تنخواہ پیکیج میں مستقل اجرت کارکردگی پر مبنی انسینٹیوز اور اضافی فوائد شامل ہوتے ہیں جو ملازمین کی مالی استحکام (Financial Stability) اور ملازمت کے اطمینان (Job Satisfaction) کو یقینی بناتے ہیں۔ آجر (Employers) کو تنخواہ کے ڈھانچے کو حکمت عملی کے ساتھ ڈیزائن کرنا چاہیے تاکہ وہ بہترین ٹیلنٹ کو متوجہ (Attract) برقرار (Retain) اور متحرک (Motivate) رکھ سکیں جبکہ قانونی اور ٹیکس سے متعلقہ پالیسیوں کی تعمیل بھی یقینی بنائیں۔

## 11.6 انسینٹیوز اور فوائد (Incentives and Benefits)

ملازمین کو دیا جانے والا معاوضہ (Employee Compensation) صرف مقررہ تنخواہ (Fixed Salary) تک محدود نہیں ہوتا بلکہ اس میں مختلف انسینٹیوز (Incentives) اور فوائد (Benefits) بھی شامل ہوتے ہیں جو ملازمین کی حوصلہ افزائی (Motivation) ملازمت سے اطمینان (Job Satisfaction) اور پیداواریت (Productivity) میں اضافہ کرتے ہیں۔ یہ اجزاء تنظیموں کو بہترین ٹیلنٹ برقرار رکھنے (Retain Talent) اور ملازمین کی کوششوں کو تنظیمی اہداف (Organizational Goals) کے مطابق کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

**انسینٹیوز کا مفہوم (Meaning of Incentives)**

انسینٹیوز سے مراد وہ مالیاتی (Monetary) یا غیر مالیاتی (Non-Monetary) انعامات ہیں جو اعلیٰ کارکردگی پیداواری صلاحیت یا اہداف کے حصول (Goal Achievement) کو تسلیم کرنے اور حوصلہ افزائی کے لیے ملازمین کو دیے جاتے ہیں۔ مقررہ تنخواہ (Fixed Salary) کے برعکس انسینٹیوز عام طور پر کارکردگی پر مبنی (Performance-Based) ہوتے ہیں اور ملازمین کو مزید متحرک رکھنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

## 11.7 انسینٹیوز کی اقسام (Types of Incentives)

1۔ مالیاتی انسینٹیوز (Financial Incentives - Monetary Rewards)

یہ انسینٹیوز براہ راست مالی فوائد (Direct Monetary Benefits) فراہم کرتے ہیں جو ملازمین کی کارکردگی اور تنظیم میں ان کی شراکت (Contribution) پر مبنی ہوتے ہیں۔

a) کارکردگی پر مبنی بونس (Performance-Based Bonuses): وہ ملازمین جو کارکردگی کے اہداف (Performance Targets) سے تجاوز کرتے ہیں انہیں اضافی بونس دیا جاتا ہے۔ یہ سالانہ (Annual) سہ ماہی (Quarterly) یا منصوبے کی تکمیل (Project-Based) پر دیا جا سکتا ہے۔ مثال :ایک سیلز ایگزیکٹو (Sales Executive) جو اپنی سالانہ فروخت کے ہدف سے زیادہ سیلز کرتا ہے اسے سال کے آخر میں بونس دیا جاتا ہے۔

b) کمیشن(Commission): خاص طور پر سیلز اور مارکیٹنگ (Sales & Marketing) کے شعبوں میں عام ہے۔ ملازمین کو سیلز ریونیو (Sales Revenue) کے ایک مخصوص فیصد کے طور پر کمیشن دیا جاتا ہے۔ مثال :ایک ریئل اسٹیٹ ایجنٹ (Real Estate Agent) ہر فروخت کردہ پراپرٹی پر 2% کمیشن حاصل کرتا ہے۔

c) منافع میں شراکت(Profit-Sharing Plans): کمپنی اپنے سالانہ منافع (Annual Profit) کا ایک مخصوص حصہ ملازمین میں تقسیم کرتی ہے۔ اس سے ملازمین کی شراکت داری (Employee Ownership) اور کاروبار کی ترقی میں دلچسپی بڑھتی ہے۔ مثال :ایک کمپنی اپنے سالانہ منافع کا 10% ملازمین میں تقسیم کرتی ہے تاکہ انہیں مزید متحرک کیا جا سکے۔

d) اسٹاک آپشنز(Stock Options - ESOPs): ملازمین کو کمپنی کے شیئرز (Company Shares) دیے جاتے ہیں تاکہ وہ کمپنی کی ترقی میں براہ راست فائدہ حاصل کر سکیں۔ یہ عام طور پر اسٹارٹ اپس (Startups) اور بڑی کارپوریشنز (MNCs) میں دیا جاتا ہے۔ مثال :ایک کمپنی ملازمین کو اسٹاک آپشنز فراہم کرتی ہے جو وقت کے ساتھ ان کی مالیت میں اضافہ کرتے ہیں۔

e) برقرار رکھنے کے بونس(Retention Bonuses): وہ مالیاتی انسینٹیو جو ملازمین کو لمبے عرصے تک کمپنی کے ساتھ وابستہ رکھنے کے لیے دیا جاتا ہے۔ مثال :ایک آئی ٹی فرم اپنے ملازمین کو 3 سال تک کمپنی میں کام کرنے پر خصوصی بونس دیتی ہے۔

f) اوورٹائم تنخواہ اور اضافی الاؤنسز(Overtime Pay and Extra Allowances): جو ملازمین اپنی معمول کی کام کے اوقات (Working Hours) سے زیادہ کام کرتے ہیں انہیں اضافی تنخواہ دی جاتی ہے۔ مثال :ایک فیکٹری ورکر جو اضافی گھنٹے کام کرتا ہے اسے عام تنخواہ کے مقابلے میں دوگنی اجرت (Double Pay) ملتی ہے۔

2۔ غیر مالیاتی انسینٹیوز(Non-Financial Incentives - Non-Monetary Rewards)

یہ انسینٹیوز ملازمین کی حوصلہ افزائی ملازمت سے اطمینان اور کام کی زندگی کے توازن (Work-Life Balance) کو بہتر بنانے پر مرکوز ہوتے ہیں بغیر کسی براہ راست مالی معاوضے کے۔

a) پہچان اور ایوارڈز(Recognition and Awards): ملازمین کی تعریف (Appreciation) کو عوامی سطح پر اجاگر کیا جاتا ہے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو۔ مثال" :ماہ کے بہترین ملازم (Employee of the Month) "کا اعزاز جس کے ساتھ مراعات بھی دی جاسکتی ہیں۔

b) پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع(Career Growth Opportunities): ملازمین کو ترقی(Promotion) قیادت کے کردار(Leadership Roles) یا پروفیشنل ٹریننگ فراہم کی جاتی ہے۔ مثال :ایک کمپنی ملازم کی ایم بی اے (MBA)ڈگری کے اخراجات برداشت کرتی ہے۔

c) لچکدار کام کے انتظامات(Flexible Work Arrangements): ملازمین کو ریموٹ ورک (Remote Work)ہائبرڈ ورک ماڈل(Hybrid Work Model) یا لچکدار اوقات (Flexible Hours) دیے جاتے ہیں۔ مثال :ایک کمپنی ملازمین کو ہفتے میں دو دن گھر سے کام کرنے کی اجازت دیتی ہے۔

d) ملازمت کی ترقی اور اضافی ذمہ داریاں(Job Enrichment and Increased Responsibility): ملازمین کو زیادہ چیلنجنگ پروجیکٹس (Challenging Projects) یا لیڈرشپ رولز (Leadership Roles)دیے جاتے ہیں۔ مثال :ایک سینئر اینالسٹ (Senior Analyst) کو ٹیم لیڈر کے طور پر ترقی دی جاتی ہے۔

e) فلاح و بہبود کے پروگرام اور ملازمین کی سرگرمیاں( Wellness Programs and Employee Engagement Activities): ملازمین کی جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بنانے کے لیے جم کی رکنیت (Gym Membership)یوگا سیشنز(Yoga Sessions) یا کھیلوں کی سرگرمیاں (Sports Activities) فراہم کی جاتی ہیں۔ مثال :ایک کمپنی ہر ہفتے ملازمین کے لیے فٹنس سیشن کا انعقاد کرتی ہے۔

انسینٹیوز اور فوائد ملازمین کی پیداواری صلاحیت(Productivity) تنظیم کے ساتھ وفاداری(Loyalty) اور تنظیمی کامیابی (Organizational Success) میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ایک جامع معاوضہ پیکج میں مالیاتی اور غیر مالیاتی انسینٹیوز کا توازن ہونا ضروری ہے تاکہ ملازمین کو متوجہ(Attract) برقرار(Retain)اور ان کی کارکردگی کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جاسکے۔ تنظیمیں اپنی انسینٹیوز کی حکمت عملیوں کو مسابقتی مارکیٹ (Competitive Market) اور ملازمین کی توقعات کے مطابق ڈھال کر کاروباری ترقی (Business Growth) کو یقینی بنا سکتی ہیں۔

## 11.8 ملازمتی فوائد(Employee Benefits)

### ملازمتی فوائد کا مفہوم(Meaning of Employee Benefits)

ملازمتی فوائد (Employee Benefits)وہ اضافی مراعات (Additional Perks) ہیں جو آجر کی جانب سے ملازمین کو فراہم کی جاتی ہیں تاکہ ان کی فلاح و بہبود(Well-Being) تحفظ(Security) اور ملازمت سے اطمینان (Job Satisfaction)کو یقینی بنایا جاسکے۔ یہ فوائد تنظیموں کو بہترین ٹیلنٹ کو متوجہ (Attract) کرنے اور طویل مدت تک برقرار رکھنے (Retain)میں مدد دیتے ہیں۔

## 11.9 ملازمتی فوائد کی اقسام(Types of Employee Benefits)

1) مالیاتی فوائد(Financial Benefits)

a) ریٹائرمنٹ فوائد(Retirement Benefits - Provident Fund & Pension Plans): ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے بعد طویل مدتی مالی تحفظ (Long-Term Financial Security) فراہم کرنے کے لیے دیے جاتے ہیں۔

مثال: ایک کمپنی ملازم کی تنخواہ کا 12% پراویڈنٹ فنڈ (PF) میں جمع کر رہی ہے تاکہ وہ ریٹائرمنٹ کے بعد مالی تحفظ حاصل کر سکے۔

b) گریچوئٹی(Gratuity): ایک مخصوص مدت تک کمپنی میں خدمات انجام دینے کے بعد ملازم کو ایک لائفسم رقم (Lump Sum Amount) دی جاتی ہے۔

مثال: ایک کمپنی 5 سال مکمل کرنے پر ملازمین کو گریچوئٹی فراہم کرتی ہے۔

c) قرضے اور ایڈوانسز(Loans and Advances): کچھ کمپنیاں ملازمین کو ذاتی ضروریات کے لیے بغیر سود (Interest-Free) یا کم سود پر قرضے فراہم کرتی ہیں۔

مثال: ایک کمپنی اپنے ملازمین کو گھر یا گاڑی خریدنے کے لیے آسان اقساط پر قرض فراہم کرتی ہے۔

2) صحت اور بیمہ کے فوائد(Health and Insurance Benefits)

a) صحت بیمہ(Health Insurance): ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے طبّی اخراجات (Medical Expenses) کو پورا کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔

مثال: ایک کمپنی اپنے ملازمین کو ₹5 لاکھ کا طبّی انشورنس (Medical Insurance) فراہم کرتی ہے۔

b) زندگی کا بیمہ(Life Insurance): یہ ملازم کی وفات (Death) کی صورت میں اس کے خاندان کو مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

مثال: ایک کمپنی اپنے ملازمین کو ₹10 لاکھ کا لائف انشورنس کور دیتی ہے۔

c) معذوری کا بیمہ(Disability Insurance): وہ ملازمین جو حادثے (Injury) یا بیماری (Illness) کے باعث کام کرنے سے قاصر ہو جاتے ہیں ان کے لیے مالی مدد فراہم کی جاتی ہے۔

مثال: ایک کمپنی زخمی ملازمین کے لیے آمدنی تحفظ (Income Protection) کی سہولت فراہم کرتی ہے۔

d) زچگی اور پدری رخصت(Maternity and Paternity Leave): حاملہ خواتین اور والد بننے والے ملازمین کے لیے تنخواہ کے ساتھ رخصت (Paid Leave) فراہم کی جاتی ہے۔

مثال: ایک کمپنی اپنی خواتین ملازمین کو 6 ماہ کی زچگی کی رخصت فراہم کرتی ہے۔

3) کام اور زندگی میں توازن کے فوائد (Work-Life Balance and Fringe Benefits)

a) تنخواہ کے ساتھ چھٹی (Paid Time Off - PTO): اس میں سالانہ چھٹی (Annual Leave) بیماری کی چھٹی (Sick Leave) اور اتفاقیہ چھٹی (Casual Leave) شامل ہوتی ہے۔

مثال: ایک کمپنی اپنے ملازمین کو سالانہ 30 دن کی تنخواہ کے ساتھ چھٹی فراہم کرتی ہے۔

b) سفری اور رہائشی الاؤنسز (Travel and Housing Allowances): ملازمین کے لیے سفر (Travel) اور رہائش (Housing) کے اخراجات کے لیے مالی مدد فراہم کی جاتی ہے۔

مثال: ایک کمپنی دوسرے شہر منتقل ہونے والے ملازمین کو رہائش کا الاؤنس فراہم کرتی ہے۔

